بستان آصفیہ حصۂ پنجم

یعنی

سلطنت آصفیہ کے متعلق گزشتہ و تازہ ترین
مفید معلومات کا مرقع

مولفہ

مانک راؤ وٹھل راؤ

حیدرآباد دکن ماہ ذیقعدہ سنہ ۱۳۲۲ھ

مطبوعہ چشتیہ پریس چھتہ بازار

قیمت فی جلد مجلد کاغذ قسم اول یکتا عہ ۔ کاغذ کھردا للعہ علاوہ محصول ...

بستان آصفیہ حصہ پنجم

یعنی

سلطنت آصفیہ کے متعلق گزشتہ و تازہ ترین

مفید معلومات کا مرقع

مولفہ


مانک راؤ وٹھل راؤ

حیدرآباد دکن ماہ ذیقعدہ سنہ ۱۳۴۴ھ

مطبوعہ چشتیہ پریس چھتہ بازار

قیمت فی جلد مجلد کاغذ قسم اول چکنا عہ ۔ کاغذ کھرا للعہ علاوہ محصول ڈاک

فہرست مضامین تاریخ بستان آصفیہ حصہ پنجم





تمہید

میرے گذشتہ ۷۱-۱۹۷۰ سال کے دلولہ جنون انگیز کا یہ تازہ ثمرہ ہے جو بستان آصفیہ کے حصۂ پنجم کی صورت میں نذر ناظرین کیا جاتا ہے۔ اس سے پہلے بستان آصفیہ کے چار حصے اور اُن کے خلاصہ کے طور پر خیابان آصفیہ کی ایک جلد شائع کی جا چکی ہے۔ پبلک کی قدر دانی اور عزت افزائی نے میرے حوصلہ کو پست نہیں ہونے دیا۔ باوجود انحطاط قوئ اور ضمحلال طبیعت میں اپنی دُھن میں لگا ہوا ہوں۔ اور جب تک دم میں دم ہے برابر لگا رہونگا۔ قوئ میں ضعف و اضمحلال پیدا ہونے سے واقعات کی تلاش و جستجو میں کسیقدر دشوار یاں ضرور پیش آنے لگی ہیں لیکن قدر دانوں کی اور خلایق عامہ کی نفع رسانی کا خیال عصائے پیری کا کام دیتا ہے۔ جس کے بل بوتے پر چل پھر کر میں بستان آصفیہ کی تدوین کا کام جاری رکھنے کے قابل اپنے آپ کو سمجھتا ہوں۔

اس سال عشرۂ شریف کی تعطیلات میں کسی مواد کی تلاش و جستجو کی نیت سے نہیں بلکہ محض سیر و تفریح کے غرض سے مجھے پونا جانے کا اتفاق ہوا۔ اور وہاں جانے پر مجھے معلوم ہوا کہ بعض قدامت پسند اور علم دوست لوگوں نے وہاں ایک مجلس "بھارت اتھاس سنشودہک منڈلی" کے نام سے قائم کر رکھتی ہے۔ جس کے اراکین ملک کی تاریخ قدیم کے متعلق مواد فراہم کرنے میں اسی طرح مصروف و منہمک ہیں۔ جس طرح کہ میں حیدرآباد کے نظم و نسق اور تاریخ کے واقعات کی تلاش و جستجو میں سرگردان رہتا ہوں۔

چونکہ یہ مجلس اور میں دونوں متفق الاغراض اور ہم مذاق تھے اس لئے قدرتی طور پر اُس نے مجھے اپنی طرف اور میں بآسانی کھنچا ہوا چلا گیا۔ اور اُس سے ایسی دلبستگی

اور دلچسپی پیدا ہوئی کہ جب تک پونے میں میرا قیام رہا میں برابر اُس کی زیارت کرتا رہا
اور اس کی زیارت کے اثناء میں میری نظر سے منجملہ دوسرے قابل قدر تاریخی مواد کے
بہت کچھ نادرالوجود تاریخی مواد سلطنت آصفیہ کے متعلق بھی گذرا جس کو دیکھ میری رال
ٹپک پڑی اور جسقدر مواد کی نقل اس قلیل سے زمانہ میں مجھ سے بن پڑی وہ کرلی۔ بالفعل
اس میں سے کچھ تھوڑا سا مواد بستان آصفیہ کے حصہ زیر بحث میں اردو دان پبلک کی ضیافت طبع کی
غرض سے درج کیا جاتا ہے۔ جس میں ملک دکن کی قدیم تقسیم پر صراحت سے موضع پرگنہ محال۔ سرکار۔
وصوبہ ظاہر کی گئی ہے۔ میرے نزدیک اس سے ہمارے ملک کے لئے یہ فائدہ مترتب ہوگا۔ کہ
معاش داروں کے قدیم اسناد میں جن محالات وسرکارات کا ذکر کیا گیا ہے ان کا صحیح
پتہ اس سے چل سکیگا۔

دوسرا مواد جن کو میں نے بستان آصفیہ کے اس حصہ میں اُس کے موقع ومحل پر درج
کیا ہے۔ سلطنت ہند کے مشخصہ محاصل کے متعلق ہے۔ جس کے دیکھنے سے آسانی کے ساتھ
ایک دو صدی قبل کے ہندوستان کے متمول اور زرخیزی کا نقشہ آنکھوں کے سامنے پھر سکیگا
اگرچہ اکثر مقامات کے قدیم اور موجودہ ناموں کے تصدیق کی حتی الامکان کوشش کیگئی
ہے۔ لیکن اس پر بھی اگر کسی مقام کے نام میں کوئی غلطی نظر آئے تو ناظرین سے التماس ہے
کہ براہ کرم اُس سے مجھے مطلع فرمائیں تاکہ اُس کی اصلاح کیجا سکے۔

بستان آصفیہ کے حصۂ زیر بحث میں ممالک محروسہ سرکار عالی کے قلعوں کی جو فہرست
درج کی گئی ہے وہ بھی ایک نئی چیز ہے۔ اور تاریخی نقطۂ نظر سے بڑے مفید۔

یہ بات بھی اس موقع پر قابل اظہار ہے کہ بستان آصفیہ کے اور دوسرے حصوں کیطرح
اس حصہ میں بھی واقعات کی فراہمی کے متعلق سرکاری کاغذات۔ یعنی جرائد۔ رپورٹوں
سول لسٹوں اور موازنوں سے زیادہ تر کام لیا گیا ہے اور مقامی اخباروں سے بھی مدد لیگئی
ہے۔ تختہ بہائم شماری کے لئے مولوی رحمت اللہ صاحب ناظم امداد وشمار اور تختۂ حفظانِ صحت

بلدہ کے لئے ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر صاحب کو توال بلدہ اور تحفۃ حفظان صحت ملک سرکار عالی کیلئے مسٹر ہرمز جی جمشید جی چینائی ایم ڈی مددگار ناظم طبابت کا بہت بہت شکریہ ادا کیا جاتا ہے کہ ان صاحبوں نے میری درخواست پر مواد مطلوبہ کے بہم پہنچانے میں تامل نہیں فرمایا۔ نیز نواب عنایت جنگ بہادر کا بھی میں بحد مشکور ہوں جو یہاں کے امرا میں ایک بڑے علم دوست اور ممتاز طور پر علمی مذاق رکھتے ہیں جنہوں نے مملکت دکن کی تاریخوں کی ایک بسیط فہرست مرتب کر کے مجھے مرحمت فرمائی ہے جسکو ناظرین اس کتاب میں ملاحظہ فرما کر محظوظ و مستفید ہونگے۔

چند علم دوست حضرات سابق سے میری تالیفات کے موقع پر علمی دستگیری فرمایا کرتے ہیں علیٰ ہذا القیاس اس موقع پر بھی جن معزز دوستوں نے علمی اعانت میں کوتاہی نہیں فرمائی اُن کا میں خاص طور پر مشکور ہوں۔

کتاب ہذا کی جس کاپی نویس صاحب سے کتابت کا کام لیا گیا وہ اخیر وقت میں علیل ہو گئے لھذا چند آخری صفحات و فہرست مضامین و دیباچہ کی کتابت منیجر صاحب چشتیہ پریس چھتہ بازار نے دوسرے کاپی نویس صاحب سے بعجلت ممکنہ کرائے۔ اس لئے دو خط ہو گئے۔


جناب مولوی خواجہ غلام محبوب صاحب چشتی منیجر چشتیہ پریس چھتہ بازار نے کتاب ہذا کی طباعت بلا شکایت پابندی کے انجام دی ہیں جس کا میں شکریہ ادا کرتا ہوں۔

امید کرتا ہوں کہ

دیگر مصنفین صاحبان اس مطبع کو قدر کی نگاہوں سے دیکھیں گے


المرقوم ۵ ماہ ذیحجہ ۱۳۴۳ھ
محلہ حسینی علم - حیدرآباد دکن

سیوک
مانک راؤ وٹھل راؤ
علاقہ دار پائیگاہ نواب سرخورشید جاہ مرحوم و مغفور



حصۂ پنجم

باب اوّل



بارش

سالہا سال سے ممالک محروسہ سرکار عالی مین بارش کی قلت ہی چلی آرہی ہے۔ چنانچہ سنہ ۱۲۸۴ف سے سنہ ۱۳۳۳ف تک ملک سرکار عالی مین جس قدر بارش ہوا کی اس کا اوسط۔ بلدہ اور اُس کے مضافات مین سنہ ۱۳۰۹ف سے سنہ ۱۳۳۳ف تک جو بارش ہوئی وہ مندرجہ تختۂ ہذا ہے۔

تختۂ نزول باران اوسط ملک سرکار عالی وحدود بلدۂ حیدرآباد۔

نشان سلسلہ	سنہ ف	اوسط بارش ملک سرکار عالی - انچہ	اوسط بارش ملک سرکار عالی - حصّہ	حدود بلدۂ حیدرآباد - انچہ	حدود بلدۂ حیدرآباد - حصّہ	نشان سلسلہ	سنہ ف	اوسط بارش ملک سرکار عالی - انچہ	اوسط بارش ملک سرکار عالی - حصّہ	حدود بلدۂ حیدرآباد - انچہ	حدود بلدۂ حیدرآباد - حصّہ
۱	سنہ ۱۲۸۴ف	۶۶	۶۸	نسبت کیفیت کاغذات دستیاب نہین ہوا		۴	سنہ ۱۲۸۷ف	۱۱۸	۲۹	نسبت کیفیت کاغذات دستیاب نہین - ۱۳۰۹ف تک	
۲	سنہ ۱۲۸۵ف	۴۷	۵		”	۵	سنہ ۱۳۰۲ف	۴۸	۲۶		
۳	سنہ ۱۲۸۶ف	۷۵	۱۸			۶	سنہ ۱۳۰۳ف	۳۹	۹۲		”

نشان سلسلہ	سنہ ف	اوسط بارش ملک کا رعایا		حدود بلدہ حیدرآباد		نشان سلسلہ	سنہ ف	اوسط بارش ملک کا رعایا		حدود بلدہ حیدرآباد	
		انچ	حصہ	انچ	حصہ			انچ	حصہ	انچ	حصہ
۷	سنہ ۱۳۰۴ف	۳۱	۲۴	بوجہ نہ ہونے [illegible] معلوم نہین		۲۲	سنہ ۱۳۱۸ف	۳۴	۱۹	۳۰	۵۱
۸	سنہ ۱۳۰۵ف	۲۴	۲۲		ایضاً	۲۳	سنہ ۱۳۱۹ف	۲۶	۶۱	۲۰	۳۱
۹	سنہ ۱۳۰۶ف	۲۹	۸۲			۲۴	سنہ ۱۳۲۰ف	۳۷	۸۲	۲۳	۱۱
۱۰	سنہ ۱۳۰۷ف	۳۰	۸۳			۲۵	سنہ ۱۳۲۱ف	۲۵	۶۷	۲۳	۵۹
۱۱	سنہ ۱۳۰۸ف	۱۵	۳۹			۲۶	سنہ ۱۳۲۲ف	۲۴	۶۴	۲۰	۳۵
۱۲	سنہ ۱۳۰۹ف	۳۰	۴۰	۳۰	۹۷	۲۷	سنہ ۱۳۲۳ف	۲۶	۶۸	۳۹	۹۴
۱۳	سنہ ۱۳۱۰ف لغایتہ ۱۳۱۳ف					۲۸	سنہ ۱۳۲۴ف	۴۴	۵۸	۴۸	۲۵
	اوسط پنج سالہ					۲۹	سنہ ۱۳۲۵ف	۳۵	۴۴	۴۲	۵۴
۱۴	سنہ ۱۳۱۰ف	۲۸	۵۳	۲۸	۵۳	۳۰	سنہ ۱۳۲۶ف	۴۷	۲۸	۴۳	۷۷
۱۵	سنہ ۱۳۱۱ف			۲۵	۳۶	۳۱	سنہ ۱۳۲۷ف	۴۲	۲۱	۲۸	۹۴
۱۶	سنہ ۱۳۱۲ف			۵۶	۹۲	۳۲	سنہ ۱۳۲۸ف	۲۳	۶۸	۲۹	۹۰
۱۷	سنہ ۱۳۱۳ف	۴۱	۴۵	۲۳	۹۵	۳۳	سنہ ۱۳۲۹ف	۲۸	۵۱	۲۸	۱۴
۱۸	سنہ ۱۳۱۴ف	۲۳	۹۸	۳۳	۲۰	۳۴	سنہ ۱۳۳۰ف	۱۵	۲۷	۱۹	۹۹
۱۹	سنہ ۱۳۱۵ف	۲۲	۴۴	۳۰	۵۹	۳۵	سنہ ۱۳۳۱ف	۳۲	۱۱	۱۹	۳۸
۲۰	سنہ ۱۳۱۶ف	۳۱	۹۱	۲۵	۲۲	۳۶	سنہ ۱۳۳۲ف	۲۸	۱۸	۲۳	۸۶
۲۱	سنہ ۱۳۱۷ف	۲۵	۱۵	۳۸	۹۰	۳۷	سنہ ۱۳۳۳ف	۲۵	۸۲	۲۳	۷۰

ملک دکن کی قدیم تقسیم بصراحت موضع و پرگنہ و محال و سرکار و صوبہ

فصل (۲)

ملک دکن کے ابتدائی زمانہ مین اس کی تقسیم دو طرح پر عمل مین لائی گئی تھی یعنی (۱)، وطن داری (۲) ملکی

قدیم وطنی تقسیم مین بڑا حصہ "پرانت" یا ملک" کا تھا۔ اور "پرانت" یا ملک" کی ضمنی تقسیم کو "محال" کہا جاتا تھا اور پرگنے "یا سمت" یہ علاقہ کا قدیم نام تھا۔ جو دیسمکھ اور دیس پانڈیہ کے حقوق پر مشتمل تھے۔ لیکن وطن داران و تنادار نے دیگر ملک و املاک کی طرح ان حقوق کو بھی تقسیم مین شامل کر لیا۔ اسلامی حکومت کی عملداری مین محلات کو "دکریات" طرف" "پٹہ" "گہیرا" کہتے تھے اور انہین نامون سے وہ نامزد بھی ہو چکے تھے۔ نیز عملداری موصوفہ مین جو ملکی تقسیم عمل مین لائی گئی تھی اس مین بڑا حصہ صوبہ کا تھا اور اس طرح صوبہ کی ذیلی تقسیم مین "سرکار" اور سرکار کی ذیلی تقسیم مین "محال یا پرگنہ شامل تھا۔ اور ان مین وطن محال ایک ہی ہوتا تھا۔ اور حکومت نے اس مین کوئی رد و بدل نہین کیا۔ البتہ بعض وقت محال کے ضمن مین صرف "قصبہ" ایک جداگانہ نام رکھا گیا۔

(ماخذ از رسالہ بھارت ورشی بزبان مرہٹی مابتہ چیت شودہ شک ۱۸۱۹ء)

(۱) صوبۂ دارالظفر عرف بیجاپور۔ (۲) محمد آباد عرف بیدر (۳) برار ایلچ پور عرف گاویل پور عرف ایلچپور۔ (۴) دولت آباد عرف خجستہ بنیاد عرف اورنگ آباد (۵) خاندیس عرف برہان پور (۶) فرخندہ بنیاد عرف حیدرآباد۔

ان چھ صوبون کے اور آیندہ بیان شدہ تفصیلی تقسیم کی جمعبندی کے اعداد دئے گئے ہین لیکن اون کو یہان درج نہین کیا گیا ہے۔

(۱) صوبۂ دارالظفر عرف بیجاپور اس کے تحت (۱۸) سرکار تھے اور ان کے نام یہ تھے۔

(۱) دارالظفر عرف بیجاپور۔ (۲) اسد نگر عرف اکلونہ۔ (۳) اعظم پور عرف بیلگاؤن۔ (۴) امتیاج گڈہ عرف اودانی۔ (۵) مصطفیٰ آباد عرف راپول۔ (۶) قاضی پور۔ (۷) فیروز نگر عرف رائچور (۸) نصرت آباد عرف سگر (۹) تاری گل۔ (۱۰) بنیکاپور۔ (۱۱) محمد نگر عرف یکری۔ (۱۲) مود گل۔ (۱۳) مرمود آباد عرف میرض۔ (۱۴) رائے باگ۔ (۱۵) بنی شاہ درگ عرف پنہال۔ (۱۶) گلبرگہ۔ (۱۷) نلدرگ۔ (۱۸) کرناٹک۔

بیجاپور سرکار مین پرگنہ اور محلات سابق مین تیس تھے اُن کے نام یہ تھے۔

(۱) حویلی بیجاپور۔ (۲) انڈی۔ (۳) المیل۔ (۴) اوکہلی۔ (۵) اتھنی۔ (۶) کرجگی۔ (۷) کولہار (۸) کسور کو

(۹) گوٹے۔ (۱۰) چملگی (۱۱) چاندکوٹے۔ (۱۲) کوکٹ نور۔ (۱۳) جت۔ (۱۴) تانبے۔ (۱۵) تینی پور۔ (۱۶) نرگوند۔ (۱۷) بی لولی۔ (۱۸) باگے واڑی عرف یسونا۔ (۱۹) بیدری۔ (۲۰) مولوواڑ۔ (۲۱) ہر (۲۲) سیدہ ناتھ۔ (۲۳) شندگی۔ (۲۴) ہلسنگی۔ (۲۵) پہولسور (۲۶) ہولواٹر۔ (۲۷) ہورتی (۲۸) بیرگی۔ (۲۹) یارڈول۔ (۳۰) منگلدویڑی۔

۲۔ سرکار اسدنگر عرف اکلوزمین (۱۱) محلات تھے اون کے یہ نام تھے۔

(۱) حویلی اکلوز۔ (۲) ویلاپور۔ (۳) اٹ پاڑی (۴) ناظہری۔ (۵) سانگولی۔ (۶) کاٹے گائون اس کے تحت مین سمت بردپوری۔ (۷) ہالوتی۔ (۸) مہوڑ اس کے تحت یہی گاوٗن۔ (۹) لموڑی۔ (۱۰) بودہ پاچے گاوٗن۔ (۱۱) دہی گاوٗن۔ اس کے تحت سمت اسلام پور۔ اس مین محلات کے ضمن مین سمت یہ حصہ لکھا گیا ہے لیکن محلات کو یہی سمت یہہ کہہ سکتے تہے۔

۳۔ سرکار اعظم پور عرف بیلگاوٗن مین (۱۶) محلات تہے۔

(۱) حویلی اعظم پور بیلگاوٗن۔ (۲) اجری۔ (۳) کاپشی۔ (۴) کیوپیپور۔ (۵) رحیم گڈہ عرف گوکاک (۶) شاہ پور۔ (۷) نصری۔ (نیصری) (۸) تو یے۔ (۹) بیلہار عرف کی کھاناپور۔ (۱۰) متولی۔ (۱۱) لادک، ٹ۔ (۱۲) سومتورت (۱۳) صندل گاوٗن۔ (۱۴) ہویلی سمگاوٗن۔ (۱۵) ہوکلی۔

۴۔ سرکار احتیاط گڈہ عرف اودانی مین سات محلات تہے۔

(۱) حویلی اودانی۔ (۲) قمرنگر عرف کنول۔ (۳) کو۔ (توسدو) رگرٹہ (۴) ڈون۔ (۵) بلہاری (۶) تلکوٹ اسطرنقہ سے (۶) نام دئے گئے ہین۔ محلات کے دو قسم کئے گئے ہین۔[۱]

۵۔ سرکار مصطفےٰ آباد عرف وابول مین (۸) محلات تھے۔

(۱) حویلی مصطفےٰ آباد عرف وابول۔ (۲) مظفر آباد عرف رانگن۔ (۳) ریگنا۔ (۴) گوواد (۵) کہاری پاٹن

---

[۱] ایک اصلی محال اور دوسرا داخلی محال۔ اصلی محال سرکاری محلات کو کہتے تہے۔ اور داخلی محال وہ ہوتے تہے جنکا سرکاری کاغذات مین صرف داخلہ ہوتا تہا۔ اور یہ داخلی محلات ممکن ہے کہ بعد مین سرکاری محلات مین بہی شامل کئے گئے ہون۔

(۶) کہیلن عرف ویشال گڑھ۔ (۷) کاٹی۔ (۸) کاشی۔

۶۔ غاضی پور سرکار۔ مین (۲۳) محال تھے اون کے نام یہ تھے۔

(۱) حویلی گانجی پور۔ (۲) ابے ہال۔ (۳) کایل کوٹی۔ (۴) کیپل پور۔ (۵) کہیکار (۶) چانگ کمری۔ (۷) بہلکل۔ (۸) پپل۔ (۹) ہوگن پلی۔ (۱۰) بتیر لجیر۔ (۱۱) بہڈ تیتنور (۱۲) موکا (۱۳) مود لور کالیا۔ (۱۴) موسلواڑ۔ (۱۵) بلگونڈا۔ (۱۶) بلنور۔ (۱۷) اکلکوٹ۔ (۱۸) اخلاص پور عرف خیرال۔ (۱۹) سیدا پور۔ (۲۰) رودہن گونڈی۔ (۲۱) پیدواس۔ (۲۲) راول کوٹ۔ (۲۳) بیرلادار۔

۷۔ فیروز نگر عرف رائچور سرکار مین (۹) محال تھے۔ جن کے یہ نام تھے۔

(۱) حویلی رائچور۔ (۲) بیلور۔ (۳) اینی۔ (۴) کوتال۔ (۵) پرڈ۔ (۶) جالے ہال۔ (۷) یہنو۔ (۸) موسلکات (۹) بلیدڈنا۔

۸۔ سرکار نصرت آباد عرف سگر مین پانچ محال تھے۔

(۱) حویلی نصرت آباد۔ (۲) کیم باڈی۔ (۳) ٹاگر گوگی۔ (۴) تالی کوٹ (۵) دیودرگ۔

۹۔ سرکار تورگل مین (۱۶) محال تھے وہ یہ ہین۔

(۱) حویلی تورگل۔ (۲) آتی چہرا۔ (۳) کیٹرور صلابت خانی۔ (۴) کومود آباد عرف گل گیل۔ (۵) جسکہنڈی۔ (۶) تیرمل۔ (۷) ہیاد نگر۔ (۸) تول گونڈ۔ (۹) بادامی۔ (۱۰) باگے کوٹ (۱۱) جسگی۔ (۱۲) ماسنور۔ (۱۳) موتول گنڈہ۔ (۱۴) یادواڑ۔ (۱۵) کولاکاپور (۱۶) مودہول۔

۱۰۔ بنکاپور سرکار مین (۱۶) محال جن کے نام یہ تھے۔

(۱) حویلی بنکاپور (۲) کوندگول۔ (۳) کارڈگی۔ (۴) کیترن۔ (۵) گدگ۔ (۶) دہارواڑ عرف نصرت آباد۔ (۷) نرگل۔ (۸) مالسور (۹) میسری کوٹ۔ (۱۰) موٹے ہالی۔ (۱۱) لکہمیشور۔ (۱۲) راے حویلی۔ (۱۳) بلہار۔ (۱۴) مامن گل۔ (۱۵) ہری ہر۔ (۱۶) باتے ہلی۔

۱۱۔ سرکار محمد نگر عرف یکری۔ مین (۷) محال تھے اون کے نام یہ تھے۔

(۱) حویلی محمد نگر۔ (۲) گوڑ گنی۔ (۳) جڈا۔ (۴) بارن ہلی۔ (۵) چندپوٹی۔ (۶) مدن ہلی۔ (۷) سودہا۔

۱۲۔ سرکار مودگل کے (۱۳) محال حسب ذیل تھے۔

(۱) حویلی مودگل۔ (۲) ایل گر۔ (۳) کشتگی۔ (۴) کیتھر داڑی۔ (۵) کوپل۔ (۶) کوکنور۔ (۷) تادریک گیرا۔ (۸) گنگادتی۔ (۹) نلدرگ (۱۰) کہلگوندا۔ (۱۱) سیدپور۔ (۱۲) یلگوندا۔ (۱۳) کنکگیری۔

۱۳۔ سرکار مضمرہ آباد عرف میرض کے (۶) محال تھے ان کے نام یہ ہیں۔

(۱) حویلی میرض۔ (۲) کوٹے۔ (۳) اشٹے۔ (۴) تھانہ پور۔ (۵) بیڈکے (۶) جھے سل

۱۴۔ سرکار رائے باگ کے حسب ذیل (۲۲) محال تھے۔

(۱) حویلی رائے باگ۔ (۲) کاگل۔ (۳) کولہاپور۔ (۴) وارونا۔ (۵) والوی۔ (۶) کہتاؤ۔ (۷) اوندہ۔ (۸) انی ہالوتی۔ (۹) وانگی۔ (۱۰) کراڑہ کے ذیلی تھانے شور (۱۱) نیم سوڑ ماٹنی۔ (۱۲) فلٹن۔

۱۵۔ سرکار نبی شاہ درگ عرف پنہاں کے ذیل (۹) محال تھے۔

(۱) حویلی پنہال۔ (۲) اعظم تارا عرف ساتارا۔ (۳) چینڈن۔ (۴) وندن۔ (۵) تاتھوداڑا (۶) وائین۔ (۷) واسوٹا۔ (۸) نصرت آباد عرف پرلی۔ (۹) شیرا لیے ہیتی ساتھیس شیرالیے۔

۱۶۔ سرکار گلبرگہ کا ایک ہی محال ارض بلند طول (۱) (۶۰) کوس۔

۱۷۔ سرکار نلدرگ کے (۸) محال تھے۔

(۱) حویلی نلدرگ۔ (۲) آلند۔ (۳) گنجوٹی (۴) پیٹرہ (۵) نیلنگہ (۶) دہاراسیون (عثمان آباد) (۷) کوہوکی۔ (۸) میدرگی۔

۱۸۔ سرکار کرناٹک میں (۵۴) محال تھے جو حسب ذیل ہیں

(۱) شیردل وغیرہ محال مین دکولسا قصبہ مودلگ شامل شدہ محال۔ (۲) جملہ پانچ۔
(۶) بیل گونڈا۔ (۷) بوربیا ہال۔ (۸) بالاپور کلان۔ (۹) بالاپور خورد۔ (۱۰) سلطان پور عرف بسوا پٹن۔ (۱۱) ہوس کوٹ (۱۲) اسلام پور۔ (۱۳) ارڈا۔ (۱۴) انا گونڈی۔ (۱۵) اُدیر جھٹی۔ (۱۶) الکور۔ (۱۷) مالیدکوٹ۔ (۱۸) ماتاورا۔ (۱۹) بارور۔ (۲۰) بوکارائی سمودر۔ (۲۱) نمیگری۔ (۲۲) ٹیفنگنڈی۔ (۲۳) تیفور۔ (۲۴) تنقلی کوٹ۔ (۲۵) دیاسان پڈہ۔ (۲۶) دیون ہلی۔ (۲۷) کڈی ثان۔ (۲۸) کلکیری۔ (۲۹) نموگنگا۔ (۳۰) رسول پور۔ (۳۱) رن گورگ عرف دیوپور۔ (۳۲) سیدا رن ہلی۔ (۳۳) سوکار سوڈی۔ (۳۴) سوڈی کون۔ (۳۵) سیرنال کاجس عرف سری شیل ملکارجن۔ (۳۶) شنیورشاک ڈیلی (۳۷) شیوگنگا۔ (۳۸) ابیپے کرا۔ (۳۹) گنگا پور۔ (۴۰) کیسور۔ (۴۱) مٹلگیدی (۴۲) ناتی کولہاپ (۴۳) ڈاف فنڈور۔ (۴۴) مایاچاک۔ (۴۵) درن پلی۔ (۴۶) بون بارواڈ۔ (۴۷) کورتنی۔ (۴۸) کوڑمدگی۔ (۴۹) ہرن ہلی۔ (۵۰) ماتم گل۔ (۵۱) نٹ پہل (۵۲) نوپلی (۵۳) وایک پٹن۔ (۵۴) ملے تور۔

تحریر تذکرۃ الصدر کے مطابق صوبۂ بیجاپور کے ماتحت (۱۰) سرکار تعلق رکھتے تھے باموسوم تھے۔
علاوہ ازین اس صوبہ کے تحت مین اور بھی بہت سے چھوٹے بڑے والیان سمستان اور زمیندار تھے اور یہ زمیندار سخت ضرورت کے وقت خراج دیا کرتے اور دیگر وقت خیال کیا جاتا ہے کہ ان کا خود مختار رہنا پایا جاتا ہو اور وہ ان سمستانون اور زمیندارون کے نام یہ ہین۔ اور یہ عامل سمستان سری رنگ پٹن اوراوس کے ماتحت تھے۔

(۱) بیدنور۔ (۲) سودھے سودر۔ (۳) رائے درگ۔ (۴) چترورگ۔ (۵) ہہندی (۶) چارمی ملا۔ (۷) تیرکرا۔ (۸) رتن گیری۔ (۹) تادرگیری۔ (۱۰) کامل واڑ۔

(۱) مدگیرا۔ (۲) نایک پالے۔ (۳) اپنی پہل۔ (۴) ان کوس گیڈی۔ (۵) بہرپن پلی۔ (۶) گنیری۔ (۷) گونور۔ (۸) کھوسی کوٹے۔ (۹) شنکرگیری۔ (۱۰) بلباری وغیرہ محال کے

زمیندار تھے۔

۱۔ **صوبۂ محمد آباد عرف بیدر**۔ اس کی ذیلی تقسیم یعنی (۷) سرکار حسب ذیل تھے۔

(۱) حویلی بیدر۔ (۲) اکل کوٹ۔ (۳) کلیان۔ (۴) رام گری۔ (۵) یادگیر عرف فیروزگڈہ۔ (۶) ناندیڑ۔ (۷) مظفر نگر عرف ملکھیڑ۔

۱۔ **سرکار اوّل حویلی بیدر** مین (۸) محال۔

(۱) حویلی بیدر۔ (۲) اوراد۔ (۳) کارے مونگی۔ (۴) چٹگوپہ۔ (۵) بہالکی (۶) ہٹنور (۷) اکیلی۔ (۸) حسن آباد۔

۲۔ **سرکار دوم اکلکوٹ** مین (۷) محال تھے۔

(۱) حویلی اکلکوٹ۔ (۲) پاگے واڈی عرف محمد نگر۔ (۳) دہات عرف فرخ آباد۔ (۴) اوڈجن۔ (۵) ہیرگے۔ (۶) مثور۔ (۷) ماشال۔

۳۔ **سرکار کلیان** مین دو محال۔ (۱) حویلی کلیان۔ (۲) پرتاب پور۔

۴۔ **سرکار ایگر** مین یہ ایک ہی محال تھا۔

۵۔ **سرکار یادگر عرف فروزگڈہ** ایک محال ہے۔

۶۔ **سرکار ناندیڑ** مین (۳۴) محال حسب ذیل تھے۔

(۱) حویلی ناندیڑ۔ (۲) اودسہ۔ (۳) اردہاپور۔ (۴) اندور (نظام آباد) (۵) اودگیر۔ (۶) کیلوہر۔ (۷) کولباس کوکس۔ (۸) کنترکہنڈ۔ (۹) کوٹ گیر۔ (۱۰) کاسے بوٹ۔ (۱۱) کہڑی ولیاد۔ (۱۲) کہڑکہ۔ (۱۳) خداوندپور۔ (۱۴) جلکوٹ۔ (۱۵) نرمل۔ (۱۶) ٹمبودتی۔ (۱۷) دگے سور۔ (۱۸) دہوروٹ۔ (۱۹) باسر۔ (۲۰) بودہن۔ (۲۱) قندہار۔ (۲۲) بسمت نگر۔ (۲۳) بیڑ۔ (۲۴) داپے (ڈیلے)۔ (۲۵) بہوکرون (۲۶) موگوٹ۔ موتہ کہڑ۔ (۲۷) مودہول۔ (۲۸) بہینسہ۔ (۲۹) ماڈسے۔ (۳۰) راجورہ (احمد پور) (۳۱) لوہاگاؤن (۳۲) فور۔ (۳۳) دان دیپے۔ (۳۴) داواپے۔ (۳۵) والاد (واکاد) (۳۶) واکڈی (۳۷) واکلکوہلا

(۳۸) دیسے (۳۹) سون پیٹھ۔ (۴۰) شیراڑ ہون۔ (۴۱) ساربا ڈ۔ (۴۲) بروہ پلی۔ (۴۳) ہانٹے (۴۴) جنگل۔

۷۔ سرکار مظفر نگر عرف ملکھیڑ مین (۱۴) محال۔

(۱) حویلی مظفر نگر عرف ملکھیڑ۔ (۲) اوٹنور۔ (۳) کالگی۔ (۴) کوڑ دلی۔ (۵) چیتا پور۔ (۶) نرگوڑی۔ (۷) سینڈیا۔ (۸) منگلگی۔ (۹) بربان۔ (۱۰) مکتھل۔ (۱۱) چنچولی۔ (۱۲) امرچنتہ (۱۳) کڈی چور۔ (۱۴) کانکوڑتی۔

(۳) صوبۂ برار۔ ایلچپور عرف گاویلپور عرف ایلچپور مین (۱۳) سرکار تھے وہ یہ ہین۔

(۱) ایلچپور۔ (۲) نرنالا۔ (۳) پوہتر۔ (۴) چاندا۔ (۵) واسیم۔ (۶) اسلام گڈہ عرف دیوگڈہ (۷) کلمب۔ (۸) کہیڈلے۔ (۹) دتیا سواڑی۔ (۱۰) کہڈے۔ (۱۱) میہکر۔ (۱۲) پاتھری یا بے گہاٹ۔ (۱۳) ماہور بالے گہاٹ۔

۱۔ سرکار اوّل ایلچپور مین (۴۵) محال تھے۔

(۱) حویلی گاویل۔ (۲) انجن گاؤن۔ (۳) اشٹی۔ (۴) بجی۔ (۵) اردی۔ (۶) کارنج گاؤن (۷) دیوسے۔ (۸) کارنجے پاٹن۔ (۹) کارنجے بی بی۔ (۱۰) کایر گاؤن۔ (۱۱) کوری۔ (۱۲) کہڈ گت (۱۳) کہولاپور۔ (۱۴) چیسکہلی۔ (۱۵) نہوگاؤن (دہوگاؤن یا یوگاؤن) (۱۶) دریاپور۔ (۱۷) دہاموڑی۔ (۱۸) ویس جالی۔ (۱۹) ڈرتیر بی بی کا۔ (۲۰) یاروراقا۔ (۲۱) دل گاؤن۔ (۲۲) دیدی (۲۳) شیرس گاؤن۔ (۲۴) ناندگاون پیٹھ۔ (۲۵) ناندگاؤن قاضی۔ (۲۶) نیر (تری) (۲۷) پایل۔ (۲۸) پاپے۔ (۲۹) پلاس کہنڈ۔ (۳۰) چوسڈ۔ (۳۱) بہات کولی۔ (۳۲) ماکہلے (۳۳) پینے (۳۴) ماتا۔ (۳۵) مانجر کہیڈ۔ (۳۶) مالکہڈہ۔ (۳۷) منگلور۔ (۳۸) موکہرڈی (۳۹) اہلوام۔ (۴۰) ریت پور۔ (۴۱) کریات دیو۔ (۴۲) ویروچے۔ (۴۳) شیرسون۔ (۴۴) سالوڑ۔ (۴۵) ہادگاؤن

۲۔ سرکار نرنالا مین (۳۷) محال تھے۔

(۱) حویلی نرنالا۔ (۲) اکوٹ۔ (۳) اڈگاؤن۔ (۴) اورنگ آباد عرف کیرتاڑ گاؤن۔

(۵) اکولا - (۶) کنولی - (۷) کوتال - (۸) کورنڈ کھنڈ - (۹) چاندوڑ - (۱۰) جے پور - (۱۱) جل گاؤن - (۱۲) دسے کھنڈ - (۱۳) تیل پی - (۱۴) دہاروڑ - (۱۵) نیب گاؤن - (۱۶) ناندرمی - (۱۷) پاتھرڈ (۱۸) پاتور - (۱۹) واٹسی گاؤن - (۲۰) پیپل گاؤن - (۲۱) وڈنیر گنگائی کا - (۲۲) پانچ گوہان - (۲۳) منیجر - (۲۴) دہارس واکھنڈی - (۲۵) دہن دیہری - (۲۶) بالاپور - (۲۷) مالکاپور - (۲۸) ماہا گاؤن (۲۹) ماہوچ - (۳۰) بالاپور - (۳۱) ملکڈہ - (۳۲) رہین کھڈی - (۳۳) راجور - (۳۴) اجران (۳۵) وریٹر بھالجے - (۳۶) سون دیے - (۳۷) شیر پور کدمی -

۳ - سرکار پوہنیر - مین (۴) محال تھے -

(۱) حویلی پوہنیر - (۲) کھیل چہر - (۳) گیرڈ مانڈ گاؤن - (۴) ستیلور -

۴ - سرکار چاندا مین (۱۴) محال اور یہ کل حسب ذیل محال جاگیرداروں و مستانون و زمینداروں کے پاس تھے -

او ٹنور وغیرہ محال (۶) (۱) شیرا پور - (۱) جون گاؤن - (۱) پی فدروغیرہ - (۹) محال جاگیر تھے - گوجیروغیرہ محال - (۲) کوپر وغیرہ محال - (۲) اور سیتا گوندی (۱) جملہ (۵) محال زمیندار کے پاس تھے -

۵ - سرکار داسیم مین (۹) محال تھے -

(۱) حویلی داسیم - (۲) اوناڈہ - (۳) نرسی - (۴) بہامنی - (۵) ٹاکلی کومباکرن کی - (۶) پارٹاٹے - (۷) کلستوری - (۸) کہلک دہامن گاؤن - (۹) منگسور -

۶ - سرکار اسلام گڈہ عرف دیوگڈہ - مین (۲۹) دہ تمام زمیندار کے نام بحال تھے انپر اسلامی حکومت کا کامل طور پر عمل دخل ہوتا نہیں پایا جاتا تھا -

۷ - سرکار کلم مین (۳۴) محال تھے -

(۱) حویلی کلم - (۲) امراوتی - (۳) اندروری - (۴) کیکپور - (۵) کوراٹر - (۶) تلے گاؤن دہامرا (۷) تلے گاؤن دویا نے گاؤن محال ۲ - (۹) ترک چاندی - (۱۰) ناچن گاؤن - (۱۱) پوہنے - (۱۲) نائے گاؤن - (۱۳) کہوڑی - (۱۴) بینی - (۱۵) پالے گاؤن - (۱۶) لاڈہ کیڈ - (۱۷) بیلے -

(۱۸) داوری - (۱۹) سال پنڈہ - (۲۰) گہوڑی پٹن وغیرہ محال (۴) - (۲۴) ہوت لوہاری -

۸ - سرکار کھڈل مین (۲۴) محال تھے -

(۱) حویلی کہنڈلے - (۲) اٹ دوری - (۳) اشٹی - (۴) پاٹن - (۵) پونی - (۶) مانڈوی - (۷) ناسپد - (۸) سانگنے - (۹) سائی کہنڈہ - (۱۰) حسن دہی - (۱۱) امیز - (۱۲) جروڑ - (۱۳) درروڑ - (۱۴) نایڈ دغیرہ - (۶) محال - (۲۰) جانب گاؤن - محال (۲) (۲۲) جام گیڈ - چیکہلی انجن - (۲۳) مول تاپی ایجن - (۲۴) جاناگڑی -

۹ - سرکار دیتالواڑی مین (۹) محال تھے -

(۱) دیتالواڑی - (۲) اونڈن گاؤن - (۳) چاندوڑ - (۴) چیکہلی - (۵) دیوتی - (۶) دہاڑ - (۷) دہاویڈ - (۸) سادلار (۹) نیولی عرف شیوتی -

۱۰ - سرکار کہنڈے مین ایک ہی محال -

۱۱ - سرکار سیکہر مین (۱۱) محال تھے -

(۱) حویلی سیکہر - (۲) امراپور - (۳) دہونڈی - (۴) دیول گاؤن - (۵) ریسوڑ - (۶) شیوڑی - (۷) لوتار - (۸) لکاپور یانگر - (۹) واکد - (۱۰) شیرپور - (۱۱) جیہونگر -

۱۲ - سرکار پاتہری مین (۱۱) محال تے -

(۱) حویلی پاتہری - (۲) والور - (۳) ناچن گاؤن - (۴) پربہنی - (۵) بہوگاؤن - (۶) ٹاکلی - (۷) جہری - (۸) کوسڈی تونو - (۹) سیولی - (۱۰) راکہن گاؤن - (۱۱) چنتور - اس سرکار کو بالاگہاٹ بھی کہتے ہیں -

۱۳ - سرکار ماہور یا بالاگہاٹ مین (۲۰) محال تہے -

(۱) حویلی ماہور - (۲) ان شنگے - (۳) کہیڈ - (۴) ہنگولی - (۵) پوسڈ - (۶) تامبسے - (۷) چیپالی - (۸) چیکنی - (۹) دارہہن - (۱۰) ڈہوکی - (۱۱) سوہتے - (۱۲) ناندا پور - (۱۳) سندی کہیڈ - (۱۴) ساتوڑلے - (۱۵) گیرولی - (۱۶) موہے گیر - (۱۷) کن نہنے -

(۱۸) ہلد ۔ (۱۹) واڈہوتہ ۔ (۲۰) نام درج نہیں ہے ۔

(۴) صوبۂ دولت آباد خجستہ بنیاد عرف اورنگ آباد مین (۱۲) سرکار تھے ۔

(۱) دولت آباد ۔ (۲) پیٹن ۔ (۳) احمدنگر عرف فرخ آباد ۔ (۴) سولاپور ۔ (۵) پرینڈہ ۔ (۶) جالنہ پور ۔ (۷) فتح آباد عرف دہارور ۔ (۸) سنگم نیر ۔ (۹) بہور حویلی ۔ (۱۰) جونر ۔ (۱۱) تل کوکن ۔ (۱۲) بیڑ ۔

۱ ۔ سرکار اوّل دولت آباد مین (۳۰) محال تھے ۔

(۱) حویلی دولت آباد ۔ (۲) خوضاباد (خلدآباد) (۳) انتور ۔ (۴) پھولمڑی ۔ (۵) دیجاپور (۶) ٹاکلی ۔ (۷) ترک آباد عرف کہراڑی ۔ (۸) جاتے گاؤن ۔ (۹) چالیس گاؤن ۔ (۱۰) چھوڑگے (۱۱) خانہ پور ۔ (۱۲) نوتاباد ۔ (۱۳) راجور ۔ (۱۴) راج پیپر ۔ (۱۵) ستارہ ۔ (۱۶) سونوڑا ۔ (۱۷) سلطان پور ۔ (۱۸) گنگا پور ۔ (۱۹) ۔ (۲۰) کہنر دو محال ۔ (۲۱) گوتاپے ۔ (۲۲) کوجہاری ۔ (۲۳) کینڈائے ۔ (۲۴) مانک پونج ۔ (۲۵) مہس باری ۔ (۲۶) ۔ (۲۷) والوزونظام پور دو محال (۲۸) ہرسول ۔ (۲۹) دارالضرب ۔ (۳۰) نام نہین دیا گیا ۔

۲ ۔ سرکار پیٹن مین (۳) محال تھے ۔

(۱) سیندوروالے ۔ (۲) حویلی پیٹن ۔ (۳) داردر واڑا ۔

۳ ۔ سرکار احمدنگر مین (۱۰) محال تھے ۔

(۱) حویلی احمدنگر ۔ (۲) اشٹی ۔ (۳) پانڈے پیڈگاؤن ۔ (۴) جام کہیڈ ۔ (۵) سری گوندی عرف چانبھار گوندی (۶) راشین ۔ (۷) مانڈوگن ۔ (۸) کڈی کہوت (کرٹے وکیت) (۹) ناندور (۱۰) نام نہین دیا گیا ہے ۔

۴ ۔ سرکار سولاپور مین (۳) محال تھے ۔

(۱) حویلی سولاپور ۔ (۲) نا ندرہ تہہ ۔ (۳) ایپرواڑا ۔

۵ ۔ سرکار پرینڈہ مین (۱۹) محال تھے ۔

(۱) حویلی پرینڈہ ۔ (۲) وانگی ۔ (۳) سہوم ۔ (۴) ویٹے ۔ (۵) انڈوسے ۔ (۶) واشنی ۔ (۷) ترکھیڈ ۔ (۸) بارسی (۹) پان گاؤن ۔ (۱۰) بانگری ۔ (۱۱) راتانجس ۔ (۱۲) کاٹی ۔ (۱۳) مارڈی ۔ (۱۴) موہول ۔ (۱۵) اُندرپتا ۔ (۱۶) کرکبہ ۔ (۱۷) بہوسے ۔ (۱۸) ٹمبورنی (۱۹) کرٹبے سالونر گاؤن ۔

۶ ۔ سرکار جالنہ پور مین (۱۰) محال ۔

(۱) حویلی جالنہ پور ۔ (۲) انبڑ ۔ (۳) یکوتی (دونی) (۴) پڑتور ۔ (۵) بہوکردہن (۶) کڈسانگوئی ۔ (۷) بیپری ۔ (۸) دابہاڑی ۔ (۹) راجنی ۔ (۱۰) روشن گاؤن ۔

۷ ۔ سرکار فتح آباد عرف دہارور مین (۱۰) محال ۔

(۱) حویلی دہارور ۔ (۲) انبے جوگائی عرف مومن آباد ۔ (۳) پان گاؤن بارابی کے (۴) بردا پور ۔ (۵) پرلی ۔ (۶) پوہنیر ۔ (۷) تیرسال ۔ (۸) شبلی گاؤن ۔ (۹) گہاٹ نا ندر ۔ (۱۰) ریناپور قصبہ (۱۱) کہلی وائی اس مین ریناپور قصبہ دس پرگنہ سے علحدہ پایا جاتا ہے ۔

۸ ۔ سرکار سنگم نیر مین (۱۱) محال تھے ۔

(۱) حویلی سنگم نیر ۔ (۲) پاٹودہ ۔ (۳) اکولے ۔ (۴) سہیلے ۔ (۵) ترمبک ۔ (۶) چاندور ۔ (۷) دہاندرپھل ۔ (۸) سیز ۔ (۹) ٹہان ۔ (۱۰) وینڈوری ۔ (۱۱) گلشن آباد عرف ناسک ۔

۹ ۔ سرکار بہور مین ایک محال تھا ۔

۱۰ ۔ سرکار جونیر مین (۲۳) محال تھے ۔

(۱) حویلی جونیر ۔ (۲) پارنیر ی ۔ (۳) پون ماول ۔ (۴) پوٹر کہورے ۔ (۵) کانت کہورے (۶) رسول آباد ۔ (۷) روہیڈ کہور ۔ (۸) سالوٹر ۔ (۹) شیراول ۔ (۱۰) سوپے ۔ (۱۱) اینداپور ۔ (۱۲) کرڈے نمبوسے ۔ (۱۳) گونجان ماول ۔ (۱۴) موجبے ۔ (۱۵) کوتول ۔ (۱۶) روجوکور پور سے (۱۷) موس کہورے ۔ (۱۸) شیرس ماول ۔ (۱۹) نلنے ماول ۔ (۲۰) فتح آباد ۔ (۲۱) پیل پاڈ کہورے (۲۲) موسے کہورے ۔ (۲۳) موہیا باد عرف پونہ ۔ کسی زمانہ مین یہ پونہ ایک صوبہ کی حیثیت بھی رکھتا تھا ۔

۱۱- سرکار تل کوکن مین (۱۶) محال تھے۔

(۱) اسلام گڑہ - (۲) ایرچ آباد - (۳) ونڈرا جیپوری - (۴) تلا دال گودل - (۵) اسلام آباد عرف بہوڑی - (۶) راے گورٹے - (۷) کرنال - (۸) سون گڈہ عرف دیوری - (۹) کورکیج سلگ - (۱۰) مرتضیٰ آباد - (۱۱) کواہز - (۱۲) اورجن عرف کلیان - (۱۳) نصیر آباد - (۱۴) اکس - (۱۵) تھاسرے - (۱۶) بہوسل -

۱۲- سرکار بٹر مین کتنے محال تھے اس کا پتہ نہین چلا -

(۱) صوبۂ خاندیس عرف برہان پور مین (۶) سرکار تھے -

(۱) برہان پور قلعہ عشر - (۲) گالنا - (۳) سرکار سندوربار - (۴) سرکار یاگلان - (۵) ہانڈی - (۶) بیجاگڑہ عرف کہرگون -

۱- سرکار برہان پور قلعۂ عشر مین (۳۳) محال تھے -

(۱) حویلی برہان پور - (۲) عشر - (۳) ایرنڈول - (۴) ایا پور - (۵) اسلینر - (۶) اوتران (۷) پاچوری - (۸) بہال - (۹) بیٹاود - (۱۰) ورسے گاؤن - (۱۱) بوداڑ - (۱۲) پورتال (۱۳) پہاڑ گاؤن - (۱۴) یاتل - (۱۵) دہاسن گاؤن - (۱۶) پنپل نیر - (۱۷) تہالنیر - (۱۸) جام نیر - (۱۹) چاندسر - (۲۰) جمد - (۲۱) ڈانگری - (۲۲) ڈابورتی - (۲۳) راوٹیر - (۲۴) جین پور - (۲۵) ساودے - (۲۶) سندورنی - (۲۷) سون گیری - (۲۸) عادل آباد - (۲۹) فتح آباد عرف دہول - (۳۰) سوہونیر - (۳۱) محمدا پور - (۳۲) مصطفیٰ آباد عرف چاندوڑ (۳۳) نصر آباد

۲- سرکار گالنا مین (۷) محال تھے -

(۱) حویلی گالنا - (۲) اوکھاڑ - (۳) پیٹ پال - (۴) ٹوکاتارٹی - (۵) لوہنیر - (۶) نعمت آباد - (۷) کیدا چیکہلی -

۳- سرکار سندوربار مین (۵) محال تھے -

(۱) حویلی سندوربار - (۲) بہیام تیر - (۳) سلطان پور - (۴) نیر - (۵) نام درج نہین ہے -

۴ - سرکار باکلان مین (۳۰) محال تھے -

(۱) ادتھونی - (۲) اورنگ پور - (۳) اورنگ ڈاد - (۴) بان کہیڑ - (۵) پی نیلی - (۶) پیٹھ کھاتیلے (۷) پی تیلیز - (۸) سادس - (۹) نہادی - (۱۰) چیاپے - (۱۱) جے تاپور - (۱۲) ڈانگر - (۱۳) شیری (۱۴-۱۵-۱۶-۱۷) پاڈیپے وغیرہ (۴) محال (۱۸) پی سول - (۱۹) تیلون - (۲۰) کوسالی - (۲۱) ہاتے گڑھ (۲۲) ہرسول - (۲۳) کا سارتھل - (۲۴) پیٹ چوپا - (۲۵) بہاماتھل - (۲۶) دارالضرب - (۲۷) وہی دل (۲۸) رائے پور - (۲۹) سانڈس - (۳۰) سلطان گڑھ -

۵ - سرکار ہانڈے مین (۲۵) محال تھے -

(۱) حویلی ہانڈے - (۲) اتوسرجبہ - (۳) دلہاری - (۴) بینوسی - (۵) پورنی - (۶) بہام گڑھ - (۷) ٹھمبورنی - (۸) چارسے محال - (۹) جہولا - (ک) - (۱۰) ساجنی - (۱۱-۱۲-۱۳-۱۴) شیوتی وغیرہ محال چار - (۱۵) کہڑور - (۱۶) نصیر آباد - (۱۷) دودہی - (۱۸-۱۹-۲۰-۲۱-۲۲) حسن آباد وغیرہ پانچ محال (۲۳) ہرپے - (۲۴-۲۵) کوٹنیر وغیرہ محال دو -

۶ - سرکار بیجاگڈہ عرف کہرگون مین (۳۳) محال تھے -

(۱) حویلی کہرگون - (۲) اسلام آباد - (۳) احم تھا - (۴) آنبیرا - (۵) اون - (۶) وہام گاؤن - (۷) دہیت سری - (۸) پاٹ کہلے - (۹) بڈوٹ - (۱۰) بیڑگہے - (۱۱) پاروڈ - (۱۲) پلکوڑا - (۱۳) جلال آباد - (۱۴) بودہن گڑہ - (۱۵) چیارہی - (۱۶) دیولا کیتیا - (۱۷) سانگوئی (۱۸) سلطان آباد (۱۹) سندوے - (۲۰) سوولتے - (۲۱) فرخ آباد - (۲۲) کایاپور - (۲۳) کسرآباد - (۲۴) گہوڑے گاؤن (۲۵) داڑوتے (ٹھانہ) (۲۶) کہپ پاٹڑ - (۲۷) جوروا - (نوروز) - (۲۸) محمد پور - (۲۹) ناگلواڑ - (۳۰) جان آباد - (۳۱) نکہلی - (۳۲) جہاجونر اکبرپور - (۳۳) داکہل -

۱ - صوبۂ فرخندہ بنیاد عرف حیدرآباد - بھاگانگر -

اس مین ارکاٹ وغیرہ ملک بھی شامل تھے - اس کے دو حصّے تہے - (۱) ایردیپے آب کرشنا - (۲) کرناٹک اروے - دا روے (آب کشنا - کرشنا) ارکاٹ کے منجملہ پہلے حصہ مین (۲۲) سرکار اور دوسرے مین

(۲۱) سرکار اس طرح ہر دو حصوں مین جملہ (۴۳) سرکار تھے۔

۱۔ حصہ اوّل مین سرکار (۲۲) تھے۔

(۱) فرخندہ بنیاد حیدرآباد عرف بھاگ نگر۔ (۲) محمد نگر عرف گولکنڈہ۔ (۳) کوکس۔ (۴) نلگنڈہ۔ (۵) کوئیل کنڈہ۔ (۶) کھم میٹ۔ (۷) کہن پور۔ (۸) پانگل۔ (۹) ہیور کنڈہ۔ (۱۰) بھون گیر۔ (۱۱) میدک (۱۲) ملکور۔ (۱۳) مصطفےٰ نگر۔ (۱۴) مرتضیٰ نگر۔ (۱۵) یلگندل۔ (۱۶) ورنگل۔ (۱۷) ویلور۔ (۱۸) مچھلی بندر (۱۹) راج بندری یا راجمنڈری۔ (۲۰) شیکاکول۔ (۲۱) نظام پٹن۔ (۲۲) کاتیل ماس۔

۲۔ اگرچہ دوسرے حصہ مین (۲۱) سرکار تھے لیکن صرف (۲۰) کے ہی نام درج کئے جاتے ہین۔

(۱) سندھوٹ۔ (۲) گنجی کوٹہ۔ (۳) گوتی۔ (۴) گورم کونڈا۔ (۵) کھم۔ (۶) اودگیر۔ (۷) شرن پلی (۸) کاپخی۔ (۹) چنگل پٹن۔ چنگل پیٹھ۔ (۱۰) تری پاسور۔ (۱۱) نفرت گیس۔ (۱۲) دالکونڈا پور۔ (۱۳) چندگیری۔ (۱۴) پالم کوٹہ۔ (۱۵) پارور (۱۶) تری تویل۔ ترنومالی (۱۷) ویلور۔ (۱۸) جگدیو۔ (۱۹) ترچنا پلی (۲۰) چول منڈل عرف چنداور۔ تنجاپور۔

(۱) حصہ اوّل مین ایروئے اب کرشنا مین سرکار اور محال مندرجۂ ذیل تھے۔

سرکار اوّل فرخندہ بنیاد حیدرآباد عرف بھاگا نگر اور سرکار دوم محمد نگر عرف گولکنڈہ ان دونون کے جملہ محال (۱۲) تھے۔

(۱) حویلی گولکنڈہ۔ (۲) بالاپور۔ (۳) پٹن چیرو۔ (۴) نلو وا رڈا۔ (۵) حسین ساگر۔ (۶) السور۔ (۷) حویلی فرخندہ بنیاد حیدرآباد بھاگا نگر۔ (۸) خیریت آباد۔ (۹) سودگل۔ (۱۰) حیات آباد (۱۱) عبداللہ نگر۔ (۱۲) ترکھوڑا۔ ان بارہ محال مین نمبر (۶) تک دوسرے سرکار کے اور نمبر (۷) سے بارہ تک اوّل سرکار کے ہونا پائے جاتے تھے۔

۳۔ سرکار کوکس مین (۵) محال تھے۔

(۱) حویلی کوکس۔ (۲) گندہاری۔ (۳) اونلور۔ (۴) نارایین کھیڑ۔ (۵) سلاتیلے۔

۴۔ سرکار نلگنڈہ مین (۶) محال تھے۔

(۱) حویلی نلگنڈہ - (۲) پاڑ چر - (۳) ناگل پاڑا - (۴) اورل کنڈہ - (۵) اودرکنڈہ (۶) اروکھلی -

۵ - سرکار کویل کنڈہ میں (۱۳) محال تھے -

(۱) حویلی کویل کنڈہ - (۲) کوہر - (۳) مجاہد پور - (۴) تانڈور ویکل - (۵) دولت آباد (۶) اڈکی - (۷) شاہ پور - (۸) پرتی - (۹) کونڈل موسگی - (۱۰) بڑے پلی - (۱۱) پارے وار - (۱۲) یادورگل - (۱۳) لوتے پلی -

۶ - سرکار کھمم میٹ میں (۱۱) محال تھے -

(۱) حویلی کھم - (۲) - اننت ساگر - (۳) شنکر گیڈی - (۴) شاہ آباد - (۵) ملکھورا - (۶) گنگ توتھ (۷) کمپی کنڈہ - (۸) سی پارتی - (۹) نبالکل پلی - (۱۰) مارسوائی - (۱۱) جلیلی مدہرہ

۷ - سرکار گھنپور میں (۸) محال تھے -

(۱) حویلی گھنپور - (۲) پن سن گڈلا - (۳) ساکرآباد - عمل کاڑگی - (۵) کانے دورگ - (۶) بیسے پلی - (۷) تاتو بھونڈا - (۸) برنیدل -

۸ - سرکار پانگل میں (۴) تھے -

(۱) حویلی پانگل (۲) تپ تیھرائے - (۳) ناگنول پرودل - (۴) تہواور کوٹ کوٹا -

۹ - سرکار ہیور کنڈہ میں (۱۱) محال تھے -

(۱) حویلی ہیور کنڈہ - (۲) یدرورتی - (۳) ابراہیم پٹن - (۴) پیرور - (۵) جیٹی ملکاپلی (۶) چرکونڈہ - (۷) ہیول پلی - (۸) دولہ گڈہ - (۹) وزیرآباد - (۱۰) ویل جال - (۱۱) کان ورگ -

۱۰ - سرکار بھونگیر میں (۱۱) محال تھے -

(۱) حویلی بھونگیر اوت فاڈ - (۳) پوووال - (۴) ترگونڈل - (۵) تیگول - (۶) چیوِل - (۷) راج - (ن) کونڈہ - (۸) شاہ نگر - (۹) کلورام - (۱۰) نڈی گونڈہ - (۱۱) ونکن کونڈہ -

۱۱ - سرکار میدک میں (۱۲) محال تھے -

(۱) حویلی میدک۔ (۲) ابراہیم پور۔ (۳) اڈسور۔ (۴) بیکلور۔ (۵) ٹپلور۔ (۶) ٹیکمال (۷) ترمانور عرف سلطان پور۔ (۸) گجویل۔ (۹) گوڈور۔ (۱۰) کلیا پور۔ (۱۱) دیچور۔ (۱۲) پاتاکرک

۱۲۔ سرکار ملگور میں (۳) محال تھے۔

(۱) حویلی نگلور۔ (۲) راجگوپال۔ (۳) حسین آباد۔

۱۳۔ سرکار مصطفےٰ نگر میں (۲۴) محال تھے۔

(۱) حویلی مصطفےٰ نگر۔ (۲) کریال ابراہیم نگر۔ (۳) اکلے مان کالی۔ (۴) بیجا پارت (۵) بہی تر پلی۔ (۶) دین گچی بالے۔ (۷) جیلال والا۔ (۸) دیور گوٹا۔ (۹) حیات ڈیل۔ (۱۰) کل پیلی (۱۱) گوحے ڈر۔ (۱۲) گالے پلی۔ (۱۳) وزیرا بین مانکاپور۔ (۱۴) گڈی پاڑا۔ (۱۵) سورنور (۱۶) گنگا گیری۔ (۱۷) مول گول۔ (۱۸) کیدور۔ (۱۹) کیدو گھٹ۔ (۲۰) نندگاؤں۔ (۲۱) جوان تھل۔ (۲۲) کانات۔ (۲۳) دینے کونڈہ۔ (۲۴) ادپور۔

۱۴۔ سرکار مرتضیٰ نگر میں (۵) محال تھے۔

(۱) حویلی مرتضیٰ نگر۔ (۲) کولور۔ (۳) پیلم کونڈہ۔ (۴) ویچی کوڑا اور دیوی کنڈہ۔ (۵) راجپور۔

۱۵۔ سرکار یلگندل میں (۲۱) محال تھے۔

(۱) حویلی یلگندل۔ (۲) انک گیری۔ (۳) ویجے گری۔ (۴) ارسی کوٹا۔ (۵) کرن ٹلا۔ (۶) جزا کونڈ۔ (۷) نلکے پلی۔ (۸) پٹے کور۔ (۹) کوڈک پال۔ (۱۰) دیوی کنڈہ۔ (۱۱) یلی کنڈہ (۱۲) بستھی گھٹ پلی۔ (۱۳) سینڈ پلی۔ (۱۴) سندگری۔ (۱۵) پوکس۔ (۱۶) ستہتور۔ (۱۷) لادل کنڈہ (۱۷) راچرک۔ (۱۸) یکپلی۔ (۱۹) ویلزدل۔ (۲۰) دلوک۔ (۲۱) سین گوک۔

۱۶۔ سرکار ورنگل میں (۱۶) محال تھے۔

(۱) حویلی ورنگل۔ (۲) ویدکنڈہ۔ (۳) دیدیانگر۔ (۴) گوٹی بار۔ (۵) کوتے گھاٹ۔ (۶) ادوگک۔ (۷) کماکھش پور۔ (۸) گوری گونڈا۔ (۹) پرکالا۔ (۱۰) دبولے کنڈہ۔ (۱۱) مبارک حسنہ (۱۲) سمست کن پالا۔ (۱۳) یلکور۔ (۱۴) چندرگری۔ (۱۵) چیٹ بولی۔ (۱۶) پوکال۔

۱۷- سرکار ویرول مین (۱۱) محال تھے۔

(۱) حویلی ویرول- (۲) کوڑگول- (۳) بیدپال- (۴) اتلی اشٹی- (۵) کاچی مالوڑا- (۶) دہوڑ پیلا- (۷) نے ہکر- (۸) کوڈوبر- (۹) چیتل پوڑی- (۱۰) بھربہھو- (۱۱) نام نہین دیا گیا

۱۸- سرکار مچھلی بندر مین (۸) محال تھے۔

(۱) حویلی مچھلی بندر- (۲) ادل ہال- (۳) انگوول- (۴) اپنی کوٹ- (۵) تہوڑ واڑہ- (۶) پیڈنا- (۷) جلسہ پور- (۸) تلو۔

۱۹- سرکار راج بندری مین (راجمندری (۲۴) محال تھے۔

(۱) حویلی راجمندری- (۲) اگر بار پیرد- (۳) توڑی پال- (۴) کاڑی کونڈہ- (۵) پیگیری- (۶) کونزو- (۷) کاڑلبات کنڈہ- (۸) چارپلی- (۹) بیک پال- (۱۰) پیورڈا- (۱۱) کورتارس پلی- (۱۲) کیرلور- (۱۳) پڈتور- (۱۴) چیکل گتیال- (۱۵) تیکل بٹ کون- (۱۶) جہوہ پال ٹرکوٹہ- (۱۷-۱۸) دیسگور محال- (۲)- (۱۹) وجروکرےمک جہال- (۴۱) (۲۳-۲۴) ان محل کے نام درج نہین ہین۔

۲۰- سرکار تیکاکول مین (۱) محال تھا موسوم تیکاکول۔

سرکار نظام پٹن مین ایک ہی محال موسوم نظام پٹن تھا۔

سرکار کان الماس مین ایک ہی محال۔

(۲) حصۂ دوم کرناٹک او پایاب تنا ارکاٹ کے سرکار اور محال حسب ذیل تھے۔

سرکار اول سیدہ دٹ مین (۸) محال تھے۔

(۱) حویلی سیدوٹ- (۲) چے اور- (۳) کمٹاپور- (۴) پوت کجا- (دنا) ٹر- (۵) پورناکیے (۶) بابول- (۷) پیدور- (۸) پوگول ناڑ۔

دیگر سرکار گنجی کوٹہ مین (۱۵) محال تھے۔

(۱) حویلی گنجی کوٹہ- (۲) کیری کاریکول- (۳) چنچل نالہ- (۴) ادک کوکار- (۵) کوکارکالوا-

(۶) ناکوتری۔ (۷) تنا ال۔ (۸) بیولودک۔ (۹) دہرم درم پرگنہ۔ (۱۰) پارل پلی۔ (۱۱) پاسور۔
(۱۲) لمیال۔ (۱۳) دیکلا۔ (۱۴) ویلسور۔ (۱۵) کائل جا سمیتر و ہرسر۔

۳- سرکار گوتی میں (۱۳) محال تھے۔

(۱) حویلی گوتی۔ (۲) چیڈ سبگنالا۔ (۳) اد و کنڈا۔ (۴) کیر در۔ (۵) اد پی کنڈہ۔
(۶) چینیک پلی۔ (۷) تیما نو یکا ہرو۔ (۸) پلے کڈا۔ (۹) کہلکی۔ (۱۰) پاکڈ۔ (۱۱) پلی رائے پٹن
(۱۲) پیٹ پلی۔ (۱۳) یرنیک کرانچرو۔

۴- سرکار گورم کنڈہ میں (۱۲) محال تھے۔

(۱) حویلی گورم کنڈہ۔ (۲) اوڈسور۔ (۳) کوٹی بیال پت پلی۔ (۴) گوڑی مالے دین۔
(۵) پسے پال۔ (۶) مدن پلی۔ (۷) کوت پالم۔ (۸) دو نے پالم۔ (۹) پوگنور۔ (۱۰) کدنور
(۱۱) حسن آباد۔ (۱۲) شیو گذک۔

۵- سرکار کہم میں (۱۸) محال تھے۔

(۱) حویلی کہم۔ (۲) السور۔ (۳) ونگی کھامن ہال۔ (۴) ہو پاٹ۔ (۵) ماچارک۔ (۶) پاریک
(۷) اڑی پیٹنک۔ (۸) دیبور۔ (۹) مارک۔ (۱۰) کارم چولی۔ (۱۱) ہرسی۔ (۱۲) ہسیل پور۔
(۱۳) کواک کوپ۔ (۱۴) گورچا دنا ل۔ (۱۵) تنگیڈ۔ (۱۶) ڈیکر گاڑی۔ (۱۷) چکنور۔
(۱۸) ہول بیرڈ۔

۶- سرکار اودگیر میں (۶) محال تھے۔

(۱) حویلی اودگیر۔ (۲) چوڑی۔ (۳) کالی ڈیکل پیٹھ۔ (۴) کتے پلی۔ (۵) گوڈلور۔ (۶) کتنور

۷- سرکار شرن پلی میں (۱۲) محال تھے۔

(۱) حویلی شرن پلی۔ (۲) کڈ ویڈ۔ (۳) اننت موگر۔ (۴) کوسوا کلواٹی۔ (۵) گڈی وارک
(۶) پوادر۔ (۷) چمبور۔ (۸) چیہ ہات چتنور۔ (۹) جل پگی۔ (۱۰) وینکٹ گیری۔ (۱۱)
نیلور۔ (۱۲) راجور سدا پور۔

۸ - سرکار کانچی مین (۱۵) محال تھے -

(۱) حویلی شیوکانچی - (۲) وشنو کانچی - (۳) کرگوڑی - (۴) کاٹرپاک - (۵) گوڑگل - (۶) اترلور
(۷) ادکانڈا - (۸) روضہ - (۹) دیہا ترتی - (۱۰) نارائن ونک - (۱۱) سالپاک - (۱۲) موسرواک -
(۱۳) دیہہ پالک - (۱۴) پوتو - (۱۵) ہپارماتا -

۹ - سرکار چنگل پٹن مین (۳) محال تھے -

(۱) حویلی چنگل پٹن - (۲) متی منگل - (۳) بروتھہ - رات مین کرون -

۱۰ - سرکار ترپاسور مین (۸) محال تھے -

(۱) حویلی ترپاسور - (۲) جوجری - (۳) پوتی ہالی - (۴) بندر کاتے پٹن اور وہو کراج پٹن
(۵) سینڈرے - (۶) دیہات کوتہالی پور - (۷) موودپالا - (۸) مہابندری اس کے ضمن مین بندر (۳)
(۱) چکپن - (۲) پالے گہاٹ - (۳) کفنور -

۱۱ - سرکار نصرت گیس مین (۸) محال تھے -

(۱) حویلی نصرت گیس - (۲) تیڈک بک - (۳) رحمم (۴) وتیدانپلی (۵) دیٹ دلک
(۶) اسرپور - (۷) تیرکلوسہ - (۸) ترک مالور -

۱۲ - سرکار بالکنڈہ پور مین (۵) محال تھے -

(۱) حویلی بالکنڈہ پور - (۲) تہہ گوٹی بیسی تہٹد (۳) یلبانگر - (۴) گوپور - (۵) نام درج نہیں ہین -

۱۳ - سرکار چندرگری مین (۱۰) محال تھے -

(۱) حویلی چندرگری - (۲) کوباپور - (۳) چنور - (۴) تیرپتی - (۵) سیرویڈ - (۶) ہلی سیٹ -
(۷) سی ہوا (۸) کسپالے گران - (۹) گونڈ بڈی - (۱۰) کال ہستری -

۱۴ - سرکار پالم کوٹہ مین (۱۲) محال -

(۱) حویلی پالم کوٹہ - (۲) اوت گال - (۳) دراپور - (۴) کاٹناگوڑ - (۵) تیرتھن گڈی پالنے
(۶) چیدہنر - (۷) سری موشٹی - (۸) محمود بیدر - (۹) رٹیاپٹن - (۱۰) ڈہاچل - (۱۱) والطفاتہ

(۲۲) پھودن گیری۔

۱۵- سرکار باأرہین (۹) محال۔

(۱) حویلی باأر۔ (۲) نیلوٹ تلبور۔ (۳) نیزنام نیلور۔ (۴) گیر پادی۔ (۵) دیونام پٹن (۶) گوڑسور عرف اسلام آباد۔ (۷) نوم ہال۔ (۸) دنیکٹ پیٹھ۔ (۹) دیلپور۔

۱۶- سرکار نیر تول۔ تری تومالی ہین (۱۱) محال۔

(۱) حویلی ترامل۔ (۲) سیکر پیٹھ۔ (۳) کلاگورچا۔ (۴) مولکالی۔ (۵) ٹالور۔ (لور) (۶) ونڈممب۔ (۷) پڈویڈ۔ (۸) چانگنار۔ (۹) منصور پیٹھ۔ (۱۰) کنجی درپھل۔ (۱۱) تیپال پیٹھ۔

۱۷- سرکار دیلور ہین (۸) محال۔

(۱) حویلی دیلور۔ (۲) کالنور۔ (۳) گوڑی منہیا (۴) تل وائی پدی گہاٹ۔ (۵) اگرنا۔ (۶) ارنی۔ (۷) درساپور۔ (۸) اودر۔

۱۸- سرکار جگدیو ہین (۲۷) محال تھے۔

(۱) حویلی جگدیو۔ (۲) تیرپاپور۔ (۳) کلبی لاپور۔ (۴) وانم باڑ۔ (۵) ہرور۔ (۶) کارتے بلور (۷) کرشنگری۔ (۸) کوری وغیرہ۔ (۱۰) محال۔ (۱۸) یکین کوٹ۔ (۱۹) چینا پٹن۔ (مدراس) (۲۰) کیوڑا پٹن۔ (۲۱) یکدرکوٹ۔ (۲۲) ماپیور۔ (۲۳) رتنا گیری۔ (۲۴) کھن کھن ہلی۔ (۲۵) دہرم ورم۔ (۲۶) دیربہد ڈرگ۔ (۲۷) رائے کوٹ۔

۱۹- سرکار ترچیناپلی و بیسوان سرکار حویلی متڈل عرف چنداور ان کے محال کی

تعداد اور نام درج نہین ہین۔ اور اکیسوان سرکار کونسا ہے اس کا پتہ نہین چل سکا۔

ہندوستان کے (۱۶) صوبے اور دکن کے (۶) صوبے جملہ (۲۲) صوبے تھے اور (۲۱) صوبونکا تو پتہ چل چکا لیکن ہندوستان کا سولوان (۱۶) صوبہ کونسا تھا اوس کا علم نہ ہوسکا۔

بقیہ حالات سلطان العلوم اعلیحضرت حضور پر نور نواب میر عثمان علیخان بہادر خسرو دکن

سلسلہ کے لئے ملاحظہ ہو بستان آصفیہ حصۂ چہارم صفحہ (۲۱)

۱۶ ربیع الاول ۱۳۴۲ھ روز شنبہ باغ عامہ کے اڈریس ہال میں پیشگاہ خسروی میں جامعہ عثمانیہ کی جانب سے (سلطان العلوم) کی اعزازی ڈگری پیش ہوئی۔ بلدہ اور اضلاع کے عہدہ داران بھی اس جلسہ میں شریک تھے۔ معتمد صاحب مجلس اعلیٰ جامعہ عثمانیہ کی جانب سے (۵۰۰) خوشنما دعوتی کارڈ تقسیم کئے گئے تھے اور اس روز حسب الحکم سرکار جملہ دفاتر و مدارس بلدہ کو ایک یوم کی عام تعطیل دی گئی تھی۔

۳ جمادی الثانی ۱۳۴۲ھ۔ اعلیحضرت اقدس کی سواری پل افضل گنج سے بلدہ میں داخل ہونے کے وقت شاہی موٹر کے عقب میں جو اسٹاف وغیرہ کی کئی ایک موٹریں تھیں ان میں سے ایک موٹر اثنار رفتار میں شاہی موٹر سے ٹکرائی۔ لیکن سواریوں میں سے کسی کو کسی قسم کا صدمہ نہیں پہونچا۔

۲۹ رجب ۱۳۴۲ھ آصفجاہ اول مرحوم و مغفور کے اعلان خود مختاری اور سلاطین آصفیہ کی مملکت دکن میں دو صد سالہ حکمرانی کی مسرت میں آج تمام ممالک محروسہ سرکار عالی میں عام تعطیل دیگئی۔ اور خلوت مبارک میں مخلائی دربار منعقد ہوا۔ اور غرہ شعبان ۱۳۴۲ھ یوم شنبہ کو اسی سلسلہ میں دو صد اشخاص کا انگریزی ڈنر باغ عامہ میں ہوا۔ بعد ختم ڈنر نذریں پیش کی گئیں۔

۱۶ شعبان ۱۳۴۲ھ روز شنبہ کو اعلیحضرت قدر قدرت صبح کے سوا نو بجے بغرض ادائی نماز عید الفطر عیدگاہ تالاب میر عالم تشریف فرما ہوئے تھے۔

۲۹ رجب ۱۳۴۳ھ روز دوشنبہ کو تمام دفاتر سرکار عالی میں بتقریب خود مختاری سلطنت آصفیہ تعطیل رہی۔ اور بتقریب سالگرہ مبارک امرائے ملک و جاگیرداران اور عہدہ داران سلطنت نے کنگ کوٹھی مبارک پر حاضر ہو کر پیشگاہ خسروی میں نذریں پیش کیں۔ اور ۱۱ بجے سے دو بجے تک نذریں پیش ہوتی رہیں۔

۱۶ شعبان ۱۳۴۳ھ روز یکشنبہ شب کے دس بجے محل مبارک اعلیحضرت (صاحبزادی صاحبہ

نواب خورشید الملک مرحوم) مین بمقام کنگ کوٹھی صاحب زادی صاحبہ تولد ہوئین۔ اور بتاریخ ۲۷ محرم ۱۳۴۳ھ کو انتقال کین۔

ـــ افسوس ہے کہ ربیع الاول ۲۹ مرا اور ۳۰ ۱۳۴۴ھ کی شب کو ۷ بجے حضرت منجلی صاحب زادی صاحبہ نے ۷ ماہ کی علالت کے بعد (تپ دق) سے (۱۷) سال کے سن مین بمقام کنگ کوٹھی انتقال کیا اور دوسرے روز مکہ مسجد مین بعد ادائی نماز جنازہ شاہی قبرستان مین دن کے ۴ بجے دفن ہوئین۔ اور بروز فاتحہ سوم یعنی غرۂ ربیع الثانی ۱۳۴۴ھ کو اس حادثہ جانکاہ کے صدمہ کے سبب سے تمام دفاتر اور مدارس وغیرہ کو بذریعہ جریدہ غیر معمولی جلد ۷۵ عدد ۱ مطبوعہ ۲۴ آذر ۱۳۳۵ف عام تعطیل ہو چکی تھی۔ حضرت صاحبزادی صاحبہ بتاریخ ۸ ربیع الاول ۱۳۲۷ھ متولد ہوئی تھین۔

یکمشت عطیات از پیشی حضرت اقدس و اعلیٰ

اعلیحضرت پیر و مرشد حضور پرنور بندگان عالی سلطان العلوم محی الملۃ والدین بادشاہ دکن نواب میر عثمان علیخان بہادر خلد اللہ ملکہ و سلطنتہٗ نے اپنی مشہور فیاضی و دریا دلی سے اپنی مسند نشینی سے ۱۳۴۲ھ تک جس قدر ماہوارات۔ وظایف اور یکمشت عطیات وغیرہ خزانہ دیوانی سرکار عالی سے عطا فرمائے ان کا ذکر کتاب ہذا کے حصۂ سوم و چہارم مین بہ تفصیل کیا جا چکا ہے۔ اور اب ۱۳۴۲ھ سے ۱۳۴۴ھ تک جس قدر ماہوارات وظایف وغیرہ جن لوگون کے نام جاری کئے گئے اور یکمشت عطیات جو عطا ہوئے وہ حسب ذیل ہین۔

یکمشت عطیہ

ـــ اوائل ماہ ذیحجہ ۱۳۴۲ھ مین سکندرآباد ریل کلب کو پانسو روپیہ کا عطیہ دیا گیا۔

ـــ وسط ماہ ذیحجہ ۱۳۴۲ھ مین طلباء عثمانیہ میٹرک شعبہ دینیات کی ترغیب و تحریص کے لئے مبلغ ۳۰۰ روپیہ سکہ عثمانیہ کے وظایف کی صرف سال حال کے لئے منظوری دی گئی۔

ـــ آخر ماہ ذیحجہ ۱۳۴۲ھ مین پچاس ہزار روپیہ کلدار کا فیاضانہ چندہ ملیبار کے مصیبت زدہ موپلاون کے امداد کے لئے منظور فرمایا گیا۔ اس رقم سے ملیبار مین یتیم خانہ اور صنعتی کارخانہ جات قایم کرکے موپلا بیوہ

عورتوں اور یتیم بچوں وغیرہ کی پرورش کی جائے گی۔

— آخر ماہ ربیع الاوّل ۱۳۴۲ھ میں مسلم ارفنج کلکتہ کی امداد میں دس ہزار روپیہ کلدار عطا کرنے کا حکم صادر ہوا۔

— وسط ماہ ربیع الثانی ۱۳۴۲ھ میں لیڈی ریڈنگ فنڈ میں بیس ہزار روپیہ چندہ عطا کیا گیا۔

— اوائل ماہ جمادی الاوّل ۱۳۴۲ھ میں فلسطین کی مسجد افضل وغیرہ کی ترمیم کیلئے ایک لاکھ روپیہ کی منظوری صادر ہوئی۔

— ایضاً۔ کلکتہ کے یتیم خانہ اسلامیہ کو دس ہزار روپیہ عطا کیا گیا۔

— وسط ماہ جمادی الاوّل ۱۳۴۲ھ میں دہلی کے عربی ہائی اسکول اور قدیم تاریخی عمارتوں کی درستی کے لئے سترہ ہزار روپیہ دینے کی منظوری صادر ہوئی۔

— ماہ نومبر ۱۹۲۳ء میں مصیبت زدگان جاپان کے چندہ میں تیس ہزار روپیہ عطا کیا گیا۔

— وسط ماہ شعبان ۱۳۴۲ھ میں لاہور میں ایک مسجد کی تعمیر کے لئے دو ہزار روپیہ کی منظوری صادر ہوئی۔

— ایضاً۔ حبیب عیدروس صاحب کے مدرسہ واقع ناندیڑ کی عمارت کی تکمیل کے لئے پانچ ہزار روپیے کی منظوری صادر ہوئی اور یہ حکم ہوا کہ اس مدرسہ کو سرکاری مدرسہ تصور کیا جائے۔

— آخر ماہ شعبان ۱۳۴۲ھ میں سعید ابوبکر باقصہ صاحب کو مار کلدار روزادراہ دیکر وطن روانہ کر دیا گیا۔

— آخر ماہ رمضان ۱۳۴۲ھ میں۔ یس۔ ین رڈی صاحب متعلم کیمبرج یونیورسٹی کو بعد فراغ تعلیم لندن کے سررشتہ کوتوالی کا مزید تجربہ حاصل کرنے کی اجازت دی گئی اور اس مقصد کے لئے ضمن خیاء کا مزید صرفہ بھی منظور کیا گیا۔

— آخر ماہ ذیقعدہ ۱۳۴۲ھ میں حکیم محمد یعقوب صاحب کو قرآن شریف کے گجراتی ترجمہ کی

تکمیل کے لئے دوہزار روپیئے عطا کرنے کی منظوری صادر ہوئی ۔

ـــــ ایضاً حضرت خواجہ غریب نواز کے مزار مبارک کے پردہ ہائے زربن کی مرمت کے لئے الـــــ روپیئے کلدار کی منظوری صادر ہوئی ۔

ـــــ اوائل ماہ محرم ۱۳۴۳ھ مین حضرت اقدس و اعلیٰ نے ازراہ الطاف شاہانہ ملیبار کے طغیانی زدہ مصیبت زدون کے امدادی فنڈمین پچیس ہزار روپیہ عطا فرمائے ۔

ـــــ اوائل ماہ شعبان ۱۳۴۳ھ مین مراکو کے مجروحین کی بیواؤن اور بچون کی امداد کے لئے پانسو پونڈ (صما) کا چندہ عطا ہوا ۔

ـــــ وسط ماہ شوال ۱۳۴۳ھ مین لندن کے مسجد کی تعمیر مین پندرہ ہزار روپیہ عـــــ عطا کرنے کی منظوری صادر ہوئی ۔

ـــــ وسط ماہ ذیقعدہ ۱۳۴۳ھ مین سکندرآباد ریس کلب کو اس سال بھی پانسو روپیہ (صما) عطیہ دینے کا حکم ہوا ۔

ـــــ وسط ماہ شوال ۱۳۴۳ھ مین ترکی کے غریب اور مصیبت زدہ لوگون کے امداد کے لئے انجمن ہلال احمر کو صـــــ پچاس ہزار روپیہ کلدار عطا ہوا ۔

اجرائی ماہوار از پیشی حضرت اقدس و اعلیٰ

ـــــ سید غلام نصیر الدین احمد دہلوی کے نام غرۂ ذیحجہ ۱۳۴۱ھ سے تیس روپیہ سکۂ عثمانیہ ماہوار تاحیات جاری کرنے کا حکم صادر ہوا ۔ (۲) سررشتۂ مالگذاری کے سابق کے ڈائرکٹر جنرل مسٹر اے جی ڈنلاپ کی بیوہ کے نام دوسو پونڈ سالانہ وظیفہ رعایتی جاری کیا گیا ۔ (۳) آغا سید محمد طاہر صاحب آغا شوشتری برادر آغا سید علی شوشتری کے نام غرۂ ذیحجہ ۱۳۴۱ھ سے پچاس روپیہ ماہوار تاحیات اجرا ہوئی ۔

(۴) ملا مراد صاحب کی موجودہ ماہوار (مار) مین پچاس روپیہ ماہانہ کا اضافہ منظور فرمایا گیا ۔ (۵) حکیم تفضل حسین خانصاحب مرحوم کی بیوہ زہرہ بیگم کے نام تیس روپیہ ماہوار تاحیات منظور فرمائی گئی ۔

— خواجہ حسن نظامی صاحب کے نام غرۂ ذیحجہ سنہ ۱۳۴۱ھ سے دو سو روپیہ (۲۰۰) کلدار ماہوار جاری ہوئی
— اوائل ماہ صفر سنہ ۱۳۴۲ھ میں دہلی کے سید خواجہ محمد سلطان احمد کے نام غرۂ صفر سنہ ۱۳۴۲ھ سے
تیس روپیہ کلدار ماہوار تاحیات جاری کی گئی۔
— غرہ محرم سنہ ۱۳۴۳ھ سے محمد عبدالخالق کرناٹکی کے نام تیس ۳۰ روپیہ ماہوار اجرا ہوئی۔
— ۳ صفر سنہ ۱۳۴۳ھ سے سید خواجہ سلطان احمد صاحب کے نام تیس ۳۰ روپیہ کلدار ماہوار
اجرا کی گئی۔
— وسط ماہ ربیع الاول سنہ ۱۳۴۳ھ میں مکہ معظمہ والے شریف زید کے نام ایک سو روپیہ کلدار اور شریف حسن
کے نام پچاس ۵۰ روپیہ کلدار ماہوار تاحیات جاری کی گئی۔
— اوائل ماہ ربیع الثانی سنہ ۱۳۴۳ھ میں حسب ذیل حضرات کے نام ماہوار جاری ہوئی۔
۱۔ حاجی احمد علی صاحب سوتی کے وظیفہ میں ۱۵ روپیہ ماہانہ کا اضافہ کیا گیا۔
۲۔ عبدالماجد صاحب مدرس دیوبند کے نام تیس روپیہ ماہانہ ماہوار جاری کی گئی۔
۳۔ صغرا بیگم دختر محی الدین حسین مرحوم سابق منتظم دفتر صدر المہام بہادر پیشی مبارک کے نام
۱۵ روپیہ وظیفہ منظور ہوا۔
۴۔ قال بہادر متوفی مددگار مالگذاری کے دو لڑکوں کے نام ڈھائی سال کے لئے ۱۵ روپیہ کا
وظیفہ تعلیمی جاری ہوا۔ بدین شرط کہ دوسرے پسماندوں کے نام کوئی امداد جاری نہ ہو سکیگی۔
۵۔ غلام دستگیر صاحب کے دو لڑکوں کے نام ایک سال کے لئے ۱۵۔ ۱۵ روپیہ کا
وظیفہ تعلیمی اجرا ہوا۔
۶۔ نیاز احمد صاحب ساکن مکہ معظمہ کے نام ۵ ماہانہ اجرا فرمایا گیا۔
۷۔ صاحب حسین تلمیذ کلیہ جامعۂ عثمانیہ کے نام دو سال کے لئے ۵ روپیہ سکہ کلدار تعلیمی
وظیفہ جاری ہوا۔
— وسط ماہ ربیع الثانی سنہ ۱۳۴۳ھ میں مکہ معظمہ والے شاہ محمد معصوم مرحوم کے بڑے فرزند حافظ

ابو طاہر صاحب اور اون کی والدہ جمیلہ بیگم جو رامپور مین مقیم ہین ان دونون کے نام فی اسم تیس روپیہ
کلدار ماہوار تاحیات جاری ہوئی ۔

آخر ماہ ربیع الثانی ۱۳۴۳ھ - (۱) خراسان والے حاجی ابراہیم صاحب کے نام صہ کلدار ماہوار تاحیات جاری ہوئی۔

(۲) شمس الدین صاحب جنرل سکرٹری حمایت الاسلام لاہور کے نام تاحیات (ما)
کلدار ماہوار یکم ربیع الثانی ۱۳۴۳ھ سے منظور ہوئی ۔

(۳) محمد اسمعیل شاہ صاحب ساکن نانڈیڑ کے نام عہ روپیہ ماہوار تاحیات
یکم ربیع الثانی ۱۳۴۳ھ سے جاری ہوئی ۔

— حاجی احمد صاحب واعظ کی موجودہ ماہوار عہ مین اور عہ کا اضافہ کرکے ماہانہ
صہ روپیہ یکم ربیع الثانی ۱۳۴۳ھ سے اجرا ہوئی ۔

— وسط ماہ جمادی الاول ۱۳۴۳ھ مین بدایون والے عبدالماجد صاحب قادری کے نام
غرۂ جمادی الاول ۱۳۴۳ھ سے ایک سو روپیہ کلدار ماہوار تاحیات جاری ہوئی ۔

— غرۂ جمادی الثانی ۱۳۴۳ھ سے سابق معتمد کمیٹی صرفخاص محمد احمد خان مرحوم کی بیوہ رحمت النساء بیگم
کے نام سہ ماہوار تاحیات جاری ہوئی ۔

— آخر ماہ جمادی الثانی ۱۳۴۳ھ مین مدینۂ منورہ کے مفتی کے فرزند ابوبکر باقفنہ صاحب کے
نام تاحیات پچاس روپیہ کلدار اور حافظ عبدالرشید صاحب کو جو ماہوار مل رہی ہے ان کے نام اب
تین سہ روپیہ ماہوار تاحیات جاری کرنے کا حکم ہوا ۔

— انجمن حمایت الاسلام لاہور کے نام یکم ڈسمبر ۱۹۲۴ع سے تین سو روپیہ کی امداد جاری کرنے
کی منظوری صادر ہوئی ۔

— آخر جمادی الثانی ۱۳۴۳ھ مین حبیب صالح عطاس ساکن مدینۂ منورہ کے نام تیس روپیہ
کلدار ماہوار جاری ہوئی ۔

— اوائل ماہ جمادی الثانی ۱۳۴۳ھ مین مولوی محمد عبدالباری صاحب بہوپالی رفقا کفیلدار کے

نام غرہ ماہ ربیع الثانی ۱۳۴۲ھ سے پچاس روپیہ ماہانہ تنخواہ بدین شرط جاری کرنے کی منظوری ہوئی کہ حاشیہ مذکور کے جو جو حصے طبع ہوتے جائیں اس کے پچیس پچیس نسخے سرکار مین بلا قیمت داخل کئے جائین ۔

ـــ ایضاً محمد علیخان صاحب نبسہ عبدالکریم خان صاحب مرحوم ناظم ثبہ خانہ کے نام یکم جنوری ۱۹۲۴ء سے ایک سو روپیہ ماہانہ کا وظیفہ تعلیمی دو سال کے لئے بدین شرط جاری کرنے کی منظوری ہوئی کہ اس عرصہ مین اپنی تعلیم مکمل کرلین ۔

ـــ ایضاً مدرسہ نعمانیہ دہلی کے نام پچاس روپیہ کلدار ماہانہ اودہ کے ایک مدرسہ کے نام ۲۰ ماہانہ کی امداد جاری کی گئی ۔

ـــ وسط ماہ جمادی الثانی ۱۳۴۲ھ مین عقیق بن محسن ساکن مدینۂ منورہ کے نام ایک سو روپیہ کلدار ماہانہ تاحیات اور سید ابوبکر یا قصتہ فرزند مفتی مدینہ منورہ کے نام پچاس روپیہ کلدار اور مدرسہ سراج العلوم واقع سنبھلی ضلع مرادآباد کی امداد ایک سو روپیہ کلدار کی مدت مین ایک سال کی توسیع اور لفٹنٹ محمد علی مرحوم کی بیوہ کے نام پندرہ روپیہ کا وظیفہ رعایتی جاری کرنے کا حکم ہوا ۔

ـــ وسط ماہ جمادی الثانی ۱۳۴۳ھ میں مولوی سید محمد حسین صاحب مرحوم طبیب مدرسہ نظامیہ کی بیوہ کے نام تیس روپیہ ماہوار جاری کی گئی ۔

ـــ آخر ماہ جمادی الثانی ۱۳۴۲ھ مین مدرسہ نظامیہ کے ایک طالب علم محمد قمر الدین کے نام غرہ رجب ۱۳۴۲ھ سے ۲۰ روپیہ ماہوار تاحیات جاری کرنے کا حکم ہوا ۔

ـــ ایضاً مدرسہ باب العلوم واقع نرگاؤن ضلع مرادآباد کے نام یکم جنوری ۱۹۲۴ء سے دو سال کے لئے ۲۰ روپیہ کلدار کی امداد منظور ہوئی ۔

ـــ ایضاً محمد کاظم حسین صاحب متعلم ہندو کالیج دہلی کے نام تیس روپیہ کلدار کا وظیفہ اور کوکلائی طالبہ علم مدراس کو بیس روپیہ وظیفہ دینے کی منظوریان مرحمت ہوئین ۔

ـــ ایضاً مدرسہ عثمانیہ دہلی کے نام ۵۰ کلدار ماہانہ جاری ہوئے ۔

— اوائل ماہ رجب سنہ ۱۳۴۲ھ محمد اعظم صاحب مرحوم مہتمم پولیس اضلاع سرکار عالی کے فرزند مسٹر غلام محی الدین جو اس وقت ملک جرمنی میں فن جنگلات کی تعلیم پا رہے ہیں ان کے نام ایشیاٹیک اسکالرشپ (لـ۵) کلدار ماہانہ دو سال کے لئے یعنی من ابتدائے سنہ ۱۹۲۴ء لغایتہ سنہ ۱۹۲۶ء منظور کیا گیا

ایضاً عبدالوحید صاحب طالب علم کے نام عـ۵ وظیفہ جاری ہوا۔

— آخر ماہ رجب سنہ ۱۳۴۲ھ محمد عبدالقادر خادم درگاہ قابل شاہ صاحب۔ محبوب علی صاحب ساکن محلہ کھوکرواڑی کے نام تا حیات ماہوارین اجرا کرنے کی منظوریاں صادر ہوئیں۔ نیز خاتون بیگم زوجہ محمد الدین شاہ حسینی القادری و رابعہ بیگم بیوہ کے نام علی الترتیب عـ۵ و عـ۵ تا حیات اجرا کرنے کے احکام صادر فرمائے گئے۔

— وسط ماہ شعبان سنہ ۱۳۴۲ھ میں مدینہ منورہ میں مدرسۂ عثمانیہ قایم کرنے کے لئے دو سو روپیہ ماہانہ کی منظوری دی گئی۔

ایضاً حسب ذیل اصحاب کے نام حسب ذیل ماہوارات جاری کرنیکا حکم صادر ہوا۔

(۱) مسماۃ وزیر النسا بیگم عرف امۃ بی ساکن مدراس سـ۵ کلدار۔ (۲) مدینہ والے محمد صادق صاحب سـ۵ کلدار۔ (۳) محمد عبدالغفور صاحب عرف کامل شاہ ساکن کبوتر خانہ سـ۵ کلدار۔ (۴) مدینہ والے عبدالحق صاحب سـ۵ کلدار۔ (۵) مکہ معظمہ والے سید محمد رشید باعلوی عـ۵ کلدار (۶) ڈیرہ اسمعیل خان والے سید محمد خان صاحب عرف کاکا صاحب عـ۵ کلدار۔ (۷) سید سلیمان شاہ کے نام عـ۵ تا حیات جاری اور زاد راہ کے لئے سـ۵ کلدار عنایت ہوا۔ (۸) جمیلہ بیگم بیوہ شریف عبداللہ مرحوم عـ۵۔ (۹) دہلی والے سید علیم الدین نظامی عـ۵ کلدار۔ (۱۰) جالنہ والے قاری سالم محمدی عـ۵۔

میجر کامرن کے انگریزی اخبار بولٹن کو جو سکندرآباد سے شائع ہوتا ہے سرکار عالی سے پانسو روپیہ ماہانہ کی امداد منظور ہوئی۔

— اشرف یار جنگ مرحوم کی بیوہ کے نام جو سو روپیہ ماہانہ جاری تھے اُن میں یکم رجب سے

صـ کا اضافہ کیا گیا۔

ـــ آخر ماہ شعبان ۱۳۴۳ھ زیب النسا بیگم میسوری کے نام سـ اور اُنکے دونوں فرزندوں کے نام فی کس سـ ۔ سـ ماہوار جاری ہوئی۔

ـــ وسط ماہ رمضان ۱۳۴۳ھ میں صوفی حبیب اللہ نعت خوان کے نام غرۂ شہر رمضان سے تیس روپیہ ماہانہ تاحیات جاری اور ان کے مستقر کو ایصال کرنے کی منظوری دیگئی۔

۳	سنہ ۱۳۲۲ف	۴۷	۴۲	۵	۴	۱۷	۱۵۹
۴	سنہ ۱۳۲۳ف	۵۸	۴۶	۱۲	۸	۱۱	۲۲۶
۵	سنہ ۱۳۲۴ف [۱]	۵۷	۴۵	۱۲	۳	۸	۱۳۵
۶	سنہ ۱۳۲۵ف	۵۵	۴۹	۶	۲	۱۰	۲۹۷
۷	سنہ ۱۳۲۶ف	۵۴	۴۱	۱۳	۲	۹	۶۰۷

[۱] - بربنائے احکام محکمۂ معتمدی عدالت و کوتوالی امور عامہ نشان ۱۲۶۷ مورخہ ۲۴ خورداد سنہ ۱۳۲۴ف طبع شدہ کی دو جلدین محکمۂ کوتوالی بلدہ مین داخل ہوا کرتے ہین -

نشان مسلسل	سنہ	مطابع جملہ	مطابع جاری	مطابع بند	اخبارات	رسایل	کتب مطبوعہ
۸	سنہ ۱۳۲۷ف	۳۹	۳۱	۸	۲	۱۰	۲۲۶
۹	سنہ ۱۳۲۸ف	۴۶	۳۵	۱۱	۲	۱۵	۱۹۶
۱۰	سنہ ۱۳۲۹ف	۴۷	۴۲	۵	۲	۱۱	۱۴۸
۱۱	سنہ ۱۳۳۰ف	۵۴	۴۸	۶	۳	۸	۲۶۴
۱۲	سنہ ۱۳۳۱ف	۶۴	۵۹	۵	۴	۹	۲۰۸
۱۳	سنہ ۱۳۳۲ف	۷۱	۶۳	۸	۴	۱۷	۲۹۸
۱۴	سنہ ۱۳۳۳ف	۷۷	۶	۰		۶	۲۶۸

کتب شایع شدہ بلحاظ فن ملک سرکار عالی

من ابتدائے سنہ ۱۲۹۹ف لغایۃ سنہ ۱۳۳۳ف

نشان مسلسل	سنہ ف	جملہ تعداد کتب شایع شدہ	تعداد کتب درسی و غیر درسیہ	کتب قانون	نظم و ڈرامے	تعلیمی و ادبی	دینی و مذہبی	تاریخ و سوانح	تصوف و اخلاق	طب و حفظان صحت	اخلاق و آداب	مختلف مضامین
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳
۱	سنہ ۱۲۹۹ف	۱	۱	۰	-	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۱
۲	سنہ ۱۳۰۰ف	۱۵	۱۵	۴	۰	۷	۰	۰	۱	۳	۰	۰
۳	سنہ ۱۳۰۱ف	۱۲	۱۲	۳	۱	۲	۰	۲	۱	۲	۰	۱
۴	سنہ ۱۳۰۲ف	۷	۷	۰	۳	۳	۰	۰	۰	۰	۰	۱

نشان سلسلہ	سنہ ف	مجموعی تعداد کتب شایع شدہ	تعداد کتب جو طبع شدہ	کتب قانون	نظم و ڈرامے	تعلیمی یا درسی	دینی یا مذہبی	تاریخ و سوانح	قصص و کہانیاں	طب و حفظان صحت	اخبارات و رسالہ جات	مختلف مضامین
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳
۵	سنہ ۱۳۰۳ف	۶	۶	۱	۱	۲	۰	۰	۰	۰	۰	۲
۶	سنہ ۱۳۰۴ف	۲۱	۲۱	۷	۱	۸	۰	۰	۰	۰	۰	۵
۷	سنہ ۱۳۰۵ف	۳۰	۳۰	۱۲	۲	۲	۰	۳	۰	۰	۰	۱۳
۸	سنہ ۱۳۰۶ف	۲۶	۲۶	۱۳	۱	۱	۰	۰	۰	۰	۰	[illegible]
۹	سنہ ۱۳۰۷ف	۱۸	۱۸	۱۰	۲	۱	۰	۰	۱	۰	۰	۴
۱۰	سنہ ۱۳۰۸ف لغایت سنہ ۱۳۱۲ف	۸۸	۸۸	۲۲	۴	۲۰	۰	۶	۳	۶	۰	۲۷
۱۱	سنہ ۱۳۱۳ف لغایت سنہ ۱۳۱۵ف	※ ۲۴۷	۶۰	۴۷	۴۱	۱۶	۳۱	۳	۰	۰	۰	۲۵
۱۲	سنہ ۱۳۱۶ف لغایت سنہ ۱۳۱۹ف	۵۱۲	۸۶	۱۶۵	۱۴۳	۶۲	۵۳	۳۳	۳۸	۱۹	۰	۰
۱۳	سنہ ۱۳۲۰ف لغایت سنہ ۱۳۲۱ف	۳۶۴	۳۵	۶۱	۷۳	۰	۳۴	۱۹	۰	۰	۰	۱۷۷
۱۴	سنہ ۱۳۲۲ف	۱۵۹	۱۵	۲۱	۴۳	-	۲۶	۵	۰	۰	۰	۶۴
۱۵	سنہ ۱۳۲۳ف	۲۲۶	۲۱	۳۴	۴۶	۲۵	۶۲	۱۷	۵	۰	۰	۳۷
۱۶	سنہ ۱۳۲۴ف	۳۹۶	۴۰	۱۲۰	۵۵	۴۳	۵۱	۱۱	۳	۱۰	۰	۶۳
۱۷	سنہ ۱۳۲۵ف	۳۲۵	۱۴	۹۴	۴۸	۲۷	۶۱	۸	۹	۲	۰	۷۶
۱۸	سنہ ۱۳۲۶ف	۱۶۱	۱۰	۲۴	۳۳	۱۶	۰	۱۰	۱	۲	۲۹	۴۶
۱۹	سنہ ۱۳۲۷ف	۱۸۶	۲۴	۳۵	۳۷	۲۷	۳۷	۳	۱	۰	۰	۴۶
۲۰	سنہ ۱۳۲۸ف	۱۷۰	۱۰	۲۵	۱۴	۱۷	۴۳	۱۱	۱۴	۵	۰	۴۱

※ بلحاظ صدر میزان تفصیل کتب کا صحیح پتہ نہیں چلا۔

نشان سلسلہ	سنہ ف	جملہ تعداد کتب شائع شدہ	تعداد کتب جو مکرر چھپیں	کتب قانون	نظم و دراما	تعلیم و درسی	دینی و مذہبی	تاریخ و سوانح	قصص و کہانیاں	طب و علم حکمت	اخلاقیات و اصلاحات	مختلف مضامین
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳
۲۱	سنہ ۱۳۲۹ف	۱۱۲	۷	۲۱	۱۱	۱۴	۳۱	۶	۲	۳	۰	۲۴
۲۲	سنہ ۱۳۳۰ف	۱۵۶	۲۳	۴۵	۲۵	۱۴	۴۰	۹	۴	۱۰	۰	۹
۲۳	سنہ ۱۳۳۱ف	۱۴۸	۴۲	۳۵	۱۴	۲۸	۰	۱۵	۰	۱۳	۲۸	۱۵
۲۴	سنہ ۱۳۳۲ف	۲۵۸	۲۰	۳۰	۲۸	۵۰	۰	۱۶	۱۸	۱۰	۴۱	۶۵
۲۵	سنہ ۱۳۳۳ف	۲۶۸	۲۸	۵۳	۶	۱۵	۰	۹	۴	۲۱	۱۰۷	۵۳

تختہ بلحاظ زبان کتب مطبوعہ ملک سرکار عالی

من ابتدائے سنہ ۱۲۹۹ف لغایتہ سنہ ۱۳۳۳ف

نشان سلسلہ	سنہ ف	تعداد اردو	تعداد فارسی	عربی	مرہٹی	تلنگی	انگریزی	سنسکرت	اردو مرہٹی	کنڑی	ہندی	گجراتی
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳
۱	سنہ ۱۲۹۹ف	۱	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
۲	سنہ ۱۳۰۰ف	۸	۳	۰	۰	۰	۴	۰	۰	۰	۰	۰
۳	سنہ ۱۳۰۱ف	۹	۲	۰	۰	۱	۰	۰	۰	۰	۰	۰
۴	سنہ ۱۳۰۲ف	۵	۲	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
۵	سنہ ۱۳۰۳ف	۳	۱	۰	۰	۰	۲	۰	۰	۰	۰	۰
۶	سنہ ۱۳۰۴ف	۱۸	۳	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰

نشان سلسلہ	سنہ ف	تعداد اردو	تعداد فارسی	عربی	مرہٹی	تلنگی	انگریزی	سنسکرت	مارواڑی	کرناٹکی	ہندی	گجراتی
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳
۷	سنہ ۱۳۰۵ف	۲۹	۰	۰	۱	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
۸	سنہ ۱۳۰۶ف	۲۶	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
۹	سنہ ۱۳۰۷ف	۱۷	۰	۰	۰	۰	۱	۰	۰	۰	۰	۰
۱۰	سنہ ۱۳۰۸ف لغایتہ سنہ ۱۳۱۲ف	۷۸	۱	۰	۰	۹	۰	۰	۰	۰	۰	۰
۱۱	سنہ ۱۳۱۳ف لغایتہ سنہ ۱۳۱۵ف	۲۱۳	۱۴	۳۵	۰	۷	۳	۰	۰	۰	۰	۰
۱۲	سنہ ۱۳۱۶ف لغایتہ سنہ ۱۳۱۹ف	۶۱۱	۲۰	۳۰	۷	۱۹	۲	۰	۰	۸	۰	۱
۱۳	سنہ ۱۳۲۰ف لغایتہ سنہ ۱۳۲۱ف	۱۲۵	۱۱	۲	۷	۴	۰	۰	۰	۰	۰	۰
۱۴	سنہ ۱۳۲۲ف	۱۴۲	۲	۳	۶	۶	۰	۰	۰	۰	۰	۰
۱۵	سنہ ۱۳۲۳ف	۲۰۰	۴	۹	۱۷	۲۳	۲	۱	۰	۰	۰	۰
۱۶	سنہ ۱۳۲۴ف	۳۱۷	۱۰	۲۲	۲۹	۱۹	۱۰	۱	۰	۰	۰	۰
۱۷	سنہ ۱۳۲۵ف	۳۳۰	۱۵	۱۴	۱۷	۱۹	۱۴	۰	۰	۰	۰	۰
۱۸	سنہ ۱۳۲۶ف	۱۹۷	۱۲	۲	۹	۱۰	۹	۰	۰	۰	۰	۰
۱۹	سنہ ۱۳۲۷ف	۲۳۲	۹	۶	۴۰	۳۰	۰	۱	۰	۰	۰	۰
۲۰	سنہ ۱۳۲۸ف	۲۵۲	۴	۸	۱۲	۷	۲	۴	۹	۰	۰	۰
۲۱	سنہ ۱۳۲۹ف	۱۲۱	۲	۱	۳	۲۰	۰	۰	۰	۰	۹	۰
۲۲	سنہ ۱۳۳۰ف	۲۷۹	۲	۲	۹	۳۷	۰	۱	۰	۰		۰
۲۳	سنہ ۱۳۳۱ف	۱۵۳	۳	۱	۲	۳	۰	۱	۰	۰	۲	۰
۲۴	سنہ ۱۳۳۲ف	۲۵۰	۱	۰	۳	۲	۰	۱	۰	۰	۱	۰
۲۵	سنہ ۱۳۳۳ف	۲۶۴	۱	۰	۱	۱	۰	۱	۰	۰	۰	۰

کتب شایع شدہ بلحاظ تعداد زباندان ملک سرکار عالی بموجب مردم شماری

نمبر شمار	نام زبان	بموجب مردم شماری سنہ ۱۳۰۱ف		بموجب مردم شماری سنہ ۱۳۱۱ف		بموجب مردم شماری سنہ ۱۳۲۱ف		بموجب مردم شماری سنہ ۱۳۳۱ف	
		تعداد زباندان	بلحاظ زبان تعداد کتب شایع شدہ	تعداد زباندان	بلحاظ زبان تعداد کتب شایع شدہ	تعداد زباندان	بلحاظ زبان تعداد کتب شایع شدہ	تعداد زباندان	بلحاظ زبان تعداد کتب شایع شدہ
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
۱	اُردو۔	۱۱۹۸۳۸۲	۸	۱۱۵۸۴۹۰	۷۸ [1]	۱۳۴۱۶۲۲	۱۲۵ [2]	۱۲۹۰۸۶۶	۲۷۹
۲	فارسی۔	۴۸۲	۳	۲۵۵	۱	۱۲۹	۱۱ [2]	۶۶	۲
۳	عربی۔	۱۲۸۶۹	-	۹۹۳۷	۰	۵۶۸۳	۲ [2]	۲۲۲۸	۲
۴	مرہٹی۔	۳۴۹۳۸۵۸	۰	۲۸۹۵۶۶۴	۰	۳۴۹۰۷۵۸	۷ [2]	۳۲۹۶۸۵۸	۹
۵	تلنگی۔	۵۰۳۱۰۶۹	۰	۵۱۴۸۰۵۶	۹ [1]	۶۳۶۷۵۷۸	۴ [2]	۶۰۱۵۱۷۴	۳۷
۶	انگریزی۔	۸۸۸۵	۴	۷۹۰۷	۰	۸۸۴۳	۰	۹۲۸۵	۰
۷	کنڑی۔	۱۴۵۱۰۴۶	-	۱۵۶۲۰۱۸	-	۱۶۸۰۰۰۵	۰	۱۵۳۶۹۲۸	۰

فہرست تاریخ دکن

ضمن (۲)

سلسلہ کے لئے ملاحظہ ہو بستان آصفیہ حصۂ چہارم ص ۲۳۶

[1] سنہ ۱۳۰۸ف لغایت سنہ ۱۳۱۲ف تک شایع شدہ کتب کی تعداد ہے۔ [2] سنہ ۱۳۲۰ف لغایت سنہ ۱۳۲۱ف تک شایع شدہ کتب کی تعداد ہے۔

ممالکت دکن کے متعلق جو تاریخی کتابین وقتاً فوقتاً مختلف زبانون مین جمع لکھی گئی ہین اُن مین سے جیسے جیسے جن کا پتہ چلتا گیا بستان آصفیہ کے حصون مین تذکرہ کیا گیا ہے یعنی بستان آصفیہ کے حصۂ اوّل مین (۲۲۰) کا اور حصۂ سوم (۲۲۰) کا حصۂ چہارم مین (۹) کا اور اس حصہ مین (۶۲) جملہ (۵۱۱) کتب کا ذکر کیا گیا ہے۔ اِن تاریخون کے مولف و مصنف کے نام و سنہ تالیف و تصنیف کی بھی صراحت کی گئی ہے۔ امید کہ اِن سے مصنفین و مولفین کو اُن کی تالیف و تصنیف مین کافی مدد ملے گی۔

نمبر	نام کتاب	نام مصنف یا مولف	سنہ تصنیف یا تالیف	قلمی یا مطبوعہ	زبان	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
۱	انوار نامہ منظوم	محمد اسمٰعیل خان امجدی	سنہ ۱۱۷۴ھ	قلمی	فارسی	حالات والاجاہ مدراس اور واقعات دکن مندرج ہین
۲	اساس ریاست کرناٹک	محمود جنگ خیر الدین		مطبوعہ	ایضاً	
۳	آصفی نامہ۔	بدیع الدین۔		قلمی	"	
۴	باغ چہار چمن۔	شیخ احمد حسینی شیروانی	سنہ ۱۳۰۰ھ	مطبوعہ	"	
۵	پتر یادی وغیرہ۔	کاشی ناتھ نارائن سانے بی۔اے	شکے سنہ ۱۸۱۱	مطبوعہ	مرہٹی	خطوط بزبان مرہٹی ٹیپو سلطان حیدر۔ پیشوا و نواب میر نظام علیخان غفران مآب
۶	تاریخ مہابت جنگ بنگالہ	مہابت جنگ		قلمی	فارسی	اس مین بعض مرقع بر حضرت غفرانمآب کا ذکر بھی ہے۔
۷	تاریخ راحت افزا۔	محمد علی ابن صادق المسی	سنہ ۱۲۵۶ھ	"	"	شاہان آصفیہ کے مکمل

نمبر سلسلہ	نام کتاب	نام مصنف یا مؤلف	سنہ تصنیف یا تالیف	قلمی یا مطبوعہ	زبان	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
۸	تاریخ سیر ہند گلگشت دکن	غلام قادر خان بیدری	سنہ ۱۲۴۹ھ	قلمی	فارسی	حالات درج ہیں۔ شش صوبۂ دکن کا محاصل وغیرہ درج ہے۔
۹	تواریخ قطب شاہی	محمد قادر خان۔	سنہ ۱۲۴۵ھ	؍؍	؍؍	
۱۰	تاریخ ؍؍ ؍؍	غلام حسین خان جواہر منصبدار۔	سنہ ۱۳۲۴ھ			
۱۱	تذکرۃ الامرا۔	درگاہ قلی خان سالار جنگ	سنہ ۱۱[illegible]ھ	قلمی	فارسی	اسمین دہلی کے واقعات اور سفرنامہ درج ہے۔
۱۲	تزک والاجاہی۔	ابن حسن نتہر نگری۔	سنہ ۱۱۸۶ھ	؍؍	؍؍	
۱۳	تاریخ بیڑ۔	محمد قطب اللہ۔	سنہ ۱۳۱۷ھ	مطبوعہ	اردو	
۱۴	تاریخ دربار آصف۔	غلام صمدانی خان گوہر		؍؍	؍؍	
۱۵	تاریخ عزیزی۔	منشی محمد عبدالعزیز خان۔	سنہ ۱۳۰۳ھ	؍؍	فارسی	دکن کے حالات اسمین درج ہیں۔
۱۶	تاریخ امجدیہ۔	قاضی امجد حسین خان۔	سنہ ۱۲۹۳ھ	؍؍	؍؍	؍؍ ؍؍
۱۷	تاریخ مالوا۔			؍؍	؍؍	
۱۸	تذکرۂ اولیا۔	عبدالجبار خان مرحوم		؍؍	؍؍	محبوب الزمن کے نام کتاب کے سلسلہ میں ہے اولیاء دکن کا مفصل ذکر ہے

نمبر سلسلہ	نام کتاب	نام مصنف یا مولف	سنہ تصنیف یا تالیف	قلمی یا مطبوعہ	زبان	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
۱۹	تاریخ قیصری۔				فارسی	
۲۰	تذکرہ الواقعات۔	اکسیر جوہر۔		مطبوعہ	رر	
۲۱	تاریخ حاجی محمدؐ۔	حاجی محمدؐ قندہاری دکنی	سنہ ۱۲۰۰ھ	قلمی۔	رر	
۲۲	قلعہ اودگیر			رر	رر	
۲۳	تاریخ نظامی	میر عالم۔		رر	رر	
۲۴	تاریخ حسن واقعات دکن			مطبوعہ	اردو	یہ مختصر تاریخ دکن ہے
۲۵	ٹیپو سلطان۔	سید امجد علی اشہری۔	سنہ ۱۹۱۰ء	رر	رر	
۲۶	حملات حیدری۔	شہزادہ غلام محمدؐ۔		رر	رر	
۲۷	حیدر علی سلطان۔	سید امجد علی اشہری۔	سنہ ۱۹۱۰ء	رر	رر	عہد قطب شاہ کے مفصل حالات درج ہیں
۲۸	حدیقہ سلاطین قطب شاہی۔	نظام الدین احمد۔	عہد عبداللہ قطب شاہ۔	قلمی	فارسی۔	
۲۹	خط راجہ ہولکر۔	راجہ اندور۔		رر	رر	
۳۰	ذرۂ اجراب دکن۔			مطبوعہ	اردو	اس میں دکن کے واقعات درج ہیں۔
۳۱	روزنامچہ وقایع ایام محاصرہ دار الجہاد۔	نعمت خانعالی۔	عہد شاہ عالمگیر	رر	فارسی	
۳۲	زبدۃ التواریخ۔	حسن صدیق۔		قلمی	رر	شاہان ہندوستان کے

	نمبر شمار	نام کتاب	نام مصنف یا مولف	سنہ تصنیف یا تالیف	قلمی یا مطبوعہ	زبان	کیفیت
	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
							واقعات کے ساتھہ دکن کے بادشاہون کے تاریخی حالات درج ہین ۔
س	۳۳	سوانح دکن ۔[۱]	میر خوانی ۔	۱۱۹۸ھ	قلمی	فارسی	
ق	۳۴	قصر دالاجاہی ۔	منشی محمد حسین تمنا ۔		”	”	
ک	۳۵	کتاب اعراس ۔			مطبوعہ	”	
گ	۳۶	گلشن ابراہیمی ۔	محمد ابراہیم خان ۔		قلمی	”	عادل شاہی تاریخ دو جلدون مین ہے ۔
	۳۷	گلزار ماہ لقا ۔	غلام صمدانی ۔	۱۹۰۶ع	مطبوعہ	اُردو	
ل	۳۸	لب التواریخ ۔	نعیم خان اورنگ آبادی		قلمی	فارسی	
م	۳۹	مرات مسعودی	مسعود خان ۔		”	”	
	۴۰	مرات الفصاد کن ۔	محمد علی ابن محمد صادق الجنی ۔	۱۲۴۰ھ	”	”	
	۴۱	ماثر دکن ۔	مولوی سید علی اصغر	۱۹۲۴ع	مطبوعہ	اُردو	آثار قدیمہ و حال حیدر آباد کا اس مین واقع ہے ۔
	۴۲	مشیر الامرا ۔	سید عبد الروف		قلمی		
ن	۴۳	نقل عرائض ناصر جنگ و ہدایت محی الدینخان	ناصر جنگ و ہدایت محی الدین خان ۔		”	فارسی	ناصر جنگ و ہدایت محی الدینخان نے جو عرائض دہلی شاہی مین

[۱] فتوحات آصفیہ منظوم　　فارسی

A list of Books relating to His Highness the Nizam's Dominions.



Dirom, Major.—A Narrative of the Campaign in India which terminated the war with Tippoo Sultan in 1792. Second edition, 1794.

Mc Auliffe, R. P.—The Nizam. The Origin and Future of the Hyderabad State being The Les Bar Prize Essay in the University of Cambridge, 1904; London 1904.

Lyall, Sir Alfred.—The Rise and Expansion of the British Dominions in India; London 1905.

Orme, R.—A history of the Military Transactions of the British Nation in Indostan from the year MDCCFXLV to which is prefixed a Description of the Establishment made by Mahommedan Conquerors in Indostan. Second edition, 2 Vols. London 1775.

Malcolm, John.—A Sketch of the Political History of India. Vol. II, London 1811.

Grant Duff, J. G.—History of the Mahrattas; Vol. III.

Smith, V. A.—The Oxford History of India.

Scott, J.—A Translation of the Memoirs of Eradat Khan, London 1786.

Mallesa, G. B.—Final French Struggles in India.



Chandrakanth Press, Hyderabad.

کیفیت	زبان	قلمی یا مطبوعہ	سنہ تصنیف یا تالیف	نام مصنف یا مولف	نام کتاب	نشان سلسلہ
۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
روانہ کئے گئے تھے جس کو میر منشی امان خان نے ترتیب دیا ہے ۔						
عہد حیدر علی کے واقعات کے ساتھ دکن کے واقعات بھی درج ہین ۔	فارسی	مطبوعہ		میر حسین علی کرمان	نشان حیدری ۔	۴۴
	عربی	قلمی	سنہ ۱۱۸۰ھ	حاجی محمد قندہاری	نظم و نسق احتشام فی مملکت نظام ۔	۴۵
دکن کے متعلق اس مین ذکر ہے ۔	اردو	مطبوعہ			نوبہار دکن ۔	۴۶
	فارسی	”	سنہ ۱۲۸۶ھ	مرزا محمد علی ۔	نجوم اسماء ۔	۴۷
شاہان دکن کی مکمل تاریخ ہے	”	قلمی	سنہ ۱۲۳۵ھ	منشی فیض اللہ براری ۔	وقایع دکن ۔	۴۸
دکن کے متعلق اس مین حالات درج ہین ۔	”	”			ہفت فتح کانگڑا ۔	۴۹
	اردو	مطبوعہ	سنہ ۱۳۲۹ھ	اعتصام الدولہ ۔	یادگار مخفی ۔	۵۰
	”	”		عبدالعزیز واصف ۔	یادگار نظام دکن ۔	۵۱

آثار قدیمہ

سلسلہ کے لئے ملاحظہ ہو بستان آصفیہ حصہ سوم ص ۵۰۲

قلعجات ملک سرکار عالی

نمبر سلسلہ	نام مقام قلعہ	بہ نام تعلقہ	بہ نام ضلع	بہ نام صوبہ	نمبر سلسلہ	نام مقام قلعہ	بہ نام تعلقہ	بہ نام ضلع	بہ نام صوبہ
۱	اناگونڈی -	گنگاوتی	رائچور	گلبرگہ	۱۵	پرینڈہ -	واسی	عثمان آباد	گلبرگہ
۲	اندرگونڈا -	سوریاپیٹھ	نلگنڈہ	میدک	۱۶	پالونچہ -	پالونچہ	ورنگل	ورنگل
۳	انتور -	کنٹر	اورنگ آباد	اورنگ آباد	۱۷	پانگل -	نلگنڈہ	نلگنڈہ	”
۴	اتھینی -		پربھنی	اورنگ آباد	۱۸	دولت آباد -	اورنگ آباد	اورنگ آباد	اورنگ آباد
۵	اوسہ -	لاتور	عثمان آباد	گلبرگہ	۱۹	دیورکنڈہ -	دیورکنڈہ	نلگنڈہ	میدک
۶	ال پور -		نلگنڈہ	میدک	۲۰	دیج) دہارور -		بیڑ	اورنگ آباد
۷	اودگیر -	اودگیر	بیدر -	گلبرگہ	۲۱	رائچور -	رائچور	رائچور	گلبرگہ
۸	انی گر -				۲۲	رام گڑہ -			
۹	بیدر -	بیدر	بیدر	گلبرگہ -	۲۳	رودرور	بودہن	نظام آباد	میدک
۱۰	بہونگیر -	بہونگیر	نلگنڈہ	میدک	۲۴	جگتیال -	جگتیال	کریم نگر	ورنگل
۱۱	بہائس بری -		اورنگ آباد	اورنگ آباد	۲۵	جعفر آباد -	بہوکردن	اورنگ آباد	اورنگ آباد
۱۲	بال کنڈہ -	آرمور	نظام آباد	میدک	۲۶	جلدرگ -	لنگسگور	رائچور	گلبرگہ
۱۳	تیس گڑہ -	نرمل	عادل آباد	ورنگل	۲۷	جالنہ -	جالنہ	اورنگ آباد	اورنگ آباد
۱۴	پہانمرہ -		بیدر	گلبرگہ	۲۸	چاندوسرف مانگ گڑہ	راجورہ	عادل آباد	ورنگل

نشان سلسلہ	نام مقام قلعہ	بلحاظ تعلقہ	بلحاظ ضلع	بلحاظ صوبہ	نشان سلسلہ	نام مقام قلعہ	بلحاظ تعلقہ	بلحاظ ضلع	بلحاظ صوبہ
۲۹	سرونگر یا سلطان نگر	اطراف بلدہ	حیدرآباد	میدک	۴۷	گہن پورہ۔	میدک	میدک	میدک
۳۰	سون۔	نرمل	عادل آباد	ورنگل	۴۸	میدک۔	میدک	میدک	میدک
۳۱	سالباری۔				۴۹	طیاباد۔	رائچور	رائچور	گلبرگہ
۳۲	سامان گڑہ۔	نرمل	عادل آباد	ورنگل	۵۰	ملنگور۔	کریم نگر	کریم نگر	ورنگل
۳۳	سیونا۔	سیلوڑ	اورنگ آباد	اورنگ آباد	۵۱	منصور (سیونا)	اورنگ آباد	اورنگ آباد	اورنگ آباد
۳۴	ظفر گڑہ۔				۵۲	مدگل۔	لنگسگور	رائچور	گلبرگہ
۳۵	عمرکھیڑ۔				۵۳	ملکھیڑ۔	چیتاپور	گلبرگہ	گلبرگہ
۳۶	فرخ نگر۔	محبوب نگر	محبوب نگر	میدک	۵۴	نلدرگ (عثمان آباد)	عثمان آباد	عثمان آباد	گلبرگہ
۳۷	قندہار۔	قندہار	ناندیڑ	اورنگ آباد	۵۵	نرمل۔	نرمل	عادل آباد	ورنگل
۳۸	کنک گیری۔		رائچور	گلبرگہ	۵۶	نظام آباد (اندور)	نظام آباد	نظام آباد	میدک
۳۹	کویلکنڈہ۔		محبوب نگر	میدک	۵۷	ناندیڑ۔	ناندیڑ	ناندیڑ	اورنگ آباد
۴۰	کلیانی۔		گلبرگہ	گلبرگہ	۵۸	نلگنڈہ۔	نلگنڈہ	نلگنڈہ	میدک
۴۱	کولاس۔		نظام آباد	میدک	۵۹	ورنگل۔	ورنگل	ورنگل	ورنگل
۴۲	کوتہلا۔	پربہنی	پربہنی	اورنگ آباد	۶۰	وارڈاپلی۔	کہم	ورنگل	ورنگل
۴۳	کوپل۔کپل۔	جاگیر نواب سالار جنگ	رائچور	گلبرگہ	۶۱	ویڈیوٹولا۔			
					۶۲	ویلگوڑیا۔			
۴۴	کہم۔	کہم	ورنگل	ورنگل	۶۳	یادگیر۔	یادگیر	گلبرگہ	گلبرگہ
۴۵	گولکنڈہ۔	آصف نگر	اطراف بلدہ	میدک	۶۴	یلگندل۔	کریم نگر	کریم نگر	ورنگل
۴۶	گلبرگہ۔	گلبرگہ	گلبرگہ	گلبرگہ					

حالات قلعجات ملک سرکار عالی

آناگوندی ۔ یہ موضع تعلقہ گنگاوتی ضلع رائچور مین واقع ہے ۔ یہان ایک قلعہ دریائے تنگ بھدرا کے بایئن جانب واقع ہے ۔ راجگان آناگوندی کا دارالسلطنت تھا ۔ یہ قلعہ نہایت بوسیدہ حالت مین موجود ہے ۔ اس کے دو حصہ ہین ۔ شمال مشرقی و جنوب مغربی ۔ جنوب مغربی حصہ مین شہر اناگوندی واقع ہے ۔ اور شمال مشرقی حصہ سے ایک میل کے فاصلہ پر واقع ہے ۔ گنگاوتی سے اناگوندی تک جو سڑک واقع ہے وہ قلعہ مین سے ہی گذرتی ہے ۔

اندرگونڈہ ۔ یہ تعلقہ سوریاپیٹ سے پانچ میل کے فاصلہ پر واقع ہے اور یہان ٹیلہ پر ایک قدیم قلعہ موجود ہے اور اوس کے قرب و جوار مین ایک قدیم باؤلی ہے اور نرسنگ جی مہاراج کا ایک مندر بھی موجود ہے ۔

انتور ۔ انتور ضلع اورنگ آباد مین جو قدیم قلعہ جات واقع ہین منجملہ اون کے یہ بھی ایک ہے ۔ خاندیس کے سرحدی ٹیکڑیون کے سلسلہ مین سے ایک ٹیکری پر یہ واقع ہے ۔ اس کی تعمیر پندرہوین صدی عیسوی کے وسط مین ایک مرہٹہ سردار نے کرائی تھی جس کے نام وہ موسوم کیا گیا ہے ۔ آخر چلکر وہ اسلامی حکومت کے قبضہ مین آگیا ۔ جنہون نے سابقہ فصیل کے اطراف دوسری ایک چھوٹی سی فصیل سنہ ۱۰۰۱ھ م سنہ ۱۵۹۲ء مین تعمیر کرائی ۔ اوس کی فصیلین کسی قدر خستہ حالت مین ہین ۔ اندرون قلعہ چند تالاب اور بڑے بڑے حوض کے علامات باقی ہین اوس مین ایک چھوٹی سی مسجد موجود ہے ۔ جس پر یہ عبارت فارسی مین کندہ ہے کہ "اس کی تعمیر اسمعیل حسن صاحب نے سنہ ۱۰۲۵ھ م سنہ ۱۶۱۵ء مین کی ہے ۔" قلعہ کی ایک فصیل پر ایک کتبہ موجود ہے کہ "چھوٹی فصیل بعہد برہان نظام شاہ اور ملک عنبر عالم العلماء کی نگرانی مین سنہ ۱۰۰۷ھ مین تعمیر ہوئی ۔" اور اخیر کتبہ دروازہ کے کمان پر سنہ ۱۰۳۵ھ م سنہ ۱۶۲۵ء درج ہے اور یہ نوشتہ ہے کہ

بحکم ملک عنبر یہ کمان تعمیر کی گئی۔ قلعہ سے دو میل کے فاصلہ پر جانب جنوب راستہ پر ایک مربع پتھر کا مینار ہے وہ مانند راہ نما کام دیتا ہے۔ اوس پر یہ عبارت کندہ ہے۔ کئی سو میل کے قصبات اور بڑے بڑے شہرون کے نام درج ہین اور وہان سے وہ کتنے فاصلہ پر اور کس جانب واقع ہین۔ ناگپور۔ جالنہ میواڑ۔ چالیس گاؤن۔ انتور۔ برہان پور۔ دولت آباد اور احمد نگر کے نام درج ہین۔ اور اوس کتبہ مین یہ بھی تحریر ہے کہ یہ مینار بعہد مرتضیٰ نظام شاہ سنہ ۱۰۰۰ھ م سنہ ۱۵۹۱ء مین تعمیر کیا گیا۔

اتھن تی یا اٹولی۔ ع | جنتور سے یہ سات میل فاصلہ پر واقع ہے یہ ایک قدیم اور بوسیدہ قلعہ ہے۔

اوشہ۔ ع | یہ نلدرگ سے (۳۲) میل کے فاصلہ پر واقع ہے قصبہ مذکور کے قریب ایک قدیم قلعہ ہے۔

اِل پوریا مائی لوا۔ ع | سوریا پیٹھ سے آٹھ کوس کے فاصلہ پر واقع ہے۔ وہان کی ویران حالت مین ایک قلعہ موجود ہے۔

بیدر۔ ع | حیدرآباد سے شمال مغربی گوشہ مین (۷۲) میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ یہان شیوجی کا ایک مندر واقع ہے۔ جس کی عظمت کی وجہ سے راجگان ورنگل اس کو بہت ہی مقدس مقام تصور کرتے تھے اور اون کے منجملہ ایک راجہ نے اس دیول کے نام بہت سے عطیات دئے اور اوس وقت سے آبادی قصبہ مین ترقی ہوئی۔ پہلے مرتبہ بیدر کا ذکر تاریخ مین سنہ ۱۳۲۳ء مین آتا ہے جبکہ الف خان اور اوس کے بعد محمد تغلق نے یہان پر محاصرہ کرکے اوس کو اپنے قبضہ مین لے لیا۔ جبکہ دکن کے صوبہ دارون نے شاہی حکومت کے مقابلہ مین سنہ ۱۳۴۳ء مین بغاوت کرکے اپنے خودمختاری کا اعلان کیا اور محمد تغلق سے دوستانہ تعلقات قطع کئے تو اوس وقت یہ قلعہ اوس کے داماد عماد الملک تبریزی کے قبضہ مین تھا۔ جو بادشاہ کی طرف سے باغیون کے تعاقب کے واسطے آیا تھا ظفر خان جو بعد مین حسن گنگو بہمنی کے نام سے موسوم کیا گیا اور جس نے اس خاندان کا سلسلہ گلبرگہ مین قایم کیا یہان پر شہنشاہ کی طرف سے (۲۰۰۰۰) سوار کے ساتھ باداو فوج راجگان ورنگل پر حملہ کیا۔ اس جنگ مین عماد الملک مارا گیا اور اوس کے ہمراہی فرار ہوکر قلعہ قندہار مین پناہ گزین ہوئے۔ اس کے بعد سنہ ۱۴۲۳ء تک پھر بیدر کا ذکر تاریخ مین نہین پایا جاتا ہے۔ جبکہ بہمنی خاندان کے سلسلہ کے دسوین حکمران

احمد شاہ ولی نے قدیم شہر کی بنیاد ڈالی اور اوس کو اپنا پایہ تخت بنایا اُس خاندان کے خاتمہ تک اور اوس کے بعد برید خاندان تک یہ دار الخلافت رہی۔ تھوڑے عرصہ کے لئے بیجاپور کے حکمران کے قبضہ مین گیا اور اس کے بعد اورنگ زیب نے اپنا تصرف قایم کیا۔ اس قلعہ مین بہت سے شاہی محل، مساجد اور دیگر عمارات بوسیدہ حالت مین ہین۔ شاہی محلات کے منجملہ ایک محل موسومہ بہ رنگ محل واقع ہے۔ دوسرے وسیع عمارات کے منجملہ سولہ[16] کہم کی مسجد ایک مشہور مقام ہے۔ یہ شاہی محل کے عقب مین ہے اور اس کو سولہ ستون ہین۔ اس کے علاوہ (۱) تخت محل جہان پر شاہی مسند ہے۔ (۲) ترکش محل جہان سے حکمران عامہ خلائق کو کچہ نصیحت فرمایا کرتے تہے۔ (۳) گگن محل یہ بادشاہون کا خاص مقام تہا اور اب اس وقت یہان ضلع کا دفتر موجود ہے۔ (۴) دیگر عمارات اغراض فوج کے لئے تعمیر کردہ بہی موجود ہین۔ اس قلعہ مین بہت سے توپین ہین اون کے منجملہ ایک توپ جس کا طول (۲۳) فٹ ہے۔ اس کی نالی کا دور (۲۵) انچ ہے موجود ہے۔

بہونگیر عـ۱ کا مشہور قدیم قلعہ ریلوے بجواڑہ لائین پر حیدرآباد سے جانب مشرق (۳۰) میل کے فاصلہ پر واقع ہے وہ ایک علحدہ بلند پہاڑ پر واقع ہے۔ قدرتی طور پر پہاڑ اس طرح واقع ہے کہ دو حصہ مین تقسیم ہے۔ ایک نیچے کا حصّہ اور دوسرا بالائی۔ بالائی حصّہ پہاڑ کی چوٹی پر اور نیچے کا حصّہ اُس پہاڑ کے چوڑے اتار پر گاؤن کے رخ پر واقع ہے۔ قلعہ کے روبرو اور نیچے کے حصّہ مین ایک گہرا شگاف ہے جو اس پہاڑ کو دو حصون مین تقسیم کرتا ہے۔ اس کے اطراف ایک فصیل ہے جو نالاب کی مینڈ کے لئے بہی کارآمد ہوسکتی ہے۔ وہان پہاڑ کا پانی چہوٹے چہوٹے تنگ نالون سے آنکر وہان جمع ہوتا ہے۔ بالائی حصّہ قلعہ مین ایک اسلامی شاہی محل ویران حالت مین موجود ہے جہان سے اطراف واکناف کا خاصہ نظارہ دیکہائی دیتا ہے۔ اوس کے قریب ایک چہوٹا سا برج ہے۔ اسپر دو توپ ایک برنجی اور دوسری آہنی موجود ہین قلعہ کے نزدیک جانب شمال ایک بیل کا بت (نندی) شکستہ حالت مین موجود ہے۔ اوس کے قریب مندر کے دو ستون موجود ہین۔ جو قلعہ کے نیچے کے حصّہ مین واقع ہین۔ سابق مین کم از کم یہان ایک مندر ہونے کی علامت پائی جاتی ہے۔

اس قلعہ کے متعلق جو زیادہ دلچسپ واقعہ ہے وہ یہ کہ زمانۂ قدیم مین راجگان ورنگل نے شہر کی حفاظت کی غرض سے اس کو تعمیر کرایا تھا۔ بعد اسلامی حکومت کے زمانہ مین اس کی مکرر تعمیر ہوئی۔ راجگان کی تعمیر کردہ فصیل اور دروازہ موجود ہے جس سے سابقہ راجگان کی تعمیر کردہ اور حالیہ اسلامی عہد کے تعمیر کا امتیاز ہوتا ہے۔ زمانۂ قدیم کی سنگ بستہ تعمیر ہے۔ اور حالیہ معمولی تعمیر ہے۔ قدیم فصیل کی تعمیر کی علامت صریح طور پر ظاہر ہوتی ہے۔ قدیم زمانہ کے جو بروج موجود ہین عموماً وہ مربع شکل کے ہین۔ قدیم زمانہ کے اہل ہنود کی تعمیر مربع شکل کی ہے۔ اور کماندار اور پہلو دار کام اسلامی زمانہ کا ہے۔ اندرون قصبہ اور اوس کے اطراف مین ذیل کے عمارات ہین۔ (۱) عیدگاہ (۲) سید جمال الدین بہار صاحب کا مقبرہ ہے۔ جس کو سرکار سے کچھ اراضیات بطور انعام مقرر ہین (۳) سید حاجی اطرانی کا ایک مقبرہ ہے۔ اوس کے اخراجات کی غرض سے (۲) بیگہ انعام مقرر ہے اس کے علاوہ اور چند مساجد اور ایک دیول موجود ہے۔

بہائی بیری ۔ [۱۱ع] اجنٹہ سے جانب مغرب چھہ میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ قلعہ کی فصیل پر چھہ قسم کے گرنال ہین۔ اندرون تمام عمارات بوسیدہ حالت مین ہین۔ اوس مین جین یا بودہ لوگونکا ایک مندر ہے۔ جس کا طول و عرض (۲۶) اور (۲۴) فیٹ ہے۔

بالکنڈہ ۔ [۱۲ع] (اندور) نظام آباد سے (۲۲) میل کے فاصلہ پر یہ واقع ہے۔ وہان ایک قدیم بوسیدہ قلعہ ہے۔ اور اُس مین ایک قدیم آہنی گرنال ہے۔

بتیس گڑہ ۔ [۱۳ع] نرمل کے اطراف جو بہت سے قلعہ جات ہین منجملہ اون کے یہ ایک قدیم قلعہ ہے جو نرمل سے جانب مشرق ایک میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔

پرینڈہ ۔ [۱۵ع] یہ قدیم قلعہ نلدرگ سے (۴۶) میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ محمد شاہ بہمنی کے وزیر اعظم محمود گاوان نے جو بہت سے قلعہ جات تعمیر کئے تھے منجملہ اون کے یہ ایک ہے۔ اس سے اطراف ایک چوڑا خندق ہے۔ قلعہ کے دروازے نہایت مستحکم اور فصیل سنگ بستہ ہے اور جا بجا بروج اور اُن پر بڑے بڑے گرنال رکھے ہوئے ہین۔ ملک میدان نامی برنجی توپ اس وقت

جو بیجاپور مین موجود ہے وہ ابتدا اسی قلعہ مین تھی ۱۶۰۵ء مین مغلون نے جس وقت احمد نگر کو فتح کیا تو نظام شاہی کا پایہ تخت تھوڑے عرصہ کے لئے یہان منتقل ہوا۔ ۱۶۳۳ء مین شہنشاہ شاہجہان کے سپہ سالار اعظم خان نے یہان پر چڑہائی کی تھی لیکن وہ ناکام رہا جب اورنگ زیب دکن کا صوبہ دار بنا اوس نے اس کو فتح کیا۔ شہر کا بہت سا حصہ ویران حالت مین ہے۔ لیکن قلعہ مذکور کسیقدر بہتر حالت مین ہے۔

پالونچہ۔ [۱۶] بھدراچلم سے چودہ میل کے فاصلہ پر ایک قلعہ واقع ہے۔

دولت آباد۔ [۱۸] یہ مشہور قدیم قلعہ ہے۔ جس کے نیچے مستحکم شہر واقع ہے۔ اورنگ آباد سے ۸ میل شمال مغربی سمت پر واقع ہے۔ اس قلعہ کی بلندی سطح زمین سے (۶۴۰) فٹ ہے۔ اس کا قدیم نام دیوگڈہ یا دیوگڑہی تھا ۱۲۹۵ء مین اس کو مسلمانون نے فتح کیا تھا۔ سلطان محمد تغلق نے اس کا نام ۱۳۳۸ء مین دولت آباد رکھا۔ اسواسطے کہ وہ اس کو اپنا پایہ تخت بنانا چاہتا تھا۔ یہ قلعہ علی الترتیب بہمنی۔ نظام شاہی۔ مغلیہ بادشاہون کے قبضہ مین رہا۔ یہان سلطان علاء الدین خلجی کا بنایا ہوا ایک رفیع الشان مینار سو فیٹ بلند اور ۷۰ فٹ عریض ہے۔ جنوبی سمت مین قلعہ کے اندر ایک محل ۸۴۹ ہ م ۱۴۴۵ء کی تعمیر شدہ ہے جس پر کتبہ بھی موجود ہے۔ مینار کے قریب کالی کا ایک مندر ہے چینی محل مین تاناشاہ گولکنڈہ محبوس رہے اور یہین انتقال کیا۔

دیور کنڈہ۔ [۱۹] نلگنڈہ سے (۳۲) میل کے فاصلہ پر یہ واقع ہے۔ یہان ایک قدیم قلعہ ہے کہا جاتا ہے کہ اوس کا طول (۴) میل اور عرض ایک میل ہے۔ اس مین اہل اسلام اور دیگر اقوام کے مقابر مین اور سید سلیمان صاحب کا ایک مقبرہ موجود ہے جس پر چار سطری عبارت کا بزبان فارسی ایک کتبہ ہے۔ اس مقبرہ کے اخراجات کی غرض سے کچھ نقدی معاش اور اراضی سرکار سے عطیہ ہے۔

رائچور۔ [۲۰] بلدۂ حیدرآباد سے ایکسو پانچ (۱۰۵) میل کے فاصلہ پر جانب جنوب و مغربی گوشہ پر واقع ہے وہان نہایت قدیم قلعہ واقع ہے۔ ورنگل و بیجانگر کے راجگان اور بہمنی فرمانروا گلبرگہ کے

زیر حکومت جس قدر قلعہ جات تھے منجملہ اون کے یہ ایک نہایت اہم قلعہ تھا۔ ایسے موقع پر واقع ہے
کہ کرنل میڈوز ٹیلر صاحب اس کی نسبت کہتے ہین کہ مغربی اہل ہنود اور جین کے فرمانروایان
و نیز اہل ہنود و اہل اسلام کے راجگان کا یہ مقام تھا۔ رائچور اپنے قلعہ کے باعث مشہور ہے۔
اور یہ قلعہ بمثل بھونگیر قدیم راجگان ہنود نے تعمیر کیا اور بعد مین حسب ضرورت اسلامی فرمانرواؤن
نے بھی اس کی ترمیم کی ہے۔ اور تعمیر کی وضع قطع مثل قلعہ بھونگیر ہے۔ اس کی فصیل نہایت پست
ہے اور آسانی کے ساتھ اوس پر چڑھ سکتے ہین۔ ٹیکڑی کے سبب سے بڑی چوٹی پر ایک بڑی
لانبی توپ موجود ہے۔ اس قلعہ مین خاص طور پر دلچسپی کے قابل یہ ایک بات ہے کہ قلعہ کے مغربی
دروازون کے منجملہ ایک دروازہ سے کئے گز کے فاصلہ پر دیوار پر یہ عبارت تلگو زبان مین
عمدہ تراشے ہوئے لانبے پتھر پر کتبہ موجود ہے۔ اوس مین یہ تحریر ہے کہ قلعہ کی تعمیر گوری گونگیا
راے واری سنہ ۱۲۹۴ء مین کی تھی اور راجگان ورنگل کے قدیم کامون کے منجملہ ایک اور کام
پایا جاتا ہے۔ یہ قلعہ سرحد پر واقع ہونے سے فرمانروایان بہمنی اور راجگان وجیے نگر کے باہمی جنگ
و جدال کا مرکز تھا۔ جس پتھر پر کتبہ موجود ہے وہی اس قلعہ مین سب سے بڑا پتھر ہے۔ اس مین شک نہین
کہ اس کتبہ کے لئے اوسے منتخب کرنے کی خاص وجہ یہ تھی کہ وہ اس قدر بڑا سنگین تھا کہ اوس کو
کبھی وہان سے ہٹایا نہ جائے۔ اوس کا طول (۴۱) فٹ (۶) انچہ ہے۔ اور اس کے منجملہ (۱۳)
فٹ پر کتبہ واقع ہے۔ اوس کے قریب کے ایک دوسرے پتھر پر معمولی خط سے یہ کندہ ہے کہ کان سے
اس قدر بڑا پتھر کس طرح لایا گیا۔

جگتیال۔۲۲ کریم نگر سے جانب شمال مغرب (۳۰) میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ یہ ایک قدیم مشہور
قلعہ ہے۔ وضع قطع قلعہ نزل کے مطابق ہے۔ وہان کے چند عجیب وغریب توپین اور بندوقین
کریم نگر کے کلب ہوس مین رکھے ہوئے تھے۔

جعفر آباد۔۲۳ یہ اورنگ آباد سے شمال مغربی گوشہ مین (۵۰) میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ اور یہ موضع
جاگیر نواب عباس علیخان ہے۔ وہان کے قلعہ مین ایک خوش وضع حوض واقع ہے اور اس پر

ایک کتبہ موجود ہے جس پر یہ عبارت تحریر ہے کہ اس کی تعمیر بحکم شاہ جہان مصطفےٰ خان ترکمان نے سنہ ۱۰۴۰ء م سنہ ۱۶۳۰ء مین کی ہے۔

۲۶
جلدرگ۔ | یہ قدیم قلعہ لنگسگور سے جانب شمال و مغرب تقریباً (۱۲) میل کے فاصلہ پر دریائے کرشنا کے ایک بڑے جزیرۂ مین واقع ہے۔ اسی جگہ ندی کے ہر دو کنارہ بلند اور پتھریلے ہین اور اوس جزیرے مین داخل ہونے کے لئے دقت گذرتی ہے۔ اس کے علاوہ جزیرہ اور ندی کے کنارہ کے درمیان ہر دو جانب ندی کے پاٹ ہین وہ نہایت تنگ اور خوفناک ہین۔ جس بند پر قلعہ تعمیر ہوا ہے وہ ندی کے تہ سے (۳۰۰) فٹ بلند ہے اوس کے قرب وجوار مین ایک کتبہ موجود ہے جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ یہ قلعہ دیوگڑھ مین (دولت آباد) کے راجگان کے خاندان کے ایک راجہ نے بارہوین صدی عیسوی کے آخر مین تعمیر کیا۔

۲۷
جالنہ۔ | یہ ایک قدیم قلعہ ہے۔ اب ویران حالت مین ہے۔ فصل خان نے سنہ ۱۷۲۵ء مین اس کو تعمیر کیا تھا اوس مین ایک بڑی باؤلی خستہ حالت مین ہے۔ اوس پر ایک کتبہ بہ حروف بالیودہ ہے۔ یہ اورنگ آباد سے جانب مشرق چالیس ۴۰ میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔

۲۸
چاندور عرف مانک گڑہ۔ | سرپور تانڈور سے جانب شمال و مغرب (۳۲) میل کے فاصلہ پر واقع ہے وہان کا قدیم قلعہ مانک گڑہ کہلاتا ہے۔ جو زمانۂ سلف مین مانکیا گونڈ نے تعمیر کیا۔

۲۹
سرورنگر یا سلطان نگر۔ | یہ قلعہ متصل سرورنگر جانب شرق علاقہ دیوانی کا سنہ ۱۰۳۰ء م سنہ ۱۶۲۰ء کا تعمیر کردہ خستہ حالت مین موجود ہے۔ یہ سلطان محمد قطب شاہ سادس نے سنہ ۱۰۳۰ء م سنہ ۱۶۲۰ء مین حیدرآباد سے تین کوس مشرق مین تعمیر کرانے کی غرض سے بنیاد ڈالی تہی پہلے وسط قلعہ مین ایک مسجد بنوائی جو اسوقت تک سلامت ہے۔ اس کے بعد عیدگاہ اور دیوار و عمارتہائے شاہی کی تیاری شروع کرائی۔ اس کا دوہیرا حصار تھا۔ بیرونی حصار کے گرد ایک خندق پچاس گز چوڑی نہایت گہری کھدوا کر اوس پر پچیس ۲۵ گز عریض حصار شہر کی دیوار پتھر اور گچ سے بنوانا شروع کی۔ اور یہ ارادہ تھا کہ جب وہ سطح زمین تک بنجائے تو اوس پر صرف آٹھ گز چوڑی

دیوار حصار بنوائی جائے ۔ ان عمارات کی تعمیر مین (۱۴) لاکھ ہن یعنی چودہ لاکھ روپیہ صرف ہو چکے تھے ۔ لیکن سنہ ۱۰۴۱ھ م سنہ ۱۶۳۱ء مین بادشاہ تپ محرقہ مین مبتلا ہو کر انتقال کر جانے کی وجہ سے قلعہ ناتمام رہ گیا ۔ اور سلطان عبداللہ نے اس کو نامسعود تصور کر کے اس کی تعمیر مزید کو ملتوی کرا دیا ۔ فی الحال بیرونی حصار اور مکانات بہت خستہ حالت مین ہین ۔ اور پرانے قلعہ کے نام سے مشہور ہین ۔

سون ۔ [نمبر ۳۱] نرمل سے جانب جنوب (۸) میل کے فاصلہ پر دریائے گوداوری کے شمالی کنارہ مین ایک پہاڑی پر واقع ہے ۔ یہ قلعہ اوسی نمونہ کا تعمیر کردہ ہے جیساکہ نرمل کا قلعہ اس قلعہ کا ایک ہی دروازہ ہے جو نرمل رویہ ہے ۔ اور اس مین معمولی عمارات ہین ۔

ساماں گڑھ ۔ [نمبر ۳۲] نرمل سے دو میل کے فاصلہ پر واقع ہے ۔ یہ ایک چھوٹا سا بمثل قلعہ نرمل مکمل تعمیر شدہ قلعہ ہے ۔ اور یہ قلعہ تقریباً (۴۰۰) مربع گز ہے ۔

قلعہ ظفر گڑھ ۔ [نمبر ۳۴] اس قلعہ کی تیاری سنہ ۱۱۸۵ف مین ہوئی مگر تعمیر کا کام ختم نہ ہونے پایا تھا کہ نواب ظفر الدولہ بہادر کا انتقال ہو چکا ۔ چنانچہ بعض توپون پر سنہ ۱۱۸۵ف کندہ ہے کہ یہ تاریخ تیاری توپ کی ہے ۔ جس تاریخ قلعہ کو روانہ ہوئے ہین وہ یہی تاریخ ہے ۔

عمر کھیڑ ۔ [نمبر ۳۵] یہ پربھنی سے (۲۰) میل جنوبی سمت پر واقع ہے ۔ فی الحال یہان صرف پتھر اور مٹی کا بنا ہوا قلعہ ہے جس کی حالت روبہ تنزل ہے ۔

قندھار ۔ [نمبر ۳۷] ناندیڑ سے (۲۵) میل کے فاصلہ پر واقع ہے ۔ یہ قلعہ بعہد قدیم راجہ سومدیو کا تخت گاہ تھا جو چوتھی صدی عیسوی مین یہان حکمران تھا ۔ سنہ ۱۶۳۰ء مین مغلیہ اور دکھنی فوجون مین یہان اکثر لڑائیان رہین ۔ فصیل قلعہ کے اندر ایک قدیم ویران مسجد واقع ہے اور خاردار درختون سے قلعہ بھرا ہوا ہے ۔

کنک گیری ۔ [نمبر ۳۸] مدگل سے (۳۰) میل کے فاصلہ پر ضلع رائچور مین واقع ہے ۔ یہ قدیم پولیگار بیڈر سردارون کا پایہ تخت تھا جن کا تعلق سابق مین راجگان وجیانگر سے تھا ۔ کنک گیری کے

تحت اور چند قلعے پولیگاروں کے ماتحت تھے۔ لیکن آصفجاہی عہد میں پولیگاروں نے بغاوت اختیار کرکے لوٹ مار شروع کر دی تھی۔ اس وجہ سے ان کا ملک ضبط کرکے کنک گیری بطور جاگیر کے اس خاندان میں بحال کر دی گئی۔ یہاں پر ایک بڑا مندر اور بعض چھوٹے مندر موجود ہیں۔ اور پتھر کے تراشے ہوئے خوبصورت حوض بھی یہاں پائے جاتے ہیں۔

کلیانی۔ بیدر سے (۳۶) میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ یہ قدیم شہر چالکیہ خاندان کا پایہ تخت رہا ہے۔ کسی زمانہ میں یہاں عالیشان محلات اور مندروں کی عمارات تھی۔ لیکن تقریباً چارسو سال تک خاندان چالکیہ کے خاتمہ تک لڑائیوں کا سلسلہ جاری رہا اور اسلامی حملوں کے بعد سے اب قدیم زمانے کے عمارات منہدم ہوگئے ہیں۔ اور قصبۂ کلیانی فی زمانہ ایک جدید شہر سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتا ہے۔

کولاس۔ بیدر سے شمالی شرق میں (۳۲) میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ یہ ایک چھوٹی سی ٹیکری پر تعمیر کیا گیا ہے۔ جس کے اطراف ایک ندی کا گھیرا ہے۔ بارہویں صدی میں اس کی تعمیر راجگان ورنگل نے کی اور اس کو ولیعہد الف خان نے ۱۳۲۳ء میں فتح کیا۔ اور اس کے بعد محمد تغلق۔

کمپل۔ لنگسگور کے جنوب مغربی گوشہ میں صدر مرہٹا ریلوے لین پر تقریباً (۶۰) میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ یہاں ایک پہاڑی قلعہ قابل ذکر موجود ہے جو کسی پالیگار نے کئی صدی قبل تعمیر کرایا تھا۔ ۱۷۸۶ء میں یہ ٹیپو سلطان کے قبضہ میں تھا اور اوس وقت اوس کے فرانسیسی انجینروں نے زیریں قلعہ کی تعمیر و ترمیم کی سنہ ۱۷۹۱ء میں یہاں پر سرکار انگریز اور نظام کے طرف سے محاصرہ ہوا۔ قلعہ کے فصیل کے اندر دو حصے قلعہ کے ہیں۔ بالا حصار پہاڑ کی چوٹی پر واقع ہے۔ اور اس کا رقبہ کئی مربع میل کا ہے۔ یہ قلعہ اطراف کے سطح زمین سے (۴۰۰) فٹ بلندی پر ہے۔ اور جبکہ اس کی حالت اچھی تھی تو مقابلے بھی بڑے ہی سنگین ہوئے ہوں گے۔

سر جان مالکم صاحب نے سنہ ۱۷۹۰ء مین اس کی نسبت بلا مبالغہ یہ بیان کیا ہے کہ تمام ہندوستان بھر مین اس کے مقابلہ مین کوئی اور مقام ادہین نظر نہین آیا۔ کرنل میڈو ز ٹیلر صاحب کا بیان ہے کہ اس قلعہ مین داخلہ ہی غیر ممکن ہے بجز اون سیڑھیون کے جو بہت ہی تنگ اور پہاڑی غیر محفوظ ہین۔ یہان جو بہت سی توپین لائے گئے ہین اون کے مشکلات کا اندازہ بھی غیر ممکن ہے یہ نواب سالار جنگ کی جاگیر ہے۔

گولکنڈہ ۴۵۔ یہ قلعہ علاقہ صرف خاص مبارک کا عہد راجگان ورنگل و قطب شاہیہ کا ہے جو محفوظ حالت مین پرانے پل سے مغربی سمت مین دو میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ قلعۂ گولکنڈہ کے متعلق ماثر عالمگیری سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس کا پرانا نام "منکل" تھا۔ اور راجہ ورنگل دیورائے کے اسلاف نے اس کو مٹی کی دیوارون سے بنایا تھا۔ سلطان محمد شاہ بہمنی کے عہد سلطنت (سنہ ۱۳۵۸ء و سنہ ۱۳۷۵ء) مین اسی قلعہ کو ورنگل کے راجہ نے بذریعہ عہد نامہ بہمنی سلطنت کے تفویض کر دیا تھا۔ اس کے بعد سنہ ۱۵۱۸ء تک اس کا شمار بہمنی سلطنت کے اہم قلعہ مین ہوتا تھا سنہ ۹۲۴ھ م سنہ ۱۵۱۸ء مین سلطان محمد شاہ بہمنی کے انتقال کے بعد جبکہ دیگر صوبہ دار خود مختار ہو چکے تھے اور بیدر پر "بُرید شاہی" حکومت قایم ہو چکی تھی۔ سلطان قلی صوبہ دار تلنگانہ نے بھی اپنی خود مختاری کا اعلان کر کے گولکنڈہ کو اپنا دار القرار بنایا۔ سلطان قلی قطب شاہ اوّل نے قلعہ مین اور عمارتون کا اضافہ کر کے اوس کو محمد نگر کے نام سے موسوم کیا۔ پھر سلطان ابراہیم قطب شاہ رابع نے گچ اور پتھر سے اس کا حصار تعمیر کرایا۔ اس قلعہ کی جنوبی سمت سے شہزادہ محمد اعظم کی فوج کے حملہ کے اس طرف بنظر استحکام موسٰی برج بنوایا گیا۔ قلعہ کا ارتفاع (۴۰۰) چار سو فٹ اور حصار قلعہ کا طول چار میل ہے۔ جس پر نصف دائرہ نما (۸۷) برج پچاس سے ساٹھ فٹ تک مرتفع بنے ہین۔ دیوار حصار کے بعض پتھر ایک ایک ٹن وزنی ہین۔ قلعہ کے آٹھ دروازے حسب ذیل ہین۔

(۱) فتح دروازہ۔ (۲) مکہ دروازہ۔ (۳) پٹنچرو دروازہ۔ (۴) بنجاری دروازہ۔

(۵) جمالی دروازہ۔ (۶) موتی دروازہ۔ (۷) بہمنی دروازہ۔ (۸) نیا قلعہ دروازہ۔ فی الحال صرف ۵،۴،۳،۲ زیر استعمال ہین۔ فتح دروازہ سے مغلیہ فوج قلعہ مین داخل ہوئی تھی۔ اور اس دروازہ کا یہ نام اورنگ زیب کا رکھا ہوا ہے۔ فصیل قلعہ کے باہر (۵۰) فٹ عریض ایک گہری خندق ہے۔ اور قلعہ مین داخلہ کا صدر دروازہ اسوقت تک فتح دروازہ ہے جس کے اندر محلات شاہی امراء فوج کے قیام گاہین۔ مساجد۔ مندر ما ونا۔ باروت کے کوٹھے۔ سلاح خانے بازار وغیرہ منہدم حالت مین موجود ہین۔ اور قلعہ کے اندر زراعت بھی ہوتی تھی۔ اس قلعہ مین اتنی وسعت ہے کہ خطرہ کے زمانہ مین بلدہ کی آبادی کا غالب حصّہ اسی کے اندر قیام پذیر ہوتا تھا۔ فی الحال قلعہ مین جامع مسجد۔ مندر ما ونا۔ بالاحصار اور دو منزلہ شاہی بارہ دری محفوظ حالت مین ہین۔ اسی بارہ دری کے ایک گوشہ مین غار نما راستہ ہے۔ جس کی نسبت مشہور ہے کہ یہان سے گوشہ محل تک جس کی مسافت (۵) میل ہے۔ شاہی آمد و رفت خاص مواقع پر اسی راستہ سے ہوتی تھی۔ قلعہ کی چڑہائی پر چھوٹی سی مسجد سلطان ابراہیم قطب شاہ کی بنوائی ہوئی ہے حال مین سررشتہ آثار قدیمہ کی جانب سے اس کی مرمت کرادی گئی۔ قلعہ کے شمال مین سوا میل کے فاصلہ پر شولاپور کے قدیم راستہ پر چھوٹی چھوٹی پہاڑیان واقع ہین۔ آخری محاصرہ گولکنڈہ کے موقع پر بادشاہ اورنگ زیب کا کیمپ اسی مقام پر تھا۔

پنچہر دروازہ سے ایک ہزار قدم کے فاصلہ پر شاہان قطبیہ کے مقابر واقع ہین۔ قلعہ مین اس وقت تک افواج باقاعدہ سرکار عالی کے سپاہی اور افسر رہتے ہین۔

قلعہ کے متصل حضرت حسین شاہ ولی کی درگاہ ہے۔ جنہون نے سنہ ۹۷۰ھ م سنہ ۱۵۶۲ع مین حسین ساگر بنوایا تھا۔ اور سلطان ابراہیم قطب شاہ کے داماد تھے۔ آپکا وصال ۴ جمادی الثانی سنہ ۱۰۴۲ھ م سنہ ۱۶۳۲ع کو سلطان عبداللہ کے عہد مین ہوا۔ چنانچہ موجودہ گنبد اور مسجد اسی بادشاہ کی بنوائی ہوئی ہے۔

نوٹ۔ مندر ما ونا غالباً راجگان ورنگل کے عہد کا ہے۔ اور اس کی وجہ تسمیہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ

بقیہ نوٹ۔ ماونا چونکہ قطب شاہی بادشاہوں کا ایک با اقتدار وزیر تھا۔ اس لئے اس کے نام سے بعد میں مشہور ہوگیا۔ چونکہ بادشاہ قلعہ میں فروکش رہتے تھے اس لئے ہندو مشیران سلطنت کی پرستش گاہ کے طور پر یہ کام آتا تھا۔ یہ دیول اسلامی بادشاہوں کے رواداری کی ایک نہایت روشن نظیر ہے انہوں نے باوجود اختلاف عقیدہ نہ صرف اپنی فرودگاہ میں بلکہ مسجد شاہی سے اس قدر قریب اس صنم خانہ کے بقاء کو جائز رکھا۔

گلبرگہ[۴۶] حیدرآباد سے جانب شرق (۱۰۴) میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ قدیم راجہ کلی چند کے عہد کا تعمیر شدہ قلعہ ہے۔ ایک مسجد اور ایک مندر ہے۔ یہ مندر توڑکر اوس کی مسجد بنائی گئی ہے اور اوس کے قریب میں ایک عجیب و غریب توپ (۲۲) فٹ لانبی ہے جس کو (۲) لوہے کے کڑیاں لگائے گئے ہیں تاکہ وہ لٹکائی جاسکے۔ اس کے اندرونی عمارات اکثر و بیشتر خستہ حالت میں ہیں فی الحال اس میں صحن بھی ہے بلکہ پوری مسجد مسقف ہے۔ اس کے برجوں پر قدیم توپیں اس وقت تک موجود ہیں۔ قلعہ کے بعض دروازے اور برج اس وقت تک محفوظ حالت میں ہیں۔ اور اسلامی عہد کے کتبات متعدد مقامات پر نصب ہیں۔ یہ ایک قدیم زمانہ کے راجگان ورنگل کے زمانہ کا مشہور قلعہ تھا۔ اوس کے بعد اسلامی سلطنت بہمنی و عادل شاہی سلاطین کے قبضہ میں رہا۔ یہاں پر حضرت خواجہ بندہ نواز گیسو دراز رحمتہ اللہ علیہ ایک نامی گرامی اولیا کی مزار ہے جو اس مقام پر بعہد فیروز شاہ سنہ ۱۴۱۳ء میں تشریف لائے تھے۔

میدک۔[۴۷] حیدرآباد سے جانب شمال (۴۷) میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ یہ قلعہ ایک بلند پہاڑ پر واقع ہے۔ اس کو دو حصار ہیں۔ ایک پہاڑ کے تہ کو اور دوسرا اس کی چوٹی کے اطراف یہ قلعہ غالباً سولہویں صدی میں ہندو راجگان نے تعمیر کیا۔ اور اوس کے بعد تقریباً سنہ ۱۶ء میں یہ قلعہ اسلامی حکومت کے تابع ہوگیا۔ یہ قیاس اس بناء پر کیا جاتا ہے کہ اسی پہاڑ کی چوٹی پر جہاں قلعہ کی تعمیر ہوئی ہے پتھر کندہ کئے ہوئے دیول کے کام پائے جاتے ہیں۔ اس قلعہ میں پانچ دروازے ہیں۔ دوسرے دروازے میں داخل ہوتے ہی مبارک محل کی عمارت کی طرف

راستہ جاتا ہے اور آخری پانچوین دروازے کو ہاتھی کا دروازہ کہا جاتا ہے۔ یہان ایک پتھر پہ ہاتھی کی شکل کندہ کی ہوئی ہے۔ پہاڑ کی چوٹی کا حصہ اطراف کی سطح زمین سے (۳۰۰) فٹ بلندی پر ہے۔ اور وہان ایک چھوٹا سا چشمہ ہے جس کا پانی نہایت شیرین ہے۔ اس قلعہ مین اور بھی عمارت ہین اور ایک برنجی توپ ہے جس کا طول (۱۰) فٹ (۳) انچہ ہے۔ اوسپر جو کندہ کتبہ موجود ہے اوس سے واضح ہوتا ہے کہ یہ توپ ڈچ ایسٹ انڈیا کمپنی کی تھی۔ اور بمقام راٹر ڈام سنہ ۱۶۲۰ء مین تیار کی گئی۔ اس قلعہ مین ایک چھوٹی سی مسجد بھی ہے۔

ملیاباد۔ رائچور سے جانب جنوب (۴) میل فاصلہ پر واقع ہے۔ یہان ایک قدیم اہل ہنود کے زمانہ کا قلعہ خستہ حالت مین موجود ہے لیکن صناع کاری کے لحاظ سے نہایت ہی قابل قدر ہے۔ قلعہ کی جانب شرق ایک قدیم تالاب ہے جس کا بند اور نہر وغیرہ بہت ہی وضع دار ہے۔ اوس اور تمام ضلع رائچور مین یہ درجۂ فضیلت رکھتا ہے۔

ملنگور۔ یہ قدیم قلعہ کریم نگر کے جنوبی مشرق مین بفاصلہ (۱۶) میل واقع ہے۔ یہ ایک معمولی نظارہ کا اور ایک ایسے پہاڑ پر ہے جو (۶۹۰) فٹ بلند ہے۔ اس کے اطراف کی فصیل قدرتی پہاڑون کی بنی ہوئی ہے۔ اور مغرب کی جانب تو ایک ایسی چوٹی ہے جو (۲۰۰) فٹ ہے۔ صرف مشرق کی جانب سے اس قلعہ مین داخل ہوسکتے ہین۔ اور اس جانب کی فصیل کی تعمیر اچھی حالت مین ہوئی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ راجگان ورنگل سے کسی نے اس کی تعمیر کی۔ اس کا پہلے مرتبہ ذکر اوس وقت آتا ہے جبکہ گولکنڈہ کے شاہان قطب شاہی نے اس کو فتح کیا۔ یہان پر کوئی فوجی لوازمات نہین ہین۔

منصور۔ (سیونا) اورنگ آباد سے (۵۰) میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ اس کو منصور الدولہ فرزند غیاث خان نے تعمیر کرایا تھا۔ اس مین ایک دروازہ اور چھ فصیلین ہین۔ بادشاہ اورنگ زیب نے سیونا اور دیگر مواضعات منصور الدولہ کو بطور جاگیر عطا کئے تھے۔ سیونا تعلقہ سلوڑ مین ہے۔

مدگل۔ لنگسگور سے جانب جنوب مغرب (۹) میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ یہ قلعہ قدیم

زمانہ مین راجگان ورنگل کے قبضہ مین تھا۔ جس کے بعد وہ اسلامی حکمران کے تصرف مین گیا۔
من بعد شاہان بیجاپور نے اس پر اپنا قبضہ کیا۔ اور اوس کی مکرر تعمیر کرائی۔ اس کا شمالی حصہ
میدانی حصہ پر ہے۔ اور جنوبی حصہ ایک ٹیکری کے چوٹی تک چلا گیا ہے۔ اُس کے متصل
چند کتبہ دستیاب ہوئے ہین جن پر راجگان کے خاندان یادو کی نسبت تحریر موجود ہین۔

نلدرگ۔ یہ مقام گلبرگہ سے جانب شمال مغرب (۴۸) میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ یہان کا
قلعہ ایک عجیب وضع قطع کا ہے۔ بوری ندی کے بیچ مین ایک ٹیلہ پر موجود ہے۔ جو اس ندی
کے تہ سے (۲۰۰) فٹ بلند ہے۔ اس موقع پر یہ قلعہ تعمیر کیا گیا ہے۔ تواریخ کے نقطہ نظر سے
یہ قلعہ بہت ہی عظمت رکھتا ہے۔ اسلامی بادشاہون کی چڑہائی سے قبل یعنی چودہوین صدی سے
قبل یہ قلعہ ایک ہندو راجہ چالوکیہ خاندان کے سلسلہ کے (سنہ ۱۰۲۵ء تا سنہ ۱۲۰۰ء) قصبہ
مین تھا۔ اور ایک متعلقین راجگان کلیانی سے تھا۔ بہمنی خاندان کے فرمارواؤن (سنہ ۱۳۵۱ء
سے سنہ ۱۴۸۰ء تک) اپنے ملکی حفاظت کی غرض سے اس کو کام مین لایا کرتے اور اوس کے
بعد جب بہمنی سلطنت کی تقسیم سنہ ۱۴۸۰ء مین ہوئی تو نلدرگ کا تعلق عادل شاہی حکمران بیجاپور سے
ہو گیا۔ اور انہون نے اس کو بہت ہی تعمیر و ترمیم کر کے مضبوط اور مستحکم بنایا۔ اکثر و بیشتر اسی مقام پر
واقع ہونے سے عادل شاہی اور نظام شاہی کے افواج کا محاصرہ ہو کر لڑائیان ہوا کرتے تھے
چنانچہ اس کی تصدیق جنوب کی فصیل پر جو بہت سے توپون کے گولہ باری سے وہ روزندار
ہو چکے ہوئے نظر آتے ہین۔ اوس کے یہ علامات ہین۔

نرمل۔ اندور (نظام آباد) سے جانب شمال مشرقی گوشہ مین (۴۳) میل کے فاصلہ پر واقع
ہے۔ قصبہ کے متصل بہت سے پہاڑ ہین اور اون پر قلعہ جات تعمیر کردہ ہین۔ قصبہ کے
وسط مین مذکورہ پہاڑیون کے منجملہ سب سے بڑا اور بلند پہاڑ واقع ہے اور اوس پر جو
قلعہ تعمیر کردیا گیا ہے بہت ہی درست حالت مین مغربی وضع قطع کا معلوم ہوتا ہے جس سے
اس امر کا پتہ چلتا ہے کہ زمانہ سابق مین علاقہ نظام مین جو فرانسیسی عہدہ دار تھے انہون نے

اس کی تعمیر کی - اس قلعہ مین بہت سے توپین موجود ہین جیسے کہ قلعہ بیجاپور مین ہین - اور اس قلعہ کے جو اور عمارات ہین اون مین ایسے توپین وغیرہ ڈہالنے کے عمارات بھی دو دو یا سہ منزلہ ہین - او ران عمارات کے جو برج اس وقت تک ہین اون سے یہ پتہ چلتا ہے کہ یہان توپین وغیرہ ڈہالنے کا کام بھی کیا جاتا تھا -

نلگنڈہ - بلدۂ حیدرآباد کے مشرقی وجنوبی گوشہ مین (۵۶) میل کے فاصلہ پر واقع ہے یہ قلعہ نہایت مضبوط سنگ بستہ ہے - اور اس کی تعمیر مین چونہ گچی کا استعمال نہین کیا گیا ہے اس قلعہ کا طول ایک میل اور عرض چہ فرلانگ ہے -

ورنگل - یہ ایک قدیم زمانہ کا قلعہ قصبہ ورنگل سے (۲) میل کے فاصلہ پر واقع ہے. قصبۂ ورنگل کو آباد کئے جانے کی نسبت بعض کا خیال ہے کہ گیارہوین صدی مین کاکتیا خاندان کے پوتراج نے اس کو آباد کیا ہے اور بعض کا یہ خیال ہے کہ ورنگل پایہ تخت اندہوراجگان اڑواکے تہی - اس قلعہ کے دو فصیل ہین - ایک بیرونی مٹی کی تعمیر کردہ اور دوسری اندرونی سنگ بستہ ہے اور صرف چار دروازے ہین جو ہر چہار جانب واقع ہین - مشرقی ومغربی دروازہ جات ہی اب زیر استعمال ہین - اس قلعہ مین اقسام کے عمارات ہین جو بہت ہی خستہ حالت مین ہین - اس کے منجملہ اکثر مناد رہین - اس قلعہ مین ایک مندر ایسا بڑا اور شاندار واقع ہے جو گجرات سدہپور کے رودرمالا کے مشابہت رکھتا ہے - اس قلعہ کے دروازے جانب شمال وجنوب (۸۰۴) فٹ اور جانب شرق وغرب (۳۳۴) فٹ ہے - اس قلعہ کے اندر نادر عمارات حسب ذیل ہین :-

(۱) شمبہو گوڑی یعنے شیو کا دیول - (۲) مدراین گوڑی - (۳) ویربھدر گوڑی - (۴) وسنو گوڑی - (۵) وینکٹیش گوڑی - (۶) تل شمبہو گوڑی - (۷) مل شمبہو گوڑی -

ایک مسجد موسومہ کنڈہ - کسی قدر بوسیدہ حالت مین ہے - اس قلعہ کے وسط مین ایک اسلامی شاہی زمانہ کا تعمیر کردہ شاندار مکان موسومہ خاص محل شمال رویہ موجود ہے -

داڑاپلی۔ دیول پلی سے (۱۸) میل کے فاصلہ پر کرشنا ندی پر واقع ہے۔ یہان ایک قلعہ وزیرآباد نامی ویران حالت مین ہے۔ صرف مغربی فصیل باقی رہ گئی ہے۔

یادگیر ۶۳ رائچور سے جانب شمال (۴۳) میل کے فاصلہ پر پہاڑی ریلوے لین سے متصل واقع ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ یہ قلعہ یادو خاندان کے راجگان نے تعمیر کرایا تھا چنانچہ وہ یا دوگیری کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ اس کے اس نام سے موسوم کرنے کی ایک اور وجہ یہ بھی تبائی جاتی ہے کہ یہ قلعہ (تیھویعنی بیل) جس پہاڑ پر واقع ہے وہ بیٹھے ہوئے بیل کے مانند دکھائی دیتا ہے۔ یہان پر نظام برج پر ایک کتبہ موجود ہے جس مین نواب میر نظام علیخان بہادر کی ملاقات نواب یا صوبہ دار صاحب یادگیر کے حالات کا ذکر ہے۔ قلعہ کے اندرونی عمارات بوسیدہ حالت مین ہین۔

ملگنڈل ۶۴۔ حیدرآباد سے شمال مشرقی گوشہ مین (۸۰) میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ ایک بلند پہاڑ کی چوٹی پر اس قلعہ کی تعمیر ہوئی ہے۔ اس کے اطراف دو فصیل ہین۔ ایک پہاڑ کی تہ مین اور دوسری حصار کے اطراف۔ اس کی بلندی پر کچھ بوسیدہ حالت مین ایک مسجد قطب شاہی زمانہ کی تعمیر کردہ موجود ہے۔ اور اوس کے مینار اتنے بلند ہین کہ کئے میل تک نظر آتے ہین۔ قلعہ کے نصف راہ مین نرسیہون سوامی کا قدیم مندر ہے جو نہایت ہی خوشنما دکھائی دیتا ہے۔

مشہور لوگون کی موت

فصل (۳)

سلسلہ کے لئے ملاحظہ ہو بستان آصفیہ حصہ چہارم صفحہ ۲۹۹

امراو رؤسا وراجگان

—— ماہ ذیقعدہ ۱۳۴۱ھ مین ترمبک ایشونت راؤ دیسکھ کو مقام کوہیر کسی نے بندوق کا نشانہ بنایا۔ دیسکھہ مذکور کو بغرض علاج معالج بلدہ لاکر شفاخانہ افضل گنج مین رجوع کیا گیا تھا۔ لیکن بالآخر ۲۲ محرم ۱۳۴۲ھ کو شب کے آٹھ بجے دواخانہ ہی مین انتقال ہوا۔ ہائیکورٹ

علاقہ سرکار عالی مین آپ پر ایک مدت تک مقدمہ چلتا رہا۔

— ۱۷؍ صفر ۱۳۴۲ھ روز شنبہ کو نواب وقار جنگ بہادر ہمشیرہ زادہ نواب سر خورشید جاہ مرحوم کا اپنے مکان واقع کاچی گوڑہ مین انتقال ہوا۔

— ۶؍ رمضان ۱۳۴۲ھ روز جمعہ راجہ کرشن دیو فرزند راجہ صاحب سمستان ونپرتی کا مرض ٹائیفائڈ بخار سے بلدہ مین انتقال ہوا۔ نعش بذریعہ موٹر ونپرتی لے گئے۔

— محبوب علیخان المخاطب نواب جہاندار نواز جنگ کا بتاریخ ۲۶؍ اردی بہشت ۱۳۳۳ف اپنے مکان واقع چوک اسپان مین انتقال ہوا۔

— ۷؍ تیر ۱۳۳۳ف روز دوشنبہ کو مہاراجہ صاحب سمستان گدوال نے بعارضہ بخار اپنے سمستان مین انتقال کیا۔

— اخیر ماہ ذیحجہ ۱۳۴۲ھ مین قصبۂ پرلی ویجناتھ کے مشہور دیشپانڈیہ نانا صاحب نے انتقال کیا۔

— ۲۰؍ رمضان ۱۳۴۳ھ روز شنبہ دن کے ڈیڑھ بجے راجہ شیوراج دہرم ونت دفتردار مال کا اپنی دیوڑہی مین انتقال ہوا۔ قریب مغرب موتا مرگھٹ مین لائی گئی۔ میت کے ہمراہ کثرت سے لوگ تھے۔ (ماگھہ بدی ۱۴ سمت ۱۹۰۴ دشیوراتری م م ۲۷؍ صفر ۱۲۶۴ھ کو آپ تولد ہوئے تھے۔

— ۲۱؍ ذیقعدہ ۱۳۴۳ھ روز یکشنبہ دن کے گیارہ بجے راجہ کھنڈے راؤ راؤ رمبا بہادر نے کمزوری قلب کے باعث بلدہ مین انتقال کیا۔

— ۱۵؍ ربیع الاوّل ۱۳۴۴ھ روز یکشنبہ شب کے ۹ بجے نواب امام جنگ خورشید الملک صاحبزادہ نواب سر خورشید جاہ مرحوم کا بمقام سرورنگر انتقال ہوا اور دوسرے روز شب کے ایک بجے درگاہ حضرت برہنہ شاہ صاحب اپنے آبائی قبرستان مین دفن ہوئے۔ امراء پائیگاہ میت مین شریک تھے (مرحوم ۶؍ صفر ۱۲۷۴ھ کو تولد پائے تھے)۔

— سری جگت گرو شنکراچاری مہاراج سمستان ہمپی سری ودیارنیا بھارتی سوامی بروز ساون اماوس شک ۱۸۴۶ م ۳۰ اگست ۱۹۲۴ء کو نزد سداسیو پیٹھ مین سمادہست ہوئے۔ آپ چند ماہ سے علیل رہے۔

— ۱۱ صفر ۱۳۴۳ھ روز پنجشنبہ کو حضرت سید شاہ صاحب قادری کا بلدہ مین انتقال ہوا۔

— ۱۸ ربیع الاول ۱۳۴۳ھ روز شنبہ شب کے ½ ۱۰ بجے حضرت عبداللہ بن علی مجذوب صاحب ساکن نزد دیوڑہی راجہ شیوراج کا وصال ہوا۔ اور عیدگاہ قدیم کے قریب سپرد خاک کیے گئے۔ جنازہ کی نماز مسجد چوک مین ادا ہوئی۔ میت کے ہمراہ بہت سے لوگ شریک تھے۔

— ۲۶ جمادی الثانی ۱۳۴۳ھ کو دن کے دو بجے سید مرشد پاشا صوفی سکندرآباد نے انتقال کیا۔ شام کے ساڑھے سات بجے صوفی صاحب کے قبرستان واقع سکندرآباد مین تدفین عمل مین آئی۔ اہل اسلام کی کثیر تعداد شریک جنازہ رہی۔ اور اکثر دوکانین بغرض اظہار رنج بند رہین۔

— مسٹر ٹی۔ آر۔ راس سابق ہیڈ ماسٹر سٹی ہائی اسکول نے طویل عرصہ تک علیل رہ کر ۱۳ جولائی ۱۹۲۴ء روز یکشنبہ کو افضل گنج ہاسپٹل مین وفات پائی۔

— ۱۷ سپٹمبر ۱۹۲۴ء روز چہارشنبہ کو مسٹر یس آر کرک پڑک ہیڈ ماسٹر چادرگھاٹ ہائی اسکول نے بخار سے چند روز علیل رہکر سکندرآباد کے ہاسپٹل مین بعمر ۵۰ سال شب کو وفات پائی۔ اور دوسرے روز شام کو فوجی اعزاز کے ساتھ ان کا جنازہ اٹھایا گیا۔ اور جملہ مدارس بلدہ کو تعطیل دی گئی۔

— ۱۱ آذر ۱۳۳۴ف پنجشنبہ وجمعہ کی درمیانی شب مین خان بہادر شمس العلماء نواب عزیز جنگ نے بلدہ مین انتقال کیا۔ مرحوم نہایت مستعد وجفاکش اور مشہور اہل قلم سے تھے۔ نظم و نثر مین آپ کی متعدد تصانیف ہین۔ اور فارسی کے مبسوط لغات آصفیہ خاص طور پر قابل ذکر ہے۔ اور متعدد قانونی کتب مرتب کئے ہین۔ جو سرکاری اور دیگر دفاتر مین کارآمد ثابت ہوئے۔

— ۲۴ر آذر سنہ ۱۳۳۵ف روز جمعہ شب کے ۱۱ بجے۔ مسٹر ڈی کے ہانڈی کر پروفیسر میاتھیمٹک نظام کالج وظیفہ یاب نے یکایک قلب کی حرکت رک جانے کے باعث بلدہ مین انتقال کیا۔

— ۱۲ر آذر سنہ ۱۳۳۳ف روز سہ شنبہ کو مولوی ابوتراب محمد عبدالجبار خان صاحب صوفی ملکاپوری (براری) سابق صدر مدرس عربی وفارسی مدرسہ اعزہ ومصنف تاریخ محبوب الوطن۔ تذکرہ سلاطین دکن کا بلدہ مین انتقال ہوا۔ آپ چند ماہ سے علیل تھے۔ قدیم تاریخی حالات سے آپ نہایت واقف تھے۔

— ۲۸ر ذیحجہ سنہ ۱۳۴۱ھ روز یکشنبہ کو حکیم ہری گوبند صاحب کویراج نے طویل علالت کے بعد اپنے مکان واقع رزیڈنسی بلدہ مین انتقال کیا۔ مرحوم نہایت خلیق اور تجربہ کار ایورویدک حکیم تھے۔ انفلوئنزا اور شیوع مرض طاعون کے زمانہ مین آپ نے غربا وغیرہ کے ساتھ قابل لحاظ خدمات انجام دئے تھے۔ یونانی اور طبی کانفرنس کے بانی آپ ہی تھے۔ اور مدرسہ ایورویدک بھی حیدرآباد مین آپ ہی نے قایم کیا تھا۔

— ۱۷ر شعبان سنہ ۱۳۴۲ھ روز دوشنبہ کو حکیم الطاف حسین صاحب جاگیردار علاقہ دائی پائیگاہ نواب سر خورشید جاہ کا بلدہ مین انتقال ہوا۔ آپ مشہور حکیم تھے۔

۳۰ر آذر سنہ ۱۳۳۴ف کو حکیم بالگوبند صاحب کا بمقام سرورنگر انتقال ہوا۔ آپ قدیم مصری حکیم تھے۔

— ۲ر فروردی سنہ ۱۳۳۵ف روز سہ شنبہ کو حکیم حمزہ علی صاحب ساکن اندرون کمان سوکی میر کا انتقال مرض نمونیا سے ہوا۔ آپ عرصہ سے علیل اور قدیم یونانی حکیم تھے۔

— ۱۱ر ربیع الاوّل سنہ ۱۳۴۲ھ روز دوشنبہ کو شب مین مولوی آغا سید حسین صاحب بی۔ اے۔ صدر مہتمم تعلیمات بلدہ نے انتقال کیا۔

— ۱۰ر جمادی الثانی سنہ ۱۳۴۲ھ م ۱۷ر جنوری سنہ ۱۹۲۴ء روز پنجشنبہ دن کے ساڑے نو بجے خان بہادر شاپورجی ایڈلجی چینائی کا اپنے بنگلہ شاپورواڑی مین انتقال ہوا۔ بزمانہ

نواب رشید الدین خان وقار الامرا مرحوم آپ نہایت سربرآوردہ تھے۔ علاقہ پائیگاہ مین بڑی بڑی خدمات پر آپ ممتاز رہے۔ علاقہ پائیگاہ سے آپ کو جاگیر بھی عطا ہوئی تھی۔ نواب وقار الامرا اقبال الدولہ کے ہمراہ آپ ولایت گئے تھے۔ آپ بہت معمر ہو چکے تھے اور چند ماہ علیل رہے تھے۔

— راؤ بہادر بی۔ کے۔ جوشی سابق سپرنٹنڈنٹ رزیڈنسی بازارات جو وظیفہ لے کر ناسک مین مقیم تھے۔ ۲۳ر اپریل ۱۹۲۴ء کو آپکا وہین انتقال ہوا۔

— مولوی شیخ فضل کریم خان صاحب سابق مہتمم خزانہ عامرہ مددگار صدر محاسب سرکار عالی نے اپنے وطن پنجاب مین بتاریخ ۱۷ر مہر ۱۳۳۳ف کو انتقال کیا۔ بطور اظہار رنج وافسوس ۱۷ر ماہ مہر ۱۳۳۳ف کو صدر محاسبی وخزانہ عامرہ سرکار عالی کو ۲ بجے سے تعطیل دی گئی۔ ۱۲ر فروردی ۱۳۲۷ف سے ۴ر آذر ۱۳۳۱ف تک خدمت مہتمی خزانہ عامرہ کو آپ انجام دے چکے تھے۔

— وسط ماہ جمادی الثانی ۱۳۴۳ھ مین مولوی حسام الدین صاحب سویلین مددگار مجالس اتحاد باہمی نے چند روز مرض جنون مین مبتلا ہو کر بلدہ مین انتقال کیا۔

— ۱۸ر شعبان ۱۳۴۳ھ روز شنبہ کو نواب عابد نواز جنگ بہادر مہتمم مکہ مسجد نے بعارضہ بخار بلدہ مین انتقال کیا۔

— ۲۶ر ماہ اپریل ۱۹۲۵ء کو سر جارج کیسن واکر سابق معین المہام فینانس علاقہ سرکار عالی کا لنڈن مین انتقال ہوا۔ آپکی عمر ۷۰ سال کی تھی۔ ۱۸ر دے ۱۳۱۱ف م ۲۲ر نومبر ۱۹۰۱ء کو علاقہ سرکار عالی کی ملازمت مین داخل ہوئے۔ ۲۴ر دے ۱۳۱۱ف کو نواب عماد جنگ اول سے خدمت معتمدی فینانس کا جائزہ حاصل کیا۔ اور ۱۱ر تیر ۱۳۱۱ف م ۲۷ر مئے ۱۹۰۲ء کو معین المہام فینانس بنائے گئے۔ بعد ختم مدت ۲۵ر امرداد ۱۳۲۰ف م غرہ جولائی ۱۹۱۱ء کو اپنی خدمت کا جائزہ مسٹر گلانسی کو دیکر یہان سے ولایت تشریف لے گئے اور بجانب سرکار عالی ریلوے کے ڈائرکٹر بمشاہرہ ایک ہزار پونڈ سالانہ مقرر کئے گئے۔ آپ نے اپنے زمانہ ملازمت مین علاوہ

دیگر امور انتظامی کے یہان کے سکہ کا معقول انتظام کیا۔ اور چارمیناری سکہ آپ ہی کی یادگار کارگذاری ہے۔

ـــــ ۲۰؍ شوال ۱۳۴۳ھ روز پنجشنبہ کو مرزا داور علی صاحب سابق ناظم دیوانی کا انتقال ہوا۔

ـــــ ۱۴؍ تیر ۱۳۳۴ف کو مولوی ولی اللہ صاحب رکن اوّل مجلس انتظام پائیگاہ نواب سر خورشید جاہ کا چند ماہ کی علالت کے بعد مدراس مین انتقال ہوا۔

ـــــ آخر ماہ مئی ۱۹۲۵ء مین جارج مین لے وارنر سابق کمشنر صفائی حیدرآباد نے ولایت مین انتقال کیا۔ ۳۰؍ اسفندار ۱۳۲۲ف سے اوائل ماہ خورداد ۱۳۲۹ف تک آپ خدمت کمشنری صفائی کو انجام دیتے رہے۔ بعد وظیفہ پر علٰحدہ ہو کر یہان سے روانہ ہوئے تھے۔

ـــــ ۲۹؍ تیر ۱۳۳۴ف شب چہارشنبہ شب کے دس بجے مولوی مخدوم محی الدین صاحب سابق سوم تعلقدار علاقہ سرکار عالی وظیفہ یاب حسن خدمت و میر مجلس مجلس پائیگاہ نواب سر خورشید جاہ کا بلدہ مین انتقال ہوا۔ ۳؍ آذر ۱۳۲۷ف کو خدمت میر مجلسی پائیگاہ مذکور کا آپ جائزہ حاصل کئے تھے۔

ـــــ ۲۹؍ امرداد ۱۳۳۴ف روز شنبہ شب کے نو بجے رائے تیجراے صاحب جاگیردار و میر مجلس مجلس پائیگاہ علاقہ نواب سر آسمانجاہ کا اپنے مکان واقع بلدہ مین چند ماہ کی علالت کے بعد انتقال ہوا۔ دوسرے روز اپکے آخری رسومات ادا ہوئے۔

ـــــ ۱۳؍ امرداد ۱۳۳۴ف روز دوشنبہ کیشوراؤ صاحب مہتمم خزانہ علاقہ پائیگاہ نواب سر خورشید جاہ کا شب کے دس بجے بلدہ مین انتقال ہوا۔ دوسرے روز آخری رسومات ادا ہوئے۔

ـــــ ۲۰؍ بہمن ۱۳۳۵ف کو شب مین مولوی سید عبدالمجید صاحب مددگار سابق معتمدی عدالت و کوتوالی کا بلدہ مین انتقال ہوا۔ گذشتہ چند ماہ کے قبل بحصول اجازت آپ حیدرآباد آئے تھے۔

ــــ ۲۹؍ جمادی الثانی ۱۳۴۴ھ کو مولوی محمد مرتضٰی صاحب مہتمم اوقاف امور مذہبی و سکرٹری حیدرآباد ایجوکیشنل کانفرنس نے شام کے ۷ بجے بمرض طاعون انتقال کیا۔ اور دوسرے روز تجہیز و تکفین ہوئی۔

ــــ رائے بالمکند صاحب بی۔اے۔ رکن مجلس عالیہ عدالت سرکارعالی کی پیدائش بمقام بنارس ماہ سپٹمبر ۱۸۶۲ء کو ہوئی۔ آپ کے بزرگ شاہان دہلی کے زمانہ مین بڑے عہدہ سے ممتاز تھے اور نیز سلطنت آصفیہ مین صوبۂ برار کے صوبہ دار تھے۔

آپ ۱۳ سال کی عمر مین بلدۂ حیدرآباد آئے اور بلدہ ہی مین تعلیم پائے ۱۸۸۵ء مین مدراس یونیورسٹی کے بی۔اے کی ڈگری اور ۱۸۸۸ء مین امتحان وکالت درجۂ اوّل مین کامیابی حاصل فرمائے۔ ۱۲۹۴ف مین سرکارعالی کی ملازمت مین شریک ہوئے اور مختلف خدمات کو انجام دیتے ہوئے ۹؍ مہر ۱۳۱۷ف کو ہائی کورٹ کے رکن ہوئے۔ کمیشن بابیداد بابیدگرفت سرکارعالی کے اہم کام کو بھی آپ نے عرصہ تک بائین و بہین انجام فرمایا۔ ۳۴ سالہ ملازمت کے بعد ۷؍ اسفندار ۱۳۲۹ف کو وظیفہ حسن خدمت حاصل فرماکر مجلس وضع آئین و قوانین کی توسیع کے متعلق مواد جمع کرنے کا خاص کام انجام دیا۔ اور ہر ایک خدمت سرکار کی انجام دہی بڑے نیک نامی کے ساتھہ فرمائی۔ آپ کو پبلک کاموں سے بڑی دلچسپی تھی ۱۳۰۰ھ مین آپ نے مدرسہ مفیدالانام کو بڑی کوشش سے جاری کیا جو اس وقت تک قایم ہے۔ اور جہان تعلیم کا کام فروغ کے ساتھہ ہو رہا ہے۔ آپ کی حسن کارگذاری پر مہاراجہ بہادر سر یمین السلطنۃ نے زمانۂ مدارالمہامی مین اظہار خوشنودی فرمایا ہے۔ اور آپکے (۳) فرزند مین

(۱) بالکشن صاحب دوم تعلقدار وظیفہ یاب۔

(۲) برادہاکشن صاحب اگزیکٹیو انجنیر جنرل برانچ تعمیرات عامہ۔

(۳) سری کشن صاحب بیارسٹرایٹ لا۔

آپکا انتقال ۳؍ فروردی ۱۳۳۵ف کو قلب کی حرکت رک جانے کے باعث دن کے ایک

یا دیڑھ بجے کے درمیان دفعتًا بلدہ مین انتقال ہوا - آپ نہایت متدین و باعمل ریفارمر تھے - قبل از انتقال چندماہ انہون نے ایک وصیت نامہ مرتب کیا جو درج ذیل ہے - اوس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ وہ نہایت مستقل مزاج اور قوت ارادی پر کامل طور سے حادی تھے - حسب وصیت نامہ انکی تجہیز و تکفین عمل مین آئی - عہدہ داران عدالت سرکار عالی و دیگر معززین وغیرہ تقریبًا پانچسو میت کے ہمراہ تھے - اُن کے اظہار رنج و افسوس مین دوسرے روز ہائیکورٹ کو ایک گھنٹہ کی تعطیل دی گئی - اور دفتر صفائی کو ایک روز نیز جنرل کمیٹی صفائی بھی ملتوی کی گئی - ویوک وردھنی تھیٹر گولی گوڑہ و سکندرآباد مین پبلک جلسے ہوکر اظہار رنج و افسوس کیا گیا -

بخدمت رائے رادہاکشن صاحب و سری کشن صاحب گیتا بائی صاحبہ و بہاگرتی بائی صاحبہ

مجھے آدی ہندو قوم سے اپنی زندگی مین دلچسپی اور محبت رہی ہے - اور جو برتاؤ اعلےٰ طبقہ کے ہنود کا ان کے ساتھ رہا ہے وہ مجھے سخت ناپسند رہا ہے - مین ان مین اور اعلےٰ طبقہ مین کچھ فرق نہین سمجھتا - سب خدا کے مساوی طور پر مخلوق ہین - اسی خیال سے مین نے ان کے سوسائٹی کے صدر نشینی نہایت ہی خوشی سے قبول کی اور دل سے ان کی بہبودی اور فلاح کا کوشان رہا - اب میرا خیال ہے کہ مرنے کے بعد بھی میرا تعلق اُن سے باقی رہے اور یہ ثبوت اس امر کے کہ ان کی قوم نیچی نہین ہے - میری خواہش ہے کہ مرنے کے بعد میری نعش آدی ہنود کے سپرد کیجاوے وہ ویدکے احکام کے مطابق میری نعش کو جلائین گے اور کریاکرم کرین گے - اس مین میرے خاندان کے اشخاص کو کوئی تعلق نہ ہوگا - میری نعش کے ہمراہ ان کے سوسائٹی کو ایک ہزار روپیہ منجملہ میری جائداد کے دیجاوین گے - میری خواہش ہے کہ اسپر آپ لوگ اپنی رضامندی کی تحریر فرماوین - ۲۱ آبان ۱۳۳۴ف

شرحدستخط	شرحدستخط	شرحدستخط
بالمکند	سری رادہاکشن	سی - سری کشن
	۱۴ ڈسمبر ۱۹۲۵ء	۸-۱-۲۶ عیسوی

ــــ ۲۰ فروری سنہ ۱۳۳۱ف کو مسٹر کوپال انت کشن راؤ سپرنٹنڈنٹ میونسپل سروے نے صبح اپنے مکان واقع رزیڈنسی بازار مین بعمر ۳۶ سال انتقال کیا۔

ــــ ۱۵ فروری سنہ ۱۳۳۵ف کو نرسنگراؤ صاحب دوم تعلقدار علاقہ صرف خاص کا بمقام ملک پیٹھ (بلدہ) انتقال ہوا۔

ــــ مولوی عبدالعزیز خان صاحب مددگار کمشنر صفائی بلدہ مرض نمونیک پلیگ سے تقریباً ایک ماہ سے علیل تھے۔ مزاج کی حالت روبصحت تھی۔ لیکن بتاریخ ۱۲ فروری سنہ ۱۳۳۳ف روز پنجشنبہ دن مین آپ کے قلب کی حرکت رک جانے کے باعث اپنے مکان واقع کاچیگوڑہ مین دفعتاً انتقال ہوا۔

ــــ ۶ ربیع الاول سنہ ۱۳۴۲ھ روز شنبہ کو میجر قاسم علیخان کمانڈنگ افسر گولکنڈہ لانسرز کا شب کے بارہ بجے ایک ریلوے حادثہ کے باعث سکندرآباد ریلوے ہاسپٹل مین انتقال ہوا۔

ــــ ۱۸ ذیقعدہ سنہ ۱۳۴۲ھ روز یکشنبہ کو بوقت صبح نواب برق جنگ مرحوم کے صاحبزادہ نواب محمد عمر خان وفا نے بلدہ مین انتقال کیا۔

ــــ ۱۶ اپریل سنہ ۱۹۲۴ء روز چہارشنبہ کی صبح کو خان بہادر بابو جی ایڈل جی چینائی صاحب نے سکندرآباد مین وفات پائی۔ سکندرآباد کنٹونمنٹ کے تمام دفاتر کو بطور اظہار افسوس دو پہر تعطیل دی گئی۔

ــــ ۷ ماہ سپٹمبر سنہ ۱۹۲۴ء کو مشہور قدیم پنڈت گنگادھر شاستری نے (۸۵) سال کی عمر مین رزیڈنسی بازار بلدہ مین انتقال کیا۔

ــــ ۲۷ فبروری سنہ ۱۹۲۵ء روز پنجشنبہ کو میجر آر۔ ایچ۔ کیمرن اڈیٹر و مالک اخبار حیدرآباد بلٹن کا سکندرآباد مین یکایک انتقال ہوا۔ فوجی طریقہ سے دوسرے روز جنازہ اوٹھایا گیا

ــــ ۲۲ شعبان سنہ ۱۳۴۳ھ روز یکشنبہ کو خان صاحب بابو خان صاحب گتہ دار کا

جو سکندرآباد کے مشاہیر سے تھے۔ بعارضہ وجع القواد شام کے چھہ بجے سکندرآباد مین انتقال ہوا۔

— ۱۹ ر مہر ۱۳۳۳ف روز دوشنبہ کو بعد مغرب وینکٹ راؤجی جاگیردار سکندرپور و دفتردار کا مرض دق سے بلدہ مین انتقال ہوا۔

— ۲۱ ر دے ۱۳۳۴ف روز سہ شنبہ کو مانک راؤجی جاگیردار نبیرہ چیتا نبر راؤ کا اپنے مکان واقع بارہ گلی حیدرآباد مین انتقال ہوا۔

فصل (۵)

اخراج کے بعد بعض اصحاب کی واپسی

سلسلہ کے لئے ملاحظہ ہو بستان آصفیہ حصۂ چہارم صـ۲۵۵

— وسط ماہ شعبان ۱۳۴۲ھ مین مولوی سید عبدالمجید صاحب سابق اوّل مددگار معتمد عدالت و کوتوالی و امور عامہ جو وظیفہ پر (۲۶ ر شہریور ۱۳۲۸ف کو) علحدہ کئے گئے تھے اور جن کو حیدرآباد سے جا کر مدت ہوچکی تھی۔ ان کو بمراحم خسروانہ بلدہ واپس آنے کی اجازت عطا ہوئی اور وہ اوائل ۱۳۳۳ف مین بلدہ واپس آئے۔

— مولوی صفی اللہ الدین صاحب ناظر کتب مذہبی کو سرکاری کامون مین خصوصًا مذہبی معاملات مین دخل دیتے رہنے کی وجہ سے وظیفہ دیکر خدمت سے علحدہ کرکے ممالک محروسہ مین نہ رہنے اور آیندہ بغیر حصول منظوری حیدرآباد نہ آنے کے لئے حکم صادر ہوا۔ چنانچہ وہ حسب الحکم سرکار ۹ ر ذیحجہ ۱۳۴۲ھ روز شنبہ کی صبح کو بلدہ سے اپنے وطن مدراس کو روانہ ہوئے (اخبار مشیر دکن ۱۴ ر جولائی ۱۹۲۴ء جلد ۳۴ عـ۱۶۱)۔

فصل (۶)

مختلف واقعات

سلسلہ کے لئے ملاحظہ ہو بستان آصفیہ حصۂ چہارم صـ۳۰۰

— کرنل نواب سرافسرالملک بہادر جو بعزم یورپ غرۂ صفر ۱۳۴۲ھ روز شنبہ کو بلدہ سے بمبئی روانہ ہوچکے تھے وہ بعد سیاحت یورپ اور مکہ معظمہ کے حج وغیرہ سے فارغ ہوکر ۲۹ محرم ۱۳۴۳ھ روز شنبہ کے اسپیل مین بلدہ واپس تشریف لائے۔

— ترکی صلح کے مسرت مین ۲۹ ذیحجہ ۱۳۴۲ھ کو چار مینار و مساجد وغیرہ مین جو روشنی ہونیوالی تھی وہ بوجہ عشرۂ محرم ملتوی ہوگئی تھی۔ ۱۵ محرم ۱۳۴۳ھ کو شب مین ہوئی۔

— ۲۹ ربیع الاوّل ۱۳۴۲ھ روز جمعہ شام کے ساڑے پانچ بجے ویویک وردہنی تھیٹر کے میدان مین عظیم الشان جلسہ بغرض قیام ہندو اناتھالیہ (یتیم خانہ) بصدارت مہاراجہ سرکشن پرشاد بہادر یمین السلطنت پیشکار منعقد ہوا جس مین چار پانچ ہزار حضرات شریک تھے بعد ختم تقریر پنڈت دین دیال اور وامن نایک صاحب جاگیردار تعمیر یتیم خانہ کے لئے چندہ کی اپیل پیش کی۔ راجہ پرتاپ گیر جی نے پچاس ہزار روپیہ اور مہاراجہ بہادر ممدوح پانچ ہزار اور دیگر حضرات نے بیس ہزار جملہ (۸۰) ہزار روپیہ کا وعدہ ہوا۔

— ۵ صفر ۱۳۴۲ھ روز دوشنبہ صبح کے ساڑہے آٹھہ بجے سے ۹ بجے تک آسمان پر اس قدر گھٹا چھا کے تاریکی ہوگئی تہی کہ چراغ روشن کرنے کی نوبت آپہنچی لیکن مینہ وغیرہ نہین برسا۔

— بتاریخ ۲۸ بہمن ۱۳۳۳ف کو منجانب سیٹھ گمانی رام ہری رام صاحب جگناتھہ جیتیا برہمن اناتھہ بورڈنگ کا یہ یادگار اپنے بھائی سیٹھ جگناتھہ صاحب کٹھو مرحوم بوقت (۵) ساعت شام بصدارت شریمان سری گوسوامی گوپیشور لعل جی بمقام بہگوان گنج افتتاح کیا گیا۔

— ۴ رجب ۱۳۴۲ھ روز یکشنبہ شام کے ساڑے پانچ بجے چمن افضل گنج کے روبرو جو عثمانیہ ہاسپٹل زیر تعمیر ہے اس کے بالائی حصہ کے درمیانی بڑی گنبد کی چھت یکایک گر پڑی۔ جس کے صدمہ سے بہت سے مزدور و دیگر ضایع ہوئے۔

— سکندرآباد۔ ترملگری اور بلارم مین وقت معلوم کرانے کے لئے جو توپین سر ہوتی ہین وہ ۱۲ر فروری ۱۹۲۴ء روز سہ شنبہ سے موقوف ہوگئین۔

— بتاریخ ۱۱ر رمضان ۱۳۴۲ھ روز چہارشنبہ دن کے ساڑے گیارہ بجے گوشہ محل کی چھاؤنی کے قریب کسلمنڈی کی وہ کانون کو جہان ساگوانی اور دیگر اقسام کا تعمیری چوبینہ وغیرہ فروخت ہوتا ہے دفعتاً آگ لگی۔ تمام دوکانین جلکر خاکستر ہوگئین۔ نقصان کا اندازہ پولیس نے اپنی رپورٹ مین لعہ (یک لک بیس ہزار) کیا تھا۔ دوروز تک اس کے شعلے دیکھائی دیتے تہے۔ اور دہوان دور تک چھا گیا تھا۔ تماشہ بینون کی کثرت ہتی۔ دوسرے روز آگ فرو ہوئی۔ یہ آگ مڑوڑ بنگنا نامی ایک تاجر کی دوکان سے روشن ہوئی ہتی۔ جس مین تقریباً جہاڑو کے دو دائگن رکہے ہوئے تہے۔

— مقام مستقر ضلع گلبرگہ علاقہ سرکار عالی مین شرن بسپا کے نام سے ایک مشہور دیول ہے اس دیول سے ہرسال ایک پالکی (دسوا) نکلا کرتی تھی۔ لہذا معمول کے موافق ۹ر ماہ محرم ۱۳۴۳ھ روز دوشنبہ کو بھی پالکی نکلی اور جب مسجد کے روبرو پہونچی تو مسلمانون نے اس کی مزاحمت کی۔ اور اس بناء پر ہندو مسلمانون مین ۱۰ر ماہ مذکور کو بڑے پیمانہ پر فساد ہوگیا۔ ہردو کے عمارات عبادت گاہ کو نقصان پہونچا۔ اس طرح جب جھگڑے نے طوالت پیدا ہوئی تو اوس کے انسداد کی غرض سے حسب الحکم سرکار ۱۳ر ماہ محرم سنہ الیہ کو شب کے ۹ بجے فوج باقاعدہ علاقہ سرکار عالی بذریعہ اسپشل ٹرین بلدہ سے گلبرگہ روانہ کی گئی۔ فساد مذکور کے تحقیقات کی غرض سے سرکار سے ایک کمیشن مقرر ہوئی جس کے اراکین نواب محمد نواز جنگ بہادر ناظم کوتوالی اضلاع۔ پنڈت کیشوراؤ صاحب رکن ہائی کورٹ سرکار عالی اور آغا محمد علیخان صاحب نائب معتمد مال مقرر کئے گئے۔ اور ۱۴ر ماہ مذکور کو بذریعہ میل ٹرین اراکین مذکور بلدہ سے گلبرگہ روانہ ہوئے۔ اس فساد مین عزیز اللہ صاحب مہتمم خفیہ پولیس ۱۲ر ماہ مذکور کو بندوق کی گولی سے ہلاک ہوئے۔ جن کی نعش بذریعہ موٹر ۱۳ر ماہ مذکور صبح ۴ بجے گلبرگہ سے حیدرآباد

لائی گئی اور دس بجے فوجی اعزاز کے ساتھ ان کا جنازہ اوٹھایا گیا۔ کوتوالی بلدہ اور کوتوالی اضلاع کے جوانان و عہدہ داران کے علاوہ دیگر عہدہ دار و معززین بھی جنازہ کے ہمراہ تھے۔ فساد کے باعث دو تین روز تک گلبرگہ مین بازار بند رہا۔ بعدہٗ نواب ہاشم یار جنگ بہادر سیشن جج گلبرگہ اور نواب ذوالقدر جنگ بہادر رکن ہائی کورٹ رکن کمیشن مقرر ہوئے کئی ہفتہ تک اس کی تحقیقات جاری رہی۔ کمیشن مذکور نے اپنی رپورٹ مرتب کرکے سرکار مین پیش کی لیکن باقاعدہ طور پر اوس تحقیقات کا آخری کوئی نتیجہ ظاہر نہ ہوا۔

۱۶ ماہ مئے ۱۹۲۵ء بوقت شب اور ۱۷ ماہ مذکور کی صبح بجواڑہ اور مدہرہ کے مابین طوفان کے ہولناک نتائج ظاہر ہوئے۔ کھیتون مین ادہر اودہر مردہ مویشی پڑے ہوئے تھے۔ پانچ میل تک تار کے کھمبے اور کئی اسٹیشنون کے سگنل کے کھمبے اڑ گئے تھے۔ اکثر جگہ تار کے کھمبے ٹوٹ کر ریلوے لائین پر پڑے ہوئے تھے۔ ریلوے کے کارپردازون مین کوئی جانی نقصان نہین ہوا۔ بجواڑہ مین پانچ آدمیون کے ہلاک ہونے کی اطلاع وصول ہوئی۔

ریڈی ویالیہ بورڈنگ کا سنگ بنیاد ۲۷ دے ۱۳۳۵ف کو شام کے پانچ بجے راجہ موہن راج گیرجی ولد راجہ نرسنگ گیرجی نے رکھا۔

یکم و ۲ خورداد ۱۳۳۵ف روز چہارشنبہ شب کو شدید طوفانی بارش ہوئی۔ بارش کے ساتھ بادل بھی بہت زور سے گرجتا اور بجلی بھی کڑکتی رہی۔ بیس اور اوس سے بڑے پندرہ بیس منٹ تک بلدہ مین اور نواح بلدہ مین بڑے بڑے اولے برسے۔ اکثر جگہ درختون کے گرنے مکانات۔ آدمیون اور جانور زراعت کو نقصان پہونچنے کی اطلاعین وصول ہوئی۔

نمایش سرکاری و غیر سرکاری

غرۂ رجب ۱۳۴۳ھ روز پنجشنبہ کو بتقریب سالگرہ مبارک بمقام باغ عامہ اعلیحضرت قدر قدرت کے دست مبارک سے مصنوعات ملکی کی نمایش کا افتتاح ہوا۔

اور یکم رمضان ۱۳۴۳ھ سے نمایش مذکور برخاست کردی گئی۔

— حسب طریقہ سالگزشتہ یکم رجب ۱۳۴۳ھ کو بتقریب سالگرہ مبارک بمقام باغ عامہ خداوند نعمت اعلیحضرت قدرقدرت کے دست مبارک سے مصنوعات ملکی کی نمایش کا افتتاح ہوا۔ یہان کے زندہ دل پبلک کی خاطر تفریح طبع کے بہت سے چیزین فراہم کردئے گئے تھے جس سے پبلک نہایت محظوظ ہوتی رہی۔ یون تو ہر سال نمایش کا افتتاح یکم رجب کو ہوکر سلخ ماہ شعبان کو برخاست کردی جاتی تھی۔ لیکن اس مرتبہ سلخ ماہ شعبان کو برخاست کرنے کے بجائے آخر ماہ رمضان کو برخاست کی گئی۔ گویا بجائے دوماہ کے تین ماہ تک نمایش قایم رہی۔ روزہ دارون کی غرض سے وہان ہر قسم کے آسائش کے چیزین مہیا کی گئین تھین۔

غیر سرکاری

— بمقام الوال سری بالاجی مہاراج کی زمانۂ دراز سے جاترا ہوا کرتی ہے۔ چنانچہ ۱۲ رجب ۱۳۴۳ھ کو جاترا مذکور کی رتھ کشی کا روز مقرر تھا۔ لہذا جاترا اور دیگر پبلک کی دلچسپی کی غرض سے زمانہ کے مذاق کے مطابق مہاراجہ یمین السلطنہ سرکشن پرشاد بہادر پیشکار کارعالی نے مصنوعات ملکی کی منتخبہ اشیاؤن کی ایک مختصر نمایش قایم فرمائی اور بڑے پیانہ پر ایک اٹ ہوم ترتیب دیا گیا تھا۔ بڑے بڑے معززین اور صاحب رزیڈنٹ وغیرہ کو اوس مین مدعو کیا گیا۔ جنھون نے نمایش مذکور کو ملاحظہ فرماکے نہایت مسرت کا اظہار کیا۔ جاترا کے موقع پر یہان نمایش قایم کرنے کا یہ دوسرا موقع ہے۔

— ۷ جنوری ۱۹۲۶ء سہ پہر کو کوٹھی رزیڈنسی بلدہ کے احاطہ مین میلہ (کارنوال) کا آغاز ہوا۔ پہلے روز داخلے کے ٹکٹ کی قیمت فی کس دو روپیہ عالی تھی۔ احاطہ مین داخل ہونیکے بعد مختلف کھیل تماشون کے ٹکٹ لے کر کھیل تماشے دیکھے جاتے تھے۔ ہزارہا آدمیون کا مجمع اس میلہ کی شرکت کی غرض سے احاطہ مذکور مین جمع تھا۔ برقی روشنی کا اعلیٰ پیمانہ پر انتظام تھا۔

سامان خورد و نوش کی دوکانیں اور رسٹورنٹ کھلے ہوئے تھے ۔

خیراتی کاموں میں امداد دینے کی غرض سے آنریبل مسٹر بارٹن رزیڈنٹ حیدرآباد کی بانو محترمہ نے جن کو سال نو کے اعزاز میں گورنمنٹ ہند سے قیصر ہند کا طلائی تمغہ ملا ہے یہ میلہ منعقد فرمایا ہے ۔ تین روز تک یہ میلہ ہوتا رہا ۔ آخری دن لگی ٹرپ میں ۱۴ اشخاص کے نام قیمتی انعام برآمد ہوئے ۔ تماشہ کے آمد و رفت و سہولت کی غرض سے بلوارم سے اسپیشل ٹرین چھوڑنے کا انتظام کیا گیا تھا ۔ اس جلسہ کی آمدنی جس کی تعداد تقریباً (۲۵) ہزار روپیہ ہے ۔ خیراتی اور رفاہ عام کاموں میں صرف ہوگی ۔

— سرکار عالی سے متفرق طور پر جن کو چندہ امداد دی جاتی ہے ۔ ضمیمہ موازنہ سرکار عالی بابتہ سال ۱۳۳۵ف میں جس کا ذکر کیا گیا ہے وہ بشکل تختہ درج ذیل ہے ۔

تختۂ چندہ ہائے امدادی وغیرہ سرکار عالی

نمبر شمار	نام امداد یابندگان	تعداد رقم امدادی سالانہ	نمبر شمار	نام امداد یابندگان	تعداد رقم امدادی سالانہ
۱	۲	۳	۴	۵	۶
۱	نوٹس سیٹ ھوڈ سٹرک ارڈرس ۔	صـہ	۷	امپریل سرویس ٹروپس اسپورٹس	صماء
۲	سینٹ جارجس سنڈے اسکول ۔	ماء	۸	اسالٹ ارمس ۔	لمکاء
۳	سکندرآباد ریس کلب ۔	الـ ماء	۹	کرایہ مس ہوزر ۔	الـ لکاء
۴	گولکنڈہ پولو کلب ۔	ماء	۱۰	نظام کلب ۔	الـ ماء
۵	سینٹ جارج گرامر اسکول ۔	ماء	۱۱	ینگ مینس امپرومنٹ	مالـصہ
۶	رائفل ایسوسی ایشن بنگلور ۔	سماء		سوسائٹی ۔	ر

نشان سلسلہ	نام امدادیابندگان	تعداد رقم امدادی سالانہ	نشان سلسلہ	نام امدادیابندگان	تعداد رقم امدادی سالانہ
۱	۲	۳	۴	۵	۶
۱۲	فیملی ورکشاپ چادرگھاٹ	ا عـــه	۲۳	خواجہ کمال الدین (ماہی کلدار ماہانہ۔	اعــه
۱۳	انجمن ترقی اُردو۔	صمــرار			
۱۴	سنٹ جارجس امبیولنس۔	صار	۲۴	محبوب عالم ایڈیٹر پیسہ اخبار (داعـــرار) کلدار سالانہ۔	اعـــه
۱۵	انتھروپولاجیکل سوسائٹی بمبئی۔	اعـــه			
۱۶	حمایت سیومنگ باتھ (حمام خانہ)۔	اء		میزان	عـــه
۱۷	آل انڈیا لیڈیز کانفرنس	الـــء		(۱) غیر مقررہ۔	عـــء
۱۸	ریس کلب مدراس۔	صالـــه		(ب) چندہ اخبارات۔	عـــه
۱۹	سکندر ریس۔	صاء			
۲۰	حیدرآباد ریس۔	صاء			
۲۱	سکندرآباد جمخانہ۔	اـــه		میزان چندہ۔	عـــه
۲۲	سکندرآباد کلب لائبریری۔	امـــه			

حفظان صحت

سلسلہ کے لئے ملاحظہ ہو بستان آصفیہ حصہ چہارم صہ ۲۲۹

تختہ نمبر۱ یہن جملہ تعداد ولادت وصحات و دیگر تعداد اموات امراض موقع بلدہ حیدرآباد

من ابتدائے ۱۲۹۹ف لغایتہ ۱۳۳۴ف درج ہے جس سے ناظرین کو اس امر کا پتہ چلیگا کہ باشندگان بلدہ کے زندگی کا نقشہ روز بروز کیسا بدلتا جارہا ہے۔ ہماری درخواست پر تختہ مذکور جناب وینکٹ راما ریڈی صاحب کوتوال بہادر بلدہ نے عنایت فرمایا۔ اس لئے مین جناب ممدوح کا نہایت مشکور ہون۔

— تختہ ۲ مین جملہ تعداد خانہ شماری و مردم شماری ذکور و اناث حدود صفائی بلدہ و چادرگھاٹ من ابتدائے سنہ ۱۲۹۰ف لغایتہ سنہ ۱۳۳۰ف تک تعداد درج ہین۔

— تختہ ۳ مین ولادت و ممات ہمہ امراض موقع بلدہ و اضلاع علاقہ سرکار عالی من ابتدائے ۱۳۲۸ف لغایتہ ۱۳۳۳ف درج ہے۔ ہماری درخواست پر تختہ مذکور دفتر نظامت طبابت سرکار عالی سے وصول ہوچکا ہے۔ تختہ مذکور کے جن خانون مین اندراج ہونا باقی تھا اوس کی تکمیل سرکاری دیگر رپورٹون سے کی گئی ہے جو مواد بدست ہوا اوس کی نسبت جناب ہرمزجی جمشیدجی صاحب چینائی مددگار ناظم صاحب طبابت سرکار عالی کا مین مشکور ہون۔ حضرت ملک الموت نے زاید بدعرصہ سے ملک سرکار عالی مین اقسام کے بھیس مین کیسی کچھ اودھم مچار کھی ہے۔ جن کا ذکر گذشتہ باب مین تفصیل کے ساتھہ کیا گیا ہے۔ لیکن تختۂ ہذا مین یہ امر قابل غور ہے کہ بلدہ اور اضلاع مین مرض دق نوجوانون کو اپنا کیسا شکار بنا تا جارہا ہے۔

— مرض جنون کے متعلق باب چہارم صـ۲۴۵ مین ایک تختہ درج کیا گیا ہے جس مین اس امر کی صراحت کی گئی ہے کہ من ابتدائے سنہ ۱۳۰۲ف لغایتہ سنہ ۱۳۳۱ف اس کا کیا حال رہا ہے اوسی سلسلہ مین تختہ ۴ من ابتدائے سنہ ۱۳۳۱ف لغایتہ سنہ ۱۳۳۳ف صراحت کردی گئی ہے

— مرض طاعون ابتداءً ملک سرکار عالی مین کہان نازل ہوا اور وہ بلدۂ حیدرآباد مین کب وارد ہوا اس کے بارے مین کتاب بستان آصفیہ حصۂ سوم و چہارم مین عبارت اور تختہ جات مین کافی طور پر صراحت کردی گئی ہے اوس کے ملاحظہ کرنے سے بخوبی ظاہر ہوگا۔ حصۂ چہارم

شایع ہو چکنے کے بعد جو واقعات ظہور مین آچکے ہین اوس کا ذکر آیندہ کیا گیا ہے۔ سنہ ۱۳۳۲ف مین بلدہ مین مرض طاعون سے صرف (۷) آدمی فوت ہوئے۔ سنہ ۱۳۳۳ف مین بلدہ طاعون کے دو حملے ہوئے۔ حملۂ اول کا آغاز موسم سرما مین ہوا۔ یعنی ۲۷ مہر سنہ ۱۳۳۱ف سے ہوا اور آخر ماہ بہمن سنہ ۱۳۳۱ف تک اوس کا سلسلہ رہا۔ بعدہٗ دوسرا حملہ ۱۵ مہر سنہ ۱۳۳۱ف سے شروع ہوا جو آخر سنہ ۱۳۳۱ف تک ختم نہین ہوا۔ سنہ مذکور شاخ بلدہ مین (۵۹۵) اشخاص مبتلا اور (۴۲۵) فوت ہوئے۔ شاخ چادر گھاٹ مین (۴۸۹) مبتلا اور (۳۸۰) فوت ہوئے۔ جملہ تعداد اموات (۹۷۵) رہی۔

سنہ ۱۳۳۴ف مین ایک مارواڑی کا لڑکا بمقام بیگم بازار اس مرض مین مبتلا ہو کر بتاریخ ۱۳ مہر سنہ ۱۳۳۱ف فوت ہوا یہ گویا اس وصلہ کا پہلا کیس ہے۔ بلدۂ حیدرآباد مین گذشتہ جن سنون مین اسکی شدت رہی وہ اوس کے متعلق دیگر امور کی صراحت تختہ ع۵ مین کردی گئی ہے۔ اوس کے ملاحظہ کرنے سے ناظرین کو جملہ امور کی فوراً واقفیت ہوگی۔

سنہ ۱۳۳۴ف مین بغرض علاج مریضان پلیگ منجانب آریہ سماج بلدۂ حیدرآباد محلہ گولی گوڑہ بمقام ویویک وردھنی تھیٹر پلیگ میں کاریالیہ قایم ہو کر اوس کے شاخین بلدہ کے مختلف (۲۲) مقامات مین قایم کی گئین۔ اس کا کام ماہ آذر سنہ ۱۳۳۴ف مین شروع ہو کر ماہ اسفندار سنہ ۱۳۳۴ف مین ختم ہوا۔ ڈاکٹر صاحبان ذیل نے براہ ہمدردی بلا کسی معاوضہ کے کام کیا۔

(۱) میجر یم۔ جی۔ نائڈو صاحب یم۔ بی۔ سی۔ یم۔
(۲) لفٹننٹ۔ بی۔ یس۔ راج صاحب یل۔ آر۔ سی۔ پی۔ یس۔ اینڈ۔ یس۔
(۳) کپتان کے۔ ین۔ واگھرے صاحب یل۔ یم۔ پی۔ بی۔ یس۔
(۴) ڈاکٹر یم۔ منترپال صاحب۔ مڈیکل افیسر دار الضرب سرکار عالی۔
(۵) ڈاکٹر راما سوامی صاحب نائڈو یل۔ یم۔ اینڈ۔ یس۔
(۶) لیڈی ڈاکٹر مسز کرنیلس۔

اور غربا اور بے استطاعت کی نعش برداری کا بھی انتظام کیا گیا۔ اس کام مین

ڈاکٹر کیلاس ناتھ اور پنڈت وامن نایک صاحب جاگیردار نے رقمی امداد فرمائی دواخانے کے لئے راجہ کنیا پرشاد صاحب جاگیردار نے بلا کرایہ مکان اور روشنی کا انتظام فرما دیا۔ جو مریض بالکل غریب تھے اون کی غذا اور دودھ وغیرہ کا بھی انتظام کیا گیا۔ مس اوکلوی اور مس الن نے دور دراز مقامات پر جا کر مریضون کے ڈرسنگ کا کام کیا۔ اس انتظام سے فیصدی (۵۷) مریض شفا پائے۔ اس کار یالیہ کی جانب سے (۹۰) نعشین اوٹھوائے اور جلوائے گئے۔ منجملہ اون کے (۴۰) نعشون کے لئے اگروال سیوا سمتی کی جانب سے امداد ملی۔ مس پدم جا نائیڈو اور مسٹر پیلے و مس کزن و مسز مالی نے مریضون کی تیمارداری مین بہت دلچسپی لی۔ ہاسپٹل مین (۶۰) بیمار داخل ہوئے جس مین (۵۰) شفا پائے۔ اور مریضون کو بعد شفا پارچہ وغیرہ بھی دیا گیا۔ جو مریض خطرناک حالت مین داخل ہوئے اون کی تعداد (۱۱) تھی جس مین (۶) کا انتقال ہوا۔ اس سپتال مین جیوکشا گیان پرچارک منڈلی سے (۳۰) سیوم سیوک نے کام کیا۔ اس کار یالیا مین پنڈت گیا پرشاد صاحب اور اون کے استری صاحبہ نے شبانہ روز وہان جا کر بیحد محنت اور بیمارون کی تیمارداری کی۔ مسلمانان بلدہ نے بہی اس مصیبت کے زمانہ مین بلحاظ ہمدردی اکثر دواخانے کہولے اور مریضون کا علاج کیا اور ہر طرح سے اس کام مین دلچسپی لی۔

سنہ ۱۳۳۵ف مین بلدہ مین طاعون کی بیماری نمودار ہوئی۔ پنڈت گیا پرشاد صاحب اور دیگر ڈاکٹر صاحبان مذکور الصدر نے مریضون کے گھر جا کر اون کا علاج معالجہ کیا اور دوا اور غذا پہونچائے گئے پنڈت صاحب موصوف نے غیر مستطیع لاشون کو اوٹھوا کر اور جلانے کا انتظام کیا۔ اور بتاریخ ۲۰ ء اپریل سنہ ۱۹۲۶ء روز شنبہ مغرب کے ۷ بجے آریہ سماج مندر واقع رزیڈنسی بازار مین جلسہ ہوکر ڈاکٹرون کو جنہون نے مرض طاعون کی بیماری مین مریضون کے گھر پر جا کر علاج کیا تھا تمغہ دئیے گئے۔

تختہ ولادت وممات ودیگر امراض بلدہ حیدرآباد من ابتدائے سنہ ۱۲۹۹ف لغایتہ سنہ ۱۳۳۴ف

نمبر شمار	سنہ ف	تعداد ولادت	جملہ تعداد ممات	تپ لرزہ	پیچش	چیچک	ہیضہ	طاعون	مسموم	مقتول	غریق	حریق	متفرق حادثات	دیگر امراض
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵
۱	سنہ ۱۲۹۹ف	۴۴۲۱	۵۳۱۳	۳۷۴۵	۳۷۳	۵۵	۵۳	۰	۷	۳	۵۹	۱۱	۲۷	۹۷۹
۲	سنہ ۱۳۰۰ف	۴۹۹۰	۹۰۴۵	۴۳۳۳	۵۹۰	۴۲	۲۵۷۰	۰	۰	۶	۶۱	۶	۲۴	۱۴۱۳
۳	سنہ ۱۳۰۱ف	۴۵۵۹	۶۷۷۳	۴۸۲۴	۴۳۲	۱۲۳	۱۶	۰	۶	۸	۴۴	۱۰	۳۹	۱۲۷۱
۴	سنہ ۱۳۰۲ف	۴۶۳۹	۶۵۳۵	۴۳۹۷	۵۷۲	۱۷۷	۳	۰	۳	۷	۶۶	۸	۵۱	۱۲۵۱
۵	سنہ ۱۳۰۳ف	۴۳۸۵	۸۴۴۹	۴۹۳۹	۵۱۷	۱۷۳	۱۳۰۰	۰	۳	۴	۶۰	۱۴	۲۶	۱۲۱۴
۶	سنہ ۱۳۰۴ف	۴۵۴۹	۷۳۷۰	۴۶۷۵	۵۴۷	۱۶۹	۵۶۴	۰	۱	۶	۵۵	۳	۲۴	۱۳۳۶
۷	سنہ ۱۳۰۵ف	۴۳۵۳	۷۸۲۰	۵۳۵۶	۴۱۷	۵۳۰	۴۳	۰	۶	۱۱	۷۵	۱۰	۳۳	۱۳۲۹
۸	سنہ ۱۳۰۶ف	۵۵۷۹	۸۶۵۶	۴۸۲۶	۶۷۴	۲۳	۱۲۶۵	۰	۳	۵	۵۷	۱۵	۷۴	۱۷۲۳

۹	سنہ ۱۳۰۷ ف	۴۶۰۹	۴۹۸۷	۳۴۹۶	۳۳۵	۱۱	۱۵	۰	۱۳	۵	۴۵	۱۷	۸۳	۹۶۷
۱۰	سنہ ۱۳۰۸ ف	۵۵۹۹	۵۵۳۳	۳۹۳۶	۲۳۳	۱۳۶	۰	۰	۸	۹	۴۵	۱۹	۳۳	۱۰۹۲
۱۱	سنہ ۱۳۰۹ ف	۵۵۶۴	۹۶۴۱	۵۷۵۰	۲۹۰	۲۷۶	۱۳۷۵	۰	۱۱	۴	۴۸	۱۵	۴۷	۱۳۲۵
۱۲	سنہ ۱۳۱۰ ف	۴۳۷۴	۴۸۴۸	۳۶۴۵	۱۹۷	۲	۰	۰	۱۳	۱	۶۴	۱۶	۳۴	۸۶۹
۱۳	سنہ ۱۳۱۱ ف	۴۹۴۸	۵۰۸۹	۳۷۳۳	۱۷۰	۶۷	۱	۰	۸	۳	۳۶	۲۷	۴۲	۱۰۰۰
۱۴	سنہ ۱۳۱۲ ف	۵۰۲۵	۵۳۷۴	۳۰۸۹	۲۱۳	۴۰	۰	۰	۳	۵	۵۷	۲۱	۶۷	۹۷۹
۱۵	سنہ ۱۳۱۳ ف	۵۱۵۶	۵۱۴۷					۰						
۱۶	سنہ ۱۳۱۴ ف	۵۶۰۰	۵۶۵۳	۴۱۴۶	۱۳۹	۱۵۶	۴۲	۰	۶	۱۰	۵۵	۲۲	۴۱	۱۰۳۵
۱۷	سنہ ۱۳۱۵ ف	۴۹۷۰	۷۶۰۴	۴۶۴۰	۳۳۷	۱۸۴	۱۰۱۸	۰	۱۳	۶	۳۲	۳۲	۳۰	۱۳۱۲
۱۸	سنہ ۱۳۱۶ ف	۴۸۷۲	۵۶۹۵	۳۹۳۲	۲۳۳	۱۳۴	۶	۰	۱۰	۹	۶۸	۲۷	۷۳	۱۳۰۳
۱۹	سنہ ۱۳۱۷ ف	۴۵۷۳	۸۴۰۲	۴۹۴۹	۳۱۷	۱۹۳	۹۳۳	۰	۸	۳	۷۶۱	۴۰	۱۱۶	۱۰۸۲

نمبر سلسلہ	سنہ ف	جملہ تعداد ولادت	جملہ تعداد وفات	تپ لرزہ	پیچش	چیچک	ہیضہ	طاعون	مسموم	مقتول	غرق	حریق	متفرق صدمات	دیگر امراض
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵
۲۰	سنہ ۱۳۱۸ف	۳۵۱۰	۵۱۸۶	۳۷۶۸	۱۸۰	۳۹	۱۵۶	۰	۹	۷	۱۱۷	۳۰	۵۰	۷۹۱۴
۲۱	سنہ ۱۳۱۹ف	۴۷۷۸	۵۹۸۹	۴۴۸۹	۱۶۱	۲۸	۲	۰	۱۰	۲۰	۵۶	۳۷	۴۳	۱۱۳۴
۲۲	سنہ ۱۳۲۰ف	۵۰۳۵	۸۳۰۹					۳۱۱						
۲۳	سنہ ۱۳۲۱ف	۳۷۷۵	۲۶۳۳۴	سلہ ۱۹۹۹۶	۱۰۸۰	۹۱	۱۰۸۲	سلہ	۵	۲	۴۷	۲۵	۱۰۳	۳۹۰۳
۲۴	سنہ ۱۳۲۲ف	۴۹۸۸	۶۶۶۷					۰						
۲۵	سنہ ۱۳۲۳ف	۶۳۹۲	۸۵۴۸	۳۶۴۳	۸۰۸	۵۰۹	۶۵	۰	۱۴	۵	۴۷	۳۰	۶۲	۳۳۷۵
۲۶	سنہ ۱۳۲۴ف	۶۵۹۲	۶۴۷۸	۲۶۹۶	۴۴۵	۷	۲۶	۰	۹	۶	۵۲	۳۵	۳۶	۳۱۶۷
۲۷	سنہ ۱۳۲۵ف	۶۹۹۴	۶۴۲۳	۲۸۰۴	۴۶۰	۷	۲	۰	۶	۴	۴۳	۲۳	۷۹	۳۰۰۵

سلہ (۷۰۱۷) نفوس مرض طاعون سے فوت شدہ اس میں شامل ہیں۔

۲۸	سنہ ۱۳۲۶ ف	۵۳۹۲	۲۲۳۱۱	[1] ۱۲۷۴۲	۱۰۲۸	۱۲	۴	[1]	۹	۳	۷۰	۱۵	۲۱	۸۶۲۵
۲۹	سنہ ۱۳۲۷ ف	۵۱۳۳	۱۵۹۵۰	۷۵۹۹	۱۱۶۱	۸۷۱	۴۷۴	۰	۴	۱۲	۵۱	۱۸	۲۲	۵۵۷۸
۳۰	سنہ ۱۳۲۸ ف	۳۶۱۳	۲۴۳۷۰	[2] ۱۶۹۱۰	۱۰۴۳	۱۰۷	۲۸۷	۲۰۸۱	۳	۴	۵۶	۲۷	۴۴	۵۸۸۹
۳۱	سنہ ۱۳۲۹ ف	۵۰۲۲	۱۹۷۵۷	۷۷۷۰	۹۶۷	۱۰۵	۲	۵۳۳۵	۴	۱۰	۶۴	۱۸	۲۱	۵۴۶۱
۳۲	سنہ ۱۳۳۰ ف	۴۴۹۲	۱۳۵۶۷	۵۳۴۲	۷۷۴	۷۱	۱۵۲۳	۲۵۳	۸	۷	۴۳	۲۳	۳۲	۵۴۹۲
۳۳	سنہ ۱۳۳۱ ف	۴۸۲۵	۶۴۸۷	۲۶۰۹	۳۲۱	۱۲	۵	۰	۱۱	۴	۴۴	۴۴	۲۶	۳۴۴۴
۳۴	سنہ ۱۳۳۲ ف	۶۴۵۴	۷۱۲۷	۲۶۵۲	۲۳۹	۳۸۴	۳	۰	۷	۴	۳۱	۱۲	۳۰	۳۷۶۵
۳۵	سنہ ۱۳۳۳ ف	۵۶۰۹	۹۸۹۰	۳۶۰۵	۵۳۲	۳۰	۴	۸۰۰	۱۱	۳	۲۹	۱۶	۲۹	۴۸۳۱
۳۶	سنہ ۱۳۳۴ ف	۴۵۴۵	۱۰۰۷۷	۳۵۸۴	۴۲۲	۴۸	۱	۵۹۷۱	۴	۲	۳۷	۱۸	۲۱	۴۹۵۹

[1] (۵۰۹۳) نفوس مرض طاعون سے فوت شدہ اس میں شامل ہیں۔ [2] مرض انفلوئنزا سے فوت شدہ (۲۳۳۲۰) نفوس اس میں شامل ہیں۔

تختہ خانہ شماری و مردم شماری حدود صفائی بلدہ و چادرگھاٹ من ابتدائے سنہ ۱۲۹۰ف لغایتہ سنہ ۱۳۳۰ف

نمبر سلسلہ	سنہ وغیرہ	جملہ تعداد خانہ شماری			جملہ تعداد مردم شماری			جملہ تعداد ذکور			جملہ تعداد اناث		
		جملہ تعداد	حدود صفائی بلدہ	حدود صفائی چادرگھاٹ	جملہ تعداد	حدود صفائی بلدہ	حدود صفائی چادرگھاٹ	جملہ تعداد	حدود صفائی بلدہ	حدود صفائی چادرگھاٹ	جملہ تعداد	حدود صفائی بلدہ	حدود صفائی چادرگھاٹ
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴
۱	سنہ ۱۲۹۰ف مطابق سنہ ۱۸۸۱ء	۸۴۱۱۲			۳۵۴۹۶۲			۱۸۱۵۲۹			۱۷۲۴۳۲		
۲	سنہ ۱۳۰۰ف مطابق سنہ ۱۸۹۱ء	۶۱۳۰۶	۳۳۸۷۲	۲۷۴۷۳	۳۰۷۵۸۱	۱۸۰۹۵۷	۱۲۶۶۲۴	۲۱۶۳۲۴			۱۹۸۷۱۵		
۳	سنہ ۱۳۱۰ف مطابق سنہ ۱۹۰۱ء	۶۹۱۵۹	۴۳۳۱۹	۲۵۸۴۰	۳۱۸۱۸۰	۱۹۲۸۶۱	۱۲۵۳۱۹	۱۶۳۵۱۹	۹۸۵۲۴	۶۴۹۹۵	۱۵۴۶۶۱	۹۴۳۳۷	۶۰۳۲۴
۴	سنہ ۱۳۲۰ف مطابق سنہ ۱۹۱۱ء	۷۷۶۰۵	۴۵۹۶۹	۳۱۶۳۶	۳۴۶۲۸۱	۲۰۷۴۱۸	۱۳۸۸۶۳	۱۶۷۱۳۸	۱۰۵۳۰۶	۷۰۸۳۲	۱۸۸۱۴۳	۱۲۰۱۱۳	۶۸۰۳۰
۵	سنہ ۱۳۳۰ف مطابق سنہ ۱۹۲۱ء	۷۷۷۵۰	۳۴۶۲۷	۳۳۱۶۹	۲۶۴۳۸۳	۱۳۳۹۸۲	۱۳۰۴۰۱	۱۳۹۶۱۳	۷۲۱۴۵	۶۷۴۶۸	۱۳۴۷۷۰	۷۱۸۳۷	۶۲۹۳۳

نوٹ۔ جو خانے خالی ہیں اون کا مواد مجھکو بدست نہیں ہوا۔

تختہ ولادت و ممات بلدہ و اضلاع ملک سرکار عالی من ابتدائے سنہ ۱۳۲۸ ف لغایۃ سنہ ۱۳۳۳ ف

نشان سلسلہ	سنہ ف	جملہ تعداد ولادت ملک سرکار عالی		جملہ تعداد ممات ملک سرکار عالی		تعداد ممات مرض ملیریا بخار		تعداد ممات مرض چیچک		تعداد ممات مرض پیچش		تعداد ممات مرض پلیگ		تعداد ممات مرض ہیضہ		تعداد ممات مرض دق		تعداد ممات بوجہ دیگر امراض	
		مرد	عورت	مرد	عورت	بلدہ اور اوسکے مضافات	اضلاع	بلدہ اور اوسکے مضافات	اضلاع	بلدہ اور اوسکے مضافات	اضلاع	بلدہ اور اوسکے مضافات	اضلاع	بلدہ اور اوسکے مضافات	اضلاع	بلدہ اور اوسکے مضافات	اضلاع	بلدہ اور اوسکے مضافات	اضلاع
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰
۱	سنہ ۱۳۲۸ ف	مواد دستیاب نہیں ہوا		مواد دستیاب نہیں ہوا		[1] ۲۵۴۹۰	[1] ۳۲۱۴۴۵	۵۵	۱۶۴۸	[1] ۱۴۲۸	[1] ۴۰۱۴	[2] ۲۰۸۱	[2] ۶۰۴۸	۵۵۵	۱۲۴۹۳	[1] ۳۹۱	[1] ۵۶۸	[1] ۱۲۴۴۷	[1] ۱۳۹۴۶
۲	سنہ ۱۳۲۹ ف	،،	،،	،،	،،	۵۲۳۰	۷۷۲۴۲	۳۵	۴۱	[1] ۱۱۹۸	[1] ۹۵۵	[2] ۶۰۴۰	[2] ۱۵۹۳۸	۲۴	۴۶۵	[1] ۴۷۴	[1] ۸۳۸	[1] ۷۸۵۲	[1] ۷۴۴۴
۳	سنہ ۱۳۳۰ ف	۳۷۵۸۳	۴۱۵۸۹	۴۶۲۱۹	۵۷۱۲۳	۹۴۷۵	۷۶۸۴۵	۲۵	۳۵	۷۴۳	۳۳۲۴	[2] ۶۲۹	[2] ۴۹۱۳	۱۵۱۲	۵۳۱۸	۴۴۶	۷۴۹	۷۵۵۱	۱۳۱۶۷
۴	سنہ ۱۳۳۱ ف	۴۱۳۱۰	۳۵۴۸۲	۵۷۶۵۳	۴۸۴۲۸	۵۶۵۵	۷۳۵۰۷	۱۹	۱۲	۴۹۴	۱۱۱۳	۰	۳۸۲۴	۳۶	۲۳۷۵	۲۶۳	۶۰۴	۴۵۰۴	۹۸۸۵
۵	سنہ ۱۳۳۲ ف	۵۸۲۷۳	۵۱۰۳۴	۷۱۹۸۳	۶۳۸۸۱	۵۵۴۷	۷۵۵۳۹	۴۲۷	۴۸	۲۹۴	۱۹۵۹	[2] ۷	[2] ۳۱۱۹	۰	۹۳۵	۲۴۴	۸۰۸	۴۵۰۱	۱۲۵۱۳
۶	سنہ ۱۳۳۳ ف	۵۹۹۰۷	۳۲۳۳۷	۷۵۸۲۳	۶۷۶۷۱	۷۳۶۰	۷۵۴۵۲	۹۶	۱۱۹	۵۱۶	۲۰۵۷	۲۲۰۲	۳۰۶۹۵	۸۳	۳۱۲۷	۳۶۹	۱۰۴۷	۴۶۴۳	۱۳۴۶۴

[1] حسب رپورٹ تحفہ مرتبہ نواب محی الدین یار جنگ بہادر ناظم قحط ۔

[2] بموجب رپورٹ نظم و نسق سرکار عالی ۔

تختہ تعداد ولادت و ممات حدود بلدہ حیدرآباد دکن بابتہ سال سنہ ۱۳۳۴ ف

ولادت					ممات						
اہل اسلام		اہل ہنود		جملہ تعداد از خانہ (۱) تا (۴)	اہل اسلام			اہل ہنود			جملہ تعداد از خانہ (۶) تا خانہ (۱۱)
ذکور	اناث	ذکور	اناث		ذکور	اناث	اطفال	ذکور	اناث	اطفال	
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
۱۲۲۶	۱۰۹۱	۱۱۵۳	۱۰۷۵	۴۵۴۵	۲۷۱۸	۳۱۵۱	۲۰۶۳	۲۶۱۴	۲۵۵۰	۱۹۷۱	۱۵۰۶۷

تختہ تعداد مجنونان بلحاظ پیشہ و قوم ملک سرکار عالی من ابتدائے سنہ ۱۳۳۱ ف لغایۃ سنہ ۱۳۳۳ ف

نشان سلسلہ	سنہ	پیشہ وران									تفصیل اقوام			
		[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	اہل حرفہ	[illegible]	جملہ تعداد			ہندو	مسلمان	عیسائی	دیگر اقوام
								مرد	عورت	جملہ				
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵
۱	سنہ ۱۳۳۱ ف	۱۴	۹	۲	۵	۴	۴۳	۶۳	۱۴	۷۷	۱۵	۴۹	۰	۰
۲	سنہ ۱۳۳۲ ف	۱۷	۲	۳	۲	۳	۵۸	۶۸	۱۶	۸۴	۰	۰	۰	۰
۳	سنہ ۱۳۳۳ ف	۲۳	۹	۶	۵	۲	۵۳	۸۱	۱۷	۹۸	۲۶	۶۰	۱	۱۱

تختہ شیوع مرض طاعون حدود صفائی بلدہ و چادرگھاٹ و مضافات بلدہ من ابتدائے سنہ ۱۳۲۰ ف لغایتہ سنہ ۱۳۳۵ ف

نمبر شمار	نام مقام جہاں سے مرض شروع ہوا	تاریخ شیوع مرض۔	تاریخ شدت و تعداد اموات		تاریخ موقوف مرض۔	تعداد روز جن میں مرض جاری رہا	جملہ تعداد مکانات	جملہ تعداد نفوس
			تاریخ	تعداد اموات جو مرض کی شدت میں ہوئی				
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹
۱	محلہ نام پلی۔	۲۰ مہر سنہ ۱۳۲۰ ف	۱۶ اسفندار سنہ ۱۳۲۱ ف	۳۰۵	اوائل ماہ تیر سنہ ۱۳۲۱ ف	۱۵۳	۱۸۴۷۸	۱۶۹۰۱
۲	محلہ نام پلی۔	۲۴ آبان سنہ ۱۳۲۵ ف	۱۲ اسفندار سنہ ۱۳۲۶ ف	۳۴۰	۲۱ اردی بہشت سنہ ۱۳۲۶ ف	۱۷۴	۱۷۹۰۴	۱۳۲۸۰
۳	بیگم پیٹھ۔	یکم آبان سنہ ۱۳۲۷ ف	۲۳ فروردی سنہ ۱۳۲۸ ف	۳۴	۱۷ اردی بہشت سنہ ۱۳۲۸ ف	۱۸۸	۲۲۱۴	۱۸۳۴
۴	محلہ باؤلی گلاب سنگھ	۹ آذر سنہ ۱۳۲۹ ف	۱۳ فروردی سنہ ۱۳۲۹ ف	۱۵۶	۱۲ خورداد سنہ ۱۳۲۹ ف	۱۹۱	۹۳۳۰	۵۱۴۸
۵	موضع مشکال اطراف بلدہ۔	۱۲ شہریور سنہ ۱۳۲۹ ف	وسط ماہ آبان سنہ ۱۳۲۹ ف	*	۲۱ اردی بہشت سنہ ۱۳۳۰ ف	۲۵۱	۹۴۳	۶۹۴
۶	محلہ محبوب شاہی متصل پتلی برج	۲۸ شہریور سنہ ۱۳۳۳ ف	۱۳ آذر سنہ ۱۳۳۴ ف	۱۱۱	۲۰ اردی بہشت سنہ ۱۳۳۴ ف	۲۳۴	۸۶۴۲	۷۱۱۸
۷	بیگم بازار۔	۱۳ مہر سنہ ۱۳۳۴ ف	۱۵ فروردی سنہ ۱۳۳۵ ف	۷۶	۳ مہر سنہ ۱۳۳۵ ف	۲۹۳	۴۱۸۱	۳۱۵۸

مرض مذکور قطعی طور پر بلدہ سے پاک وصاف نہیں ہوا بلکہ بیرون بلدہ اور اس کے مضافات میں کبھی کبھی ایک دو کیس ہوا کرتے ہیں۔

* اوسط تبلائی گئی ہے لیکن اموات کی صحیح تعداد معلوم نہیں۔

فصل (۷)

احکامات خاص

— مولوی سید خورشید علی صاحب کا عہدہ جو مہتمم دفتر دیوانی تھا ناظم دفتر دیوانی قرار پایا جریدہ ۱۲ اردی بہشت ۱۳۳۳ف جلد (۵۵) ع ۷ صہ ۴۴ -

— وزیعہ فرمان متر شدہ ۱۱ ر جادی الاول ۱۳۴۳ھ حکم شرف صدور پایا کہ آیندہ سے شہر کے تمام دروازے شب مین کھلے رہا کرین - جریدہ ۴ ر اسفندار ۱۳۳۳ف جلد (۵۵) ع ۱۴ جلد ۱۷ جزو اوّل -

— حسب فرمان مصدرہ ۶ ر جادی الثانی ۱۳۴۲ھ مولوی رحمت اللہ صاحب ناظم اعداد و شمار سرکار عالی ناظم قحط مقرر کیے گئے اور موجودہ فرائض کے علاوہ قحط کا کام بھی صاحب موصوف کے تفویض ہوا اور اس کام کے لئے ڈیڑھ سو روپیہ ماہانہ الونس جاری ہوا -

— حسب فرمان متر شدہ ۲۱ ر جادی الاول ۱۳۴۳ھ رخصت اتفاقی کی مدت سال مین (۱۵) یوم مقرر کی گئی اور رخصت کے زمانہ مین جو تعطیل واقع ہو - وہ رخصت اتفاقی مین محسوب ہونے کا حکم ہوگشتی فینانس نشان (۴م) مورخہ ۲ ار بہمن ۱۳۳۰ف کے ذریعہ تعطیلات کو رخصت اتفاقی مین محسوب نہ کرنے کا حکم ہوا تھا وہ منسوخ ہوا -

— جریدہ ۱۰ ر اسفندار ۱۳۳۴ف جلد (۵۶) ع ۱۴ جزو اوّل صہ ۱۵۷ عہدہ دارون کے شرح بھتہ مین ترمیم ہوئی -

— حسب فرمان خداوندی جریدہ ۱۰ ر اسفندار ۱۳۳۴ف جلد (۵۶) ع ۱۵ جزو دوم صہ ۲۷۵ ہمہ قسم کے الونس جو بلا منظوری اعلیحضرت جاری ہوئے ہین مسدود کیے گئے -

— ذریعہ جریدہ ۲۴ ر اسفندار ۱۳۳۴ف جزو اوّل صہ ۲۰۹ ع ۱۷ حکم ہوا کہ صاحب خطاب کے

انتقال کے بعد اون کی اولاد اون خطابات کے مونوگرام کا استعمال نہ کیا کرین -

ــــ حسب جریدہ ۱۰ امرداد ۱۳۲۴ف جلد (۵۶) عــ ۳۲ جزو اوّل صــ ۳۵۹ حکم ہوا کہ یکم شہریور ۱۳۲۴ف سے اشیاء صادر کی خریدی بازار سے نہ کیا جاوے اسٹشنری اسٹور کمپنی دار الطبع سے اشیاء صادرہ دفاتر بلدہ و اضلاع کے لئے طلب کرلیے جایا کرین

ــــ جریدہ ۲۵ بہمن ۱۳۳۵ف جلد (۵۷) عــ ۱۳ صــ ۱۳۰ جزو اوّل محلہ چاکنہ واڑی موقوعہ سمت غربی حوض گوشہ محل بنام معظم جاہی موسوم کیا گیا -

ــــ جریدہ یکم شہریور ۱۳۲۳ف جلد (۵۵) عــ ۳۵ صــ ۳ جزو اوّل - باب حکومت سے باجلاس کونسل حکم ہوا کہ جملہ دفاترین ایکہی وقت ہونا چاہیئے سرمایین (۱۱) سے (۵) بجے تک اور گرما یین (۷) سے (۱۲) بجے تک گرما کے موسم مین صبح کا وقت یکم اردی بہشت سے شروع ہوگا اور یکم امرداد سے دوپہر کے اوقات ہوجایا کرین -

گشتی محکمۂ فینانس نشان (۱-۱) مورخہ ۲۴ امرداد ۱۳۲۳ف -

قیام و شکست دفاتر

بزمانہ نواب میر نظام علیخان آصف جاہ ثانی غفران ماب ۱۲۱۸ھ مین دفتر مال لالہ بہادر کے سپرد ہوا - اور وہ دفتردار مال کے نام سے نامزد ہوئے - اور ایک صدی سے زاید عرصہ تک اوسی خاندان سے اوس دفتر کا تعلق رہا - بزمانہ راجہ شیوراج دہرم ونت بہادر بہ سبب ان کے نابینا ہونے کے انتظام دفتر مال کی غرض سے منجانب سرکار ایک منتظم مقرر کیا گیا تھا - بعدہ بصدارت راجہ اندر کرن بہادر معہ دو اراکین یعنی مولوی فیض الرحمان صاحب جنرل رجسٹرار اور پنڈت کیشوراؤ جی رکن ہائیکورٹ سرکار عالی بغرض انتظام دفتر و اسٹیٹ راجہ صاحب موصوف ایک کمیٹی کا تقرر عمل مین آیا اور ۲۰ رمضان ۱۳۲۳ھ کو راجہ صاحب موصوف کا انتقال ہوا بعد ازان حسب فرمان خسروی مزبینہ

۱۹ ذیحجہ ۱۳۴۳ھ راجہ صاحب متوفی کا دفتر مال حسب تقصفیہ دفتر دیوانی کے مانند سررشتہ فنانس مین منتقل کیا گیا۔ اور ۲۲ ذیحجہ ۱۳۴۳ھ کو دفتر مذکور راجہ صاحب موصوف کی دیوڑہی سے اٹہکر دفتر فنانس مین منتقل ہوگیا۔

بـــ حسب فرمان صادر شدہ ۳۰ رجب ۱۳۴۴ھ دفتر مال کے متعلقہ صیغہ جات مناصب وخطاب ومواہیر وغیرہ بہی دفتر دیوانی سررشتہ فنانس مین منتقل کر لئے گئے ان صیغہ جات کے متعلق آیندہ دفتر دیوانی ومال سرکار عالی سررشتۂ فنانس سرکار عالی سے کارروائی کی جائے گی۔ (جریدہ مورخہ ۲۸ فروردی ۱۳۳۵ف جلد (۵۷) عـــ۲۱)

(فصل ۹)

خلاصہ احکامات جراید غیر معمولی

سلسلہ کے لئے ملاحظہ ہو بستان آصفیہ حصۂ چہارم صـــ۲۷۳

سلطنت ملک سرکار عالی مین جریدہ اعلامیہ ۶ رجب ۱۲۸۶ھ م ۱۹ آذر ۱۲۷۹ف سے ہر دوشنبہ کو شایع ہونا شروع ہوا۔ اس مین سرکاری احکام وتغیر وتبدل عہدہ داران وگشتیات وغیرہ شایع ہوتے ہین اور جو غیر معمولی احکام واہم واقعات ہوتے ہین وہ غیر معمولی جراید مین طبع اور شایع ہوا کرتے ہین۔ اجرائی جریدہ سے ۶ تیر ۱۳۳۵ف تک جو جراید غیر معمولی شایع ہو چکے ہین جن کی جملہ تعداد (۴۷۰) ہے اون کو چار زمانہ مین تقسیم کیا گیا ہے۔ اور ہر زمانہ مین کس نوعیت کے کتنے جراید غیر معمولی شایع ہو چکے ہین وہ تختہ ذیل سے ظاہر ہوگا۔

نشان سلسلہ	نام زمانہ	من ابتدا تا لغایتہ	مجموعی تعداد جراید غیر معمولی	تعداد و نوعیت جراید غیر معمولی						
				انتظامی	تادیبی	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	متفرق
١	٢	٣	۴	۵	۶	۷	۸	۹	١٠	١١
١	کوراجنسی نواب سالار جنگ اعظم۔	١۹ اردی بہشت سنہ ١٢٧۹ ف لغایتہ ٣ فروردی سنہ ١٢۹٢ ف	٢٧	۴	٠	۶	۹	٠	٢	۶
٢	کوراجنسی راجہ راجان راجہ نارائن پرشاد نریندر بہادر پیشکار۔	۴ فروردی سنہ ١٢۹٢ ف لغایتہ ٣١ اسفندار سنہ ١٢۹٣ ف	۹	۵	٠	١	٠	٠	١	٢
٣	اعلیحضرت نواب میر محبوب علیخان غفرانمکان	یکم فروردی سنہ ١٢۹۴ ف لغایتہ ١٢ مہر سنہ ١٣٢٠ ف	١۴۹	٣۵	۵	۶	٢٣	۷	٣٠	۴٣
۴	اعلیحضرت بندگانعالی نواب میر عثمان علیخان بہادر۔	١٣ مہر سنہ ١٣٢٠ ف لغایتہ ۶ تیر سنہ ١٣٣۵ ف	٢٨۵	۶٧	١٣	١١	٣	۶	۹٠	١۴۵

(٢ اسم)۔ جلد (٣۵)، صفحہ (۹٧)، نمبر (٢٨)، مورخہ ٣١ شہریور سنہ ١٣٣٢ ف م ۶ ذیحجہ سنہ ١٣٣١ ھ نظم فرمان بہ تقریب عید الضحیٰ۔

(٣ اسم)۔ جلد (٣۵)، صفحہ (٨١)، نمبر (٢۹)، مورخہ ٢٨ شہریور سنہ ١٣٣٢ ف م ٢٠ ذیحجہ سنہ ١٣٣١ ھ۔ فرمان متعلق بہ صلح ترکی تعطیل عام ایک یوم بتاریخ ٢۹ روز چہارشنبہ۔

(۴ اسم)۔ جلد (٣۵)، صفحہ (٨٣)، نمبر (٣٠)، مورخہ ٧ مہر سنہ ١٣٣٢ ف یکم محرم سنہ ١٣٣٢ ھ فرمان نظم۔ سلام بتقریب ایام اعزا۔

(۵ اسم)۔ جلد (٣۵)، صفحہ (٨۵)، نمبر (٣١)، مورخہ ٣ آبان سنہ ١٣٣٢ ف م ٣ صفر سنہ ١٣٣٢ ھ

بابتہ پیش کردن اعزازی ڈگری سلطان العلوم بارگاہ اعلیحضرت اقدس واعلیٰ منجانب جامعۂ عثمانیہ وتعطیل ایک یوم عام دارالسلطنت بتاریخ ۲۳ ماہ مذکور الیہ ۔

(۴۱۶) ۔ جلد (۵۵) نمبر (۱) یکم آذر ۱۳۳۳ ف م ۲۵ صفر ۱۳۴۲ھ تقرر نواب معین الدولہ بہادر بر خدمت صدر المہامی صیغہ صنعت وحرفت بہ ماہوار اعلےٰ ما حکم ثانی (بعدہٗ حسب جریدۂ غیر معمولی مورخہ ۲۵ بہمن ۱۳۳۴ف ۔ ۴ اسفندار ۱۳۳۴ف کو صدر المہامی مذکور تخفیف کردی گئی اور نواب صاحب موصوف صدر المہام فوج مقرر ہوئے ۔

(۴۱۷) ۔ جلد (۵۵) صفحہ (۳) نمبر (۲) ۹ آذر ۱۳۳۳ف م ۴ ربیع الاول ۱۳۴۲ھ ۔ قطعہ وقصیدہ مصنفۂ اعلیحضرت قدر قدرت ۔

(۴۱۸) ۔ جلد (۵۵) صفحہ (۷) نمبر (۳) ۲۳ آذر ۱۳۳۳ف م ۱۸ ربیع الاول ۱۳۴۲ھ ۔ اڈریس منجانب جامعۂ عثمانیہ متعلق اعزازی ڈگری سلطان العلوم بہ اعلیحضرت وجواب اعلیحضرت درنظم بمقام باغ عامہ ۔

(۴۱۹) ۔ جلد (۵۵) صفحہ (۱۵) نمبر (۴) ۷ دے ۱۳۳۳ف م ۳ ربیع الثانی ۱۳۴۲ھ ۔ عام تعطیل دو یوم بتاریخ ۲۴ نومبر ۱۹۲۳ء بتقریب تشریف آوری لارڈ ریڈنگ ویسرائے ہند (تاریخ تشریف آوری بلدہ ۲۳ نومبر ۱۹۲۳ء روز جمعہ ۔ تاریخ واپسی از بلدہ ۲۵ نومبر الیہ روز یکشنبہ بوقت شب ۔) ۔

(۴۲۰) ۔ جلد (۵۵) صفحہ (۱۷) نمبر (۵) ۱۴ دے ۱۳۳۳ف م ۱۰ ربیع الثانی ۱۳۴۲ھ ۔ اجازت فرستادن چندہ آفت زدگان زلزلہ جاپان بہ امپریل بنک ۔ (تاریخ زلزلہ یکم سپٹمبر ۱۹۲۳ء) ۔

(۴۲۱) جلد (۵۵) صفحہ (۱۹) نمبر (۶) مورخہ ۲۶ دے ۱۳۳۳ف م ۲۲ ربیع الثانی ۱۳۴۲ھ ۔ فرمان متعلق انسداد رشوت ستانی وبددیانتی ملازمین سرکار ۔

(۴۲۲) ۔ جلد (۵۵) صفحہ (۲۳) نمبر (۷) ۲۳ اسفندار ۱۳۳۳ف م ۱۹ جمادی الثانی ۱۳۴۲ھ ۔ فرمان متعلق تقاریب دو صد سالہ حکمرانی سلاطین آصفیہ در دکن واعلان

خودمختاری آصف جاہ اوّل مرحوم ومغفور عام تعطیل ایک یوم ۲۹ رجب ہر سال۔

(۴۲۳) - جلد (۵۵)، صفحہ (۳۵)، نمبر (۸)، مورخہ ۱۵ فروردی سنہ ۱۳۳۳ ف م ۱۱ رجب ۱۳۴۲ھ
ترمیم قواعد نوآبادی وزراعت صحرائے محفوظ وغیر محفوظ۔

(۴۲۴) - جلد (۵۵)، صفحہ (۳۵)، نمبر (۹)، مورخہ ۴ ر اردی بہشت سنہ ۱۳۳۳ ف م غرۂ شعبان سنہ ۱۳۴۲ھ فرمان مبارک معہ اسپیچ اعلیحضرت در دربار یادگار خودمختاری دوصد سالہ بتاریخ ۲۹ ر رجب سنہ ۱۳۴۲ھ۔

(۴۲۵) - جلد (۵۵)، صفحہ (۴۱)، نمبر (۱۰)، مورخہ ۱۹ ر اردی بہشت سنہ ۱۳۳۳ ف م ۱۶ ر شعبان سنہ ۱۳۴۲ھ - فرمان دربارۂ منظوری عام تعطیل سالم ماہ رمضان المبارک جملہ دفاتر ومدارس محکمہ جات ممالک محروسہ سرکار عالی۔

(۴۲۶) - جلد (۵۵)، صفحہ (۴۳)، نمبر (۱۱)، مورخہ ۲۸ ر اردی بہشت سنہ ۱۳۳۳ ف م ۲۵ ر شعبان سنہ ۱۳۴۲ھ - حسب فرمان علیحدگی نواب سر فریدون الملک بہادر از عہدۂ جلیلہ صدارت عظمیٰ وتقرر نواب ولی الدولہ بہادر صدر المہام عدالت (۲ ر آبان سنہ ۱۳۳۱ ف کو نواب سر فریدون الملک بہادر کا خدمت صدارت عظمیٰ پر تقرر ہوا تھا)۔

(۴۲۷) - جلد (۵۵)، صفحہ (۴۵)، نمبر (۱۲)، مورخہ ۱۰ ر تیر سنہ ۱۳۳۳ ف م ۱۰ ر شوال سنہ ۱۳۴۲ھ
تقرر تاریخ ۳ ر جون سنہ ۱۹۲۴ء م ۲۹ ر تیر سنہ الیہ جشن سالگرہ مبارک ہز مجسٹی کنگ امپرر تعطیل ایک یوم عام۔

(۴۲۸) - جلد (۵۵)، صفحہ (۴۷)، نمبر (۱۳)، مورخہ ۱۶ ر تیر سنہ ۱۳۳۳ ف م ۱۶ ر شوال سنہ ۱۳۴۲ھ
فرمان متعلق جلوہ بمقام بیٹر در عشرۂ شریف گزشتہ۔

(۴۲۹) - جلد (۵۵)، صفحہ (۴۹)، نمبر (۱۴)، مورخہ ۱۶ ر امرداد سنہ ۱۳۳۳ ف م ۱۷ ر ذیقعدہ ۱۳۴۲ھ
اجرائی سہ صد پونڈ ماہانہ بنام معزول خلیفہ عبدالمجید خان تاحیات۔

(۴۳۰) - جلد (۵۵)، صفحہ (۵۱)، نمبر (۱۵)، مورخہ ۵ ر شہریور سنہ ۱۳۳۳ ف م ۵ ر ذی الحجہ ۱۳۴۲ھ

فرمان ترجمہ ٹیلیگرام خلیفہ عبدالمجید خان صاحب (معزول خلیفہ) ۔ بہ اظہار شکریہ اعانت ۔

(۴۳۱) ۔ جلد (۵۵) صفحہ (۵۳) نمبر (۱۶) مورخہ ۲۸ شہریور ۱۳۳۳ف م غرہ محرم ۱۳۴۳ھ ۔

فرمان ۔ اشعار بتقریب ایام عزا ۔ مصنفہ اعلیحضرت ۔

(۴۳۲) جلد (۵۵) صفحہ (۵۷) نمبر (۱۷) مورخہ ۱۳ مہر ۱۳۳۳ف م ۱۷ محرم ۱۳۴۳ھ

فرمان متعلق ہنگامہ گلبرگہ تعیناتی فوج معہ مشین گن بر مختلف مقامات ۔ (تاریخ فساد ہندو و مسلمان بجدیول شرن بسیا ۔ ۱۰ محرم ۱۳۴۳ھ روز سہ شنبہ ۔) ۔

(۴۳۳) ۔ جلد (۵۵) صفحہ (۶۱) نمبر (۱۸) مورخہ ۱۹ مہر ۱۳۳۳ف م ۲۳ محرم ۱۳۴۳ھ

فرمان متعلق تحقیق وغیرہ حادثۂ گلبرگہ ۔

(۴۳۴) ۔ جلد (۵۵) صفحہ (۶۳) نمبر (۱۹) مورخہ ۲۲ مہر ۱۳۳۳ف م ۲۶ محرم ۱۳۴۳ھ

فرمان متعلق مجالس میلاد شریف ۔

(۴۳۵) ۔ جلد (۵۵) صـ ۶۷ نمبر (۲۰) مورخہ ۲۴ مہر ۱۳۳۳ف م ۲۸ محرم ۱۳۴۳ھ

فرمان متعلق حادثۂ گلبرگہ ۔

(۴۳۶) ۔ جلد (۵۵) صـ ۷۱ نمبر (۲۱) مورخہ ۲۵ مہر ۱۳۳۳ف م ۲۹ محرم ۱۳۴۳ھ ۔ فرمان ممانعت خرافات بر موقع میلاد نبی صلعم در اضلاع ۔

(۴۳۷) ۔ جلد (۵۵) صفحہ (۷۳) نمبر (۲۲) مورخہ ۲ آبان ۱۳۳۳ف م ۷ صفر ۱۳۴۳ھ ۔

دربارۂ امتناع مرغ بازی و تیتر بازی ۔

(۴۳۸) ۔ جلد (۵۵) صفحہ (۷۵) نمبر (۲۳) مورخہ ۲۲ آبان ۱۳۳۳ف م ۲۷ صفر ۱۳۴۳ھ

ترجمہ خط قلمی سلطان عبدالمجید خان معزول خلیفہ موسوم اعلیحضرت ۔

(۴۳۹) ۔ جلد (۵۵) صفحہ (۷۹) نمبر (۲۴) مورخہ ۲۶ آبان ۱۳۳۳ف م غرہ ربیع الاول ۱۳۴۳ھ

قیام جدید والنٹیر کور ۔

(۴۴۰) ۔ جلد (۵۵) صـ ۸۱ نمبر (۲۵) مورخہ ۲۷ آبان ۱۳۳۳ف م ۲ ربیع الاول ۱۳۴۳ھ ۔

اشعار مصنفہ اعلیحضرت بہ تقریب میلاد النبی۔

(۱۴۴) جلد (۵۶) صفحہ (۱) نمبر (۱) مورخہ ۱۱ر آذر ۱۳۳۲ف م ۶ار ربیع الاول ۱۳۴۲ھ۔ فرمان متعلق نظام حفظان صحت برائے اندفاع امراض متعدی۔

(۲۴۴) جلد (۵۶) صفحہ ۳ نمبر (۲) مورخہ ۴ر دے ۱۳۳۲ف م ۱۰ر ربیع الثانی ۱۳۴۲ھ۔ فرمان محکمہ جات سرکاری میں کام سرعت سے چلنے اور عہدہ داروں کے پابندی وقت کے حاضر ہو کر تندہی سے جلد بلا تعویق اپنی خدمت بجالانے۔

(۳۴۴) جلد (۵۶) صفحہ ۷۔ نمبر ۳۔ مورخہ ۱۸ر بہمن ۱۳۳۲ف م ۲۴ر جمادی الاول ۱۳۴۲ھ۔ فرمان۔ تقرر صدر نظار مال امتحاناً برائے دو سال بصراحت فرائض (۱) مولوی محمد علی صاحب (بعد ظیفہ یاب خدمت ناظم پولیس) براورنگ آباد وگلبرگہ اضلاع ومرہٹواڑی۔ (۲) مولوی سعادت خاں صاحب (وظیفہ یاب) بریدک واضلاع تلنگانہ۔

(۴۴۴) جلد (۵۶) صفحہ (۱۱) نمبر ۴۔ مورخہ ۱۸ر بہمن ۱۳۳۲ف م ۲۴ر جمادی الاول ۱۳۴۲ھ۔ فرمان۔ تقرر ذوالقدر جنگ جج ہائیکورٹ بر نظامت پولیس اضلاع بجائے محمد علی وتقرر ہاشم معز الدین سیشن جج گلبرگہ بجائے ذوالقدر جنگ و ناظر الدین حسن بجائے ہاشم معز الدین ادیب یار جنگ ناظم دار القضاء بلدہ وتقرر غازی الدین احمد بجائے ادیب یار جنگ من ابتدائے غرہ رجب ۱۳۴۲ھ۔

(۵۴۴) جلد (۵۶) صفحہ ۱۳۔ نمبر ۵۔ مورخہ ۱۹ر بہمن ۱۳۳۲ف م ۲۵ر جمادی الاول ۱۳۴۲ھ۔ تقرر غلام احمد خاں اول تعلقدار بجائے سید احمد قادری تعلقدار کریمنگر بعد ختم توسیع عطالت ۸ار اردیبہشت ۱۳۳۳ف وتقرر ملک یار جنگ دوم تعلقدار بر نگرانی ستان گدوال من ابتدائے غرہ رجب زیر نگرانی کورٹ آف وارڈس۔

(۶۴۴) جلد (۵۶) صفحہ ۱۵ نمبر (۶) مورخہ ۲۳ر بہمن ۱۳۳۲ف م ۲۹ر جمادی الاول ۱۳۴۲ھ۔ تقرر کمیشن بغرض انسداد کشیدگی ہنود و اہل اسلام۔ در تقاریب مذہبی ہنود۔

(۷۴۴) جلد (۵۶) صفحہ ۱۹۔ نمبر ۷۔ مورخہ ۲۵ر بہمن ۱۳۳۲ف م غرہ جمادی الثانی ۱۳۴۲ھ۔

سبکدوشی رائے مرلیدھر صاحب از صدر المہامی مال و تقرر تلاوت جنگ بہادر از غرہ رجب ۱۳۴۳ھ و نواب لطف الدولہ بہادر برصدر المہامی تعمیرات و تقرر معین الدولہ بہادر برصدر المہامی فوج ۔ و تخفیف صدر المہامی صنعت و حرفت ۔

(۴۴۸) جلد (۵۶) صفحہ ۲۱ - نمبر (۸) مورخہ ۲۸ بہمن ۱۳۳۴ف م ۴ جمادی الثانی ۱۳۴۳ھ - فرمان انسلام سمستان گمہوال - التوائے بحالی سمستان ۔

(۴۴۹) جلد (۵۶) صفحہ ۲۳ - نمبر (۹) مورخہ یکم اسفندار ۱۳۳۴ف م ۷ جمادی الثانی ۱۳۴۳ھ - فرمان متعلق ترمیم دو اغدو ذی مناز گلبرگہ ۔

(۴۵۰) جلد (۵۶) صفحہ ۲۸ - نمبر (۱۰) مورخہ ۸ اسفندار ۱۳۳۴ف م ۱۴ جمادی الثانی ۱۳۴۳ھ - فرمان متعلق ضلائی ڈنر بتقریب سالگرہ مبارک ۔ و افتتاح نمائش و مسجد باغ عامہ ۔

(۴۵۱) جلد (۵۶) صفحہ ۲۹ - نمبر (۱۱) مورخہ ۲۳ اسفندار ۱۳۳۴ف م ۲۹ جمادی الثانی ۱۳۴۳ھ - فرمان - مزید توسیع ایکسال در ملازمت مسٹر کرافورڈ ڈپٹی انسپکٹر جنرل من ابتدائے جولائی ۱۹۲۵ء (۲) بحالی مولوی محمد علی صاحب تاحکم ثانی برحالت موجودہ نظامت کوتوالی اضلاع (۳) اور تاعلحدگی مولوی محمد علی صاحب از عہدۂ نظامت کوتوالی - تقرر محی الدین علی خاں صاحب برصدر نظامت مال اضلاع (جن کو علاوہ وظیفہ الـ (صہ) اضافہ دیا جائیگا) (۴) بجائے نواب ذوالقدر جنگ (تا علحدگی مولوی محمد علی صاحب) برخدمت سابقہ رکنیت مجلس عالیہ عدالت (۵) تا خلوئے جائے معمولی تقرر لاشم معز الدین صاحب بہ حیثیت زاید جج ۔

(۴۵۲) جلد (۵۶) صفحہ ۳۱ - نمبر ۱۲ - مورخہ ۲۸ اسفندار ۱۳۳۴ف م ۵ رجب ۱۳۴۳ھ تقرر کمیٹی بغرض تحقیقات و دریافت عرضی رعایا ورنگل نسبت زمینات نوآبادی موقوعہ ورنگل ۔

(۴۵۳) جلد (۵۶) صفحہ ۳۴ - نمبر ۱۳ - مورخہ ۲۲ اردی بہشت ۱۳۳۴ف م غرہ رمضان ۱۳۴۳ھ - فرمان متعلق معاشہائے زیر نگرانی سرکار گرفتہ شدہ بربنا مخبری تا ختم تحقیقات ۔

(۴۵۴) جلد (۵۶) صفحہ ۳۵ - نمبر ۱۴ - مورخہ ۲۲ اردی بہشت ۱۳۳۴ف م غرہ رمضان ۱۳۴۳ھ -

متعلق تخفیف مصارف محکمہ جات سیول (نسکایت جز معاش بوجہ کمی ماہوارات)۔

(۴۵۶) جلد (۵۶) صفحہ ۴۱ نمبر (۱۶) مورخہ ۲۲ اردی بہشت ۱۳۲۴ ف م غرۂ رمضان ۱۳۴۳ھ۔ استفسار بڑی محکمہ جات انداشر تخفیف و محدود دیوں تخفیف در سیول محکمہ جات بحد واجبی۔

(۴۵۷) جلد (۵۶) صفحہ ۴۳ نمبر (۱۷) مورخہ ۲۰ خورداد ۱۳۲۴ ف م ۳۰ رمضان ۱۳۴۳ھ۔ بڑے تعطیلات میں عہدہ داران مال و عدالت وجمیع صیغہ جات ترک مستقر نہ کریں۔

(۴۵۸) جلد (۵۶) صفحہ ۴۵ نمبر ۱۸ مورخہ ۲۰ خورداد ۱۳۲۴ ف م ۳۰ رمضان ۱۳۴۳ھ تعطیل جشن سالگرہ کنگ امپرر بتاریخ ۲۹ تیر ۱۳۲۴ ف۔

(۴۵۹) جلد (۵۶) صفحہ ۴۷ نمبر ۱۹ مورخہ ۶ تیر ۱۳۲۴ ف م ۱۰ شوال ۱۳۴۳ھ موقوفی پیش کشی نذر سالگرہ منجانب رعایا۔

(۴۶۰) جلد (۵۶) صفحہ ۴۹ نمبر ۲۰ مورخہ ۷ شہریور ۱۳۲۴ ف م یکم محرم ۱۳۴۴ھ۔ کلام حضرت بتقریب ایام عزا۔

(۴۶۱) جلد (۵۶) صفحہ (۵۳) نمبر ۲۱ مورخہ ۱۶ آبان ۱۳۳۴ ف م ۲ ربیع الاول ۱۳۴۴ھ۔ اشعار حضرت اعلحضرت قدر قدرت بہ تقریب میلاد النبی۔

(۴۶۲) جلد (۵۷) صفحہ ۱ نمبر ۱ مورخہ ۱۴ آذر ۱۳۳۵ ف م ۳۰ ربیع الاول ۱۳۴۴ھ تعطیل عام در سوگواری وفات منجھلی صاحبزادی صاحبہ بتاریخ ۲۹ ربیع الثانی ۱۳۴۴ھ (تاریخ ولادت ۸ ربیع الاول ۱۳۱۴ھ وفات ۳۰ ربیع الاول ۱۳۴۴ھ)۔

(۴۶۳) جلد (۵۷) صفحہ ۳ نمبر ۲ مورخہ ۲۰ آذر ۱۳۳۵ ف م ۶ ربیع الثانی ۱۳۴۴ھ فرمان مبارک۔ بپاداش گستاخی و اظہار خیالات بدخواہانہ نسبت رئیس وقت منجانب سکندرالدین خاں و رحیم الدین خاں فرزند امام جنگ مرحوم۔ ان کے نسبت یہ تجویز کی گئی ہے کہ جو وقت زمانہ آیندہ میں خورشید جاہی کے پائیگاہ سے ان کے جائز ورثار کے حقوق کا تصفیہ ہوگا اُسوقت رحیم الدین خاں کو بہ حیثیت فرزند جو کچھ حصہ ملنا چاہیئے اُس کو گورنمنٹ ضبط و زیر نگرانی پائیگاہ رکھے گی تا آنکہ رئیس وقت کو

کوئی خاص ایسی وجہ آئندہ نہ پائے جائیں جس سے نظرثانی ممکن ہوسکے۔

(۴۶۴) جلد (۵۷) صفحہ ۷ نمبر ۳ مورخہ ۲۱ آذر ۱۳۳۵ف م ۷ ربیع الثانی ۱۳۴۴ھ۔ شکریہ اعلیحضرت برادائی مراسم تجویز تحقین منجھلی صاحبزادی صاحبہ۔

(۴۶۵) جلد (۵۷) صفحہ ۹۔ نمبر ۴۔ مورخہ ۲۰ آذر ۱۳۳۵ف م ۶ ربیع الثانی ۱۳۴۴ھ۔ بوجہ مزاحمت سکندرالدین خاں و رحیم الدین خاں ددالدہ نشان برقت مہر و تورہ بر ملک داملاک امام جنگ مرحوم (جو ۳۔ ۵۔ لاکھ سے کم نہ تھی) بغرض حفاظت حقوق دیگر ورثا یہ تجویز کی گئی۔ کہ جسوقت خورشید جا مرحوم کے پائیگاہ کے حصص کا تصفیہ گورنمنٹ کرے گی اُس وقت اسقدر تخمینہ کے موافق ان دونوں کے حصص میں سے منہا کرے تاکہ دوسرے ورثا جو محروم رہ گئے ہیں اُن کے حقوق کی بجائی ہوسکے

(۴۶۶) جلد (۵۷) صفحہ ۱۲ نمبر ۵۔ مورخہ ۱۰ اردی ۱۳۳۵ف م ۲۶ ربیع الثانی ۱۳۴۴ھ بوجہ وقوع سانحہ جانکاہ منجھلی صاحبزادی صاحبہ و قیام مراسم سوگ ششماہ (تا ماہ رمضان) اس سال امور متعلق سالگرہ یعنے فوجی پریڈ۔ نمایش باغ عامہ سب موقوف رہیں گے۔ البتہ عیدالفطر کے دن باشندگان دارالسلطنت کے نذور خاموشی کے ساتھ پیش ہوسکیں گے۔ (۱۱ بجے سے مغرب تک) زنانہ میں خانگی طور پر مراسم گرہ ادا ہوگی۔


(۴۶۷) جلد (۵۷) صفحہ ۱۳۔ نمبر ۶۔ مورخہ ۴ اردی ۱۳۳۵ف م ۱۱ جمادی الاول ۱۳۴۴ھ۔ عطائے تعطیل ایک یوم بتاریخ ۲۹۔ نومبر ۱۹۲۵ء درتعزیت انتقال والدۂ ہز مجسٹی کنگ امپرر (کوئین الیگزنڈرا) بہ دفاتر واقع دارالسلطنت و مدارس۔ (تاریخ ولادت یکم ڈسمبر ۱۸۴۴ء و تاریخ شادی ۱۰ مارچ ۱۸۶۳ء و وفات ۲۰۔ نومبر ۱۹۲۵ء)

(۴۶۸) جلد (۵۷) صفحہ ۱۵ نمبر ۷۔ مورخہ ۲۹ فروردی ۱۳۳۵ف م ۱۶ شعبان ۱۳۴۴ھ دربارۂ منظوری تعطیل تمام ماہ صیام تمام ماہ سال حال وسال آیندہ۔

(۴۶۹) جلد (۵۷) صفحہ ۱۷۔ نمبر ۸۔ مورخہ ۲۸ خورداد ۱۳۳۵ف م ۱۹ شوال ۱۳۴۴ھ۔ تقریب جشن سالگرہ ہز مجسٹی کنگ امپرر بتاریخ ۵۔ جون ۱۹۲۶ء م ۳۱ تیر ۱۳۳۵ھ روز شنبہ وعطائے تعطیل

ودم ایک یوم۔

(۱۰۷۸م) جریدہ جلد (۵۰) نمبر ۹ صفحہ ۲۰ مورخہ ۶ تیر ۱۳۲۵ف م ۲۰ شوال ۱۳۴۳ھ متعلق ممانعت بہ عہدہ داران برائے حقہ و چپٹہ سگریٹ و استعمال ٹوپی ترکی و انگریزی اور پہنے ہوئے برسر اجلاس و ممانعت سخت کلامی با وکلا و غیرہ اور تاکید برائے دستار منصبداری و شیروانی۔



ضمیمہ

ضمیمہ کتاب ہذا باب اول فصل (٣) صفحہ (٢٦) عطیہ یکشت از پیشگاہ اعلحضرت قدر قدرت
سـ وسط ماہ ربیع الثانی سنہ ١٣٤٤ف ۔ مولوی سید ابراہیم صاحب عفو کے تصنیف کی طبع کے لئے
ایکہزار روپیہ ایکشت دینے کے لئے سرکار سے منظوری ہوئی۔
سـ آخر ماہ جمادی الاول سنہ ١٣٤٤ف مصیبت زدگان دمشق کی امداد کے لئے دو ہزار
پونڈ کی منظوری شرف الصدور لایا۔
ضمیمہ کتاب ہذا باب اول فصل (٣) صفحہ (٣٨) اجرائی ماہوار از پیشی حضرت اقدس و اعلیٰ ۔
سـ اوایل ماہ جمادی الاول سنہ ١٣٤٤ف انجمن اسلامیہ دوسہوتیہ (ضلع ہوشیار پور پنجاب)
